



عرقیات سے علاج

(عرق پرکاش)



راؤ کرشن چندر وید



جدید مکتبۂ دانیال



MD MUSTAFA

میرے والد والدہ

کے لئے دعائے مغفرت کریں

اور آپ حضرات اپنی دعاؤں میں

مجھ خاکسار کو بھی یاد رکھیں

آمین ثم آمین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرق پرکاش

(اکسیر ویدک)

مصنف


راؤ کرشن چندر وید

حسب فرمائش

حکیم حافظ مشتاق احمد چاچڑ

ترتیب — عرقیات

امراض اور علاج



عرقیات

عرق کئی معنی میں بولا جاتا ہے۔ کسی بوٹی کے پانی کو جو کوٹ اور نچوڑ کر نکالا جائے عرق کہا جاتا ہے۔ عرق پسینہ کو بھی کہتے ہیں لیکن یہاں عرق سے مراد اُس صاف اور معطر پانی سے ہے جو بذریعہ عمل تقطیر اُڑایا جاتا ہے اور پسینہ کی طرح قطرہ قطرہ اکٹھا کیا جاتا ہے اور دواؤں کو پانی میں ڈال کر بذریعہ قرع انبیق یا دیگ بھبکا کشید کیا جاتا ہے۔ عرق نکالنے کے لئے طریقے ہیں۔

''قرع انبیق'' سے عرق کشید کرنا:

اس آلہ کا استعمال معمولی قسم کی غیر معطر ادویہ کے عرق کشید کرتے وقت کیا جاتا ہے۔ خوشبودار اور قیمتی ادویہ مثلاً کیوڑہ' گلاب' بید مشک' عنبر کستوری' زعفران اور پھولوں کے عرقیات قرع انبیق سے نکالنا اچھا نہیں کیونکہ اس سے بھاپ ضائع ہوتی رہتی ہے اور عرق بھی کم نکلتا ہے اور خوشبو کی حفاظت نہیں ہو سکتی اور اس طرح کشید کیا ہوا عرق جلد خراب ہو جاتا ہے۔

''قرع'' وہ برتن ہے جو چولہے پر رکھا جاتا ہے اور اس میں دوائیں اور پانی بھر دیا جاتا ہے اور جو قرع کے آدھا حصے تک ہونا چاہئے۔

''انبیق'' ایک مخصوص قسم کا گنبد نما برتن ہوتا ہے جو ایک سرپوش پردے کے ذریعے دو حصوں میں بٹا ہوا ہوتا ہے اور ہر حصہ میں ایک ٹونٹی ہوتی ہے۔ انبیق کو قرع یا دیگ پر رکھ دیا جاتا ہے۔ بالائی گنبد نما حصہ میں سرد پانی بھر دیا جاتا ہے جس کی وجہ سے گرم بخارات ٹھنڈے ہو کر عرق بن جاتے ہیں اور جب اوپر کا پانی گرم ہو جاتا ہے تو اس پانی کو اوپر کی ٹونٹی کے ذریعے گرم پانی کو نکال دیا جاتا ہے۔

اور گنبد کے نیچے کی ٹونٹی سے بھاپ پانی کی شکل اختیار کر کے نچلی ٹونٹی سے دیگ کے باہر عرق آتا ہے اور ٹونٹی کے نیچے ایک صاف ستھرا برتن رکھ دیا جاتا ہے جس کو قابلہ کہا جاتا ہے اس میں عرق جمع ہوتا جاتا ہے۔

دوسرا طریقہ یعنی حمام ناریہ:

ایک بڑی کڑھائی میں پانی بھر کر اس کے درمیان دوا کا برتن (قرع) رکھ دیا جاتا ہے لیکن کڑاہی میں پہلے قرع رکھنے کے لئے تین اینٹیں یا لوہے چولہا رکھ دیا جاتا ہے اور قرع کے اوپر انبیق رکھ کر حسب معمول عرق کشید کیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ زیادہ بہتر اس لئے ہے کہ اس سے بھاپ کے ذریعے عرق نکلتا ہے جس میں ادویہ کے جلنے کا ڈر نہیں رہتا۔ پہلے طریقہ اور دوسرے طریقہ میں سوائے بھاپ بنانے کے لئے کڑاہی میں پانی بھرنے کے کوئی فرق نہیں ہے۔

تیسرا طریقہ' نل بھبکا:

دیگ پر ڈھکنے کے لئے محدب لیکن اوتھلا سرپوش بنایا جاتا ہے جس کے اوپر نل لگانے کے لئے ایک سوراخ ہوتا ہے جس میں نل لگا دیا جاتا ہے۔ یہ نل ایک طرف سرپوش سے جڑا ہوتا ہے اور دوسرا سرا قابلہ کے اندر ہوتا ہے اور قابلہ یعنی جس میں عرق جمع ہوتا ہے' ایک ٹب کے اندر ٹھنڈے پانی میں رکھا جاتا ہے۔ نل اور دیگ کے سرپوش کی درز کو ملتانی مٹی سے بند کر دیں اور قابلہ کے منہ کو بھی ملتانی مٹی سے اچھی طرح بند کر دیں۔ دیگ کے نیچے ہلکی آنچ جلائیں تا کہ دواؤں میں جوش پیدا نہ ہو اور دیگ کے اندر دوائیں ڈال دی جاتی ہیں۔ دیگ آدھے سے زیادہ خالی ہونی چاہئے۔

عرق نکالتے وقت نل و دیگ کے جوڑ سے خوشبو آتی ہو اور دواؤں کے جوشاندہ کی خوشبو ہو تو دیگ کو کھول کر دوبارہ جوڑا جائے۔ چند بار کے تجربہ سے آگ کی مقدار معلوم ہو جاتی ہے۔ بھاپ جتنی مدہم ہوگی' عرق اتنا ہی عمدہ اور تیز ہوگا۔

چوتھا طریقہ لوبلی:

یہ قرع انبیق کا طریقہ ہے جو عرق والی نالی کے آخری سرا پر پیچ دار نالی لگا دی جاتی ہے اور پیچ دار حصہ کو ایک ٹھنڈے پانی کے برتن سے گزار دیا جاتا ہے اور اس کے آخری سرے پر قابلہ رکھ دیا جاتا ہے تا کہ عرق جمع ہوتا رہے۔ اس طریقہ سے بھاپ کا زیادہ سے زیادہ حصہ عرق میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

پانچواں طریقہ:

عرق نکالنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ جس دوا کا عرق نکالنا ہو اس کو پہلے اتنے پانی میں بھگوئیں کہ وہ پانی دوا میں جذب ہو جائے۔ پھر کٹورے یا پیالے پر ایک کپڑا باندھ دیں اور پیالے یا کٹورے کے کنارے پر آٹا یا مٹی کا کڑا سا بنا دیں اور کپڑے پر دوائیں پھیلا دیں اور دوائیں پھیلا کر اس پر توا رکھیں اور توے پر کوئلے سلگا دیں۔ توے کی گرمی سے جو بخارات اُٹھیں گے وہ نیچے ٹھنڈے کٹورے سے لگ کر پانی بن جائے گا۔ اس طریقہ سے اگرچہ تھوڑا سا عرق نکلے گا لیکن وہ زیادہ تیز ہو گا۔

چھٹا طریقہ:

ایک طریقہ عرق کشید کا یہ بھی ہے کہ دواؤں کو اوپر کے طریقہ کی طرح پانی میں بھگو دیں اور دیگ کے درمیان میں ایک اینٹ کھڑی کر کے اس کے چاروں طرف دوا کو پھیلائیں اور اینٹ کے سرے پر ایک تام چینی کا پیالہ رکھیں اور دیگچی کو سرپوش سے ڈھانک کر درزوں کو آٹے یا ملتانی سے بند کر دیں اور سرپوش کی گہرائی میں پانی بھر دیں اور دیگچی کے نیچے ہلکی آنچ جلائیں۔ گیلی دوا سے جو بخارات اُٹھیں گے وہ سرپوش کے ٹھنڈے پانی کی وجہ سے سرد ہو کر قطرہ قطرہ پیالے میں گر کر جمع ہو جائیں گے۔ پانی گرم ہونے پر نیا اور سرد پانی ڈالتے رہیں۔ اس طریقے کا نام گربھ جنتر یا طریق حبلی ہے۔

ساتواں طریقہ:

اس طریقہ سے عرق نکالنے سے اُبال نہیں آتا۔ اس طریقہ میں انبیق کی اس نالی جس سے عرق گزرتا ہے ایک ٹین کا ڈبہ بنا دیا جاتا ہے۔ پانی گرم ہونے پر بھاپ اس دوا سے ہو کر اور دوا کے اثرات لے کر بھاپ کی شکل اختیار کر کے قابلہ میں جمع ہو جاتی ہے۔

عرق نکالنے کا آٹھواں طریقہ:

(یعنی گربھ جنتر کا دوسرا طریقہ)

ایک دیگ میں دوائیں اور پانی بھر دیں اور دیگ کے منہ کے اوپر ایک پیالہ جس کا پیندا ٹوٹا ہوا ہو اور وہ صرف گول حلقہ سا ہو اس کے اوپر ایک لکڑی کی گھڑنچی رکھ کر اس کے اوپر ایک پیالہ رکھیں اور اس پیالے کے اندر عرق جمع ہو گا۔ پھر بغیر پیندے کے

پیالے کے اوپر ایک پیندے والا پیالہ رکھ کر سب درزوں کو مٹی یا آٹے سے بند کر دیں۔ پیالہ میں پانی بھر دیں اور دیگ کے نیچے ہلکی آنچ جلائیں تاکہ دواؤں کی بھاپ بغیر پیندے والے حلقے سے گزر کر اور پانی سے سرد ہو کر عرق پیالہ میں جمع ہو گا۔ گرم پانی بدلتے رہیں اس طریقہ سے جوش کا خطرہ نہیں رہتا۔

نواں تیز عرق نکالنے کا طریقہ:

دو مٹی کے گھڑے لے کر ان کے درمیان سب سے بڑے قطر میں ایک سوراخ نکال دیں اور ایک گھڑے میں ادویہ اور پانی ایک چوتھائی گھڑے میں بھر کر سرپوش سے گھڑے کو بند کر دیں اور آٹا یا مٹی سے درزیں اچھی طرح بند کر دیں اور دونوں گھڑوں کے درمیانی سوراخ میں ایک موٹے بانس کی ایک یا ڈیڑھ فٹ نالی کو پھنسا کر اس کی درز کو بھی مٹی یا آٹے سے بند کر دیں اور خالی گھڑے جس میں عرق جمع ہو گا' کے منہ پر ڈھکنا رکھ کر منہ مٹی یا آٹے سے بند کر دیں اور خالی گھڑے کو ایک ناند میں رکھ کر سا میں پانی بھر دیں اور دوائیوں والے گھڑے کے نیچے ہلکی آگ جلائیں تاکہ اس کا عرق نکل کر خالی گھڑے میں جمع ہوتا رہے۔ ناند کا پانی گرم ہو جائے تو اسے سرد پانی سے بدل دیں تاکہ عرق اچھا نکلے۔

دسواں طریقہ تیزاب یا تیز عرق نکالنے کا:

دو بڑے گھڑے لے کر ایک گھڑے میں دوائی ڈالیں اور پانی ڈالیں جو گھڑے سے 1/8 ہوں اور دوسرا خالی گھڑا دونوں کا منہ اچھی طرح بند کر دیں اور درز کو آٹے یا مٹی سے اچھی طرح بند کرنے کے بعد دونوں کو آڑے طور پر رکھیں۔ ایک چولھا بنائیں اور چولھے کے برابر اینٹیں رکھ کر خالی گھڑے کے لئے ایک اور چولھا بنائیں اور دونوں گھڑوں کو آڑے طور پر چولھے پر رکھیں اور دواؤں والے گھڑے کے نیچے ہلکی آنچ جلائیں اور خالی گھڑے پر سرد پانی سے کپڑا بھگو کر بار بار رکھیں تاکہ بخارات ٹھنڈے ہو کر عرق بن کر خالی گھڑے میں جمع ہو جائیں۔

عام طور پر قرع انبیق یا تل بھبکا سے عرق اچھا اور بخوبی نکالا جاتا ہے۔ باقی طریقے کم مروج ہیں۔

دواء و پانی کی مقدار

مختلف قسم کے طریقوں میں پانی کی مقدار علیحدہ علیحدہ ہوتی ہے لیکن عام سادہ عرق بناتے ہوئے اگر خشک دوائیں اڑھائی سوگرام ہوں تو اس میں چار سے پانچ کلو پانی ڈالا جاتا ہے اور عرق پانی سے آدھا یعنی دو اڑھائی کلو نکالنا چاہئے۔ عرق نکالتے وقت مندرجہ ذیل باتوں کا دھیان رکھیں۔

خاص نوٹ:

-1 جن ادویہ کے جوہر موثرہ میں لطافت اور اُڑنے کی صلاحیت ہی نہ ہو ان کا عرق نکالنا فوائد کے لحاظ سے بے کار ہے۔ اُس پر غور فرمایا جائے خواہ وہ کسی بڑے سے بڑے طبیب نے لکھا ہو مثلاً عرق عناب' عرق فواکہ' عرق افسنتین' عرق ہلیلہ جات' عرق ماء اللحم' عرق عشبہ' عرق شاہترہ' عرق چوب چینی' عرق مکو' عرق کاسنی' عرق ماء الجبن' نیم' چرائتہ' گلو وغیرہ۔

کڑوی چیزیں مثلاً افسنتین' نیم' چرائتہ' گلو وغیرہ میں جوہر تلخ جو دراصل جوہر موثرہ ہے۔ اس کی تلخی اگر عرق میں نہیں آتی تو ہم کیسے اُمید کر سکتے ہیں کہ وہ عرق فائدہ مند ہوگا۔

اسی طرح انڈے کی سفیدی' میٹھے اجزاء بھی عرق نکالنے کے بعد جوہر موثرہ سے خالی ہوں گے۔

-2 اگر عرق کے نسخہ میں مشک' عنبر' زعفران جیسی خوشبودار دوائیں ہوں تو ان کی پوٹلی باندھ کر قرع انبیق کی ٹونٹی کے نیچے لٹکا کر رکھیں تا کہ عرق کا قطرہ قطرہ پوٹلی پر گر کر برتن میں جائے اور اگر عرق نل بھبکا سے نکالنا ہو تو بھبکا کے نیچے کے منہ پر پوٹلی رکھیں۔

-3 عرق میں گوشت اور مغزیات وغیرہ شامل کر کے عرق نکالنا فضول ہے۔

درد معدہ' اپھارہ' ضعف ہضم

فوائد: عرق اجوائن درد معدہ' اپھارہ' سوء القنیہ' ضعف ہضم' جگر کے فساد اور بھوک کی کمی کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: اجوائن دیسی ایک کلو بارہ کلو پانی میں اجوائن کو تھوڑا کوٹ کر بھگو دیں۔ صبح کو آٹھ سے دس بوتل (ساڑھے سات سو گرام والی) عرق کشید کریں۔

خوراک: 60 گرام عرق کسی مناسب معجون' جوارش یا کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

ورم جگر اور جگر کے سدے

فوائد: عرق افسنتین جو ورم جگر اور جگر کے سدوں کو توڑتا ہے۔

نسخہ: افسنتین ڈھائی سو گرام پانی چار کلو میں رات کو بھگو دیں۔ صبح عرق کشید کریں۔

خوراک: ایک سو بیس گرام کسی مناسب بدرقہ سے دیں یا ساٹھ گرام عرق افسنتین ساٹھ گرام عرق بادیاں اور چوبیس گرام شربت کثوث ملا کر دیں۔

عرق الائچی:

فوائد: دل کو فرحت و تقویت دیتا' قے و دستوں کو روکتا' ریاح کو خارج کرتا' ہیضہ و گھبراہٹ میں مفید ہے۔

نسخہ: الائچی خورد 120 گرام کو معمولی کوٹ کر پانی پانچ کلو میں بھگو دیں۔ بعد میں دو کلو عرق کشید کریں۔

خوراک: 36 گرام سے 60 گرام۔

مثانہ و گردہ کی پتھری و ریت

فوائد: عرق اناس جو مثانہ و گردہ کی پتھری و ریت میں استعمال کرتے ہیں۔

نسخہ: اناس بارہ عدد چھلکوں کو دور کر کے اس کو پتلی پتلی کچریاں سی کاٹ لیں۔ پھر بادیان ایک کلو' مجیٹھ ایک کلو' خارخسک دو کلو۔ ان سب کو جوکوب کریں۔ پرسفید دو کلو کدوکش کریں اور سب کو دیگ میں بھر کر اتنا پانی ڈالیں کہ وہ دوا ڈوب جائے۔ دو دن کے بعد عرق کشید کریں۔ کل اجزاء پانچ ہیں۔

خوراک: 48 سے 84 گرام ہمراہ شربت بزوری 48 گرام سے استعمال کریں۔

امراض گردہ ومثانہ

فوائد: عرق اناس سادہ مفرح ومقوی قلب' مسکن حرارت' گردہ ومثانہ کے امراض کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: اناس زرد پکے ہوئے چھیل کر دو کلو کدوکش کریں اور پانی چھ کلو میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کریں۔

خوراک وخوراک اوپر کے نسخہ کے مطابق۔

مقوی گردہ ومثانہ اور معدہ وجگر

فوائد: عرق بادیان مقوی گردہ ومثانہ' مقوی معدہ وجگر' کاسر ریاح۔

نسخہ: بادیان نیم کوفتہ ڈھائی سو گرام۔ پانی پانچ کلو۔ دن اور رات بھگونے کے بعد عرق کشید کریں۔

خوراک: 72 گرام سے 144 گرام تک۔

جگر کے امراض اور بلغمی بخار

فوائد: عرق برنجاسف جو اورام احشا کو تحلیل کرتا' جگر کے امراض' بلغمی بخاروں میں مفید ہے۔

نسخہ: برنجاسف' شکاعی' بادآورد' بادرنجبویہ' بادیان' مویز منقیٰ ہر ایک 120 گرام' 12 کلو پانی میں دس گھنٹے بھگو کر مسکو بسز کا 720 گرام پانی ملا کر عرق کشید کریں۔ کل اجزاء سات ہیں۔

خوراک: 72 گرام سے 144 گرام۔

نزلہ زکام اور دردسر

فوائد: عرق بنفشہ جو نزلہ زکام اور دردسر میں مفید ہے۔

نسخہ: گل بنفشہ ڈھائی سو گرام' پانی چھ کلو میں بھگو کر تین کلو عرق کشید کریں۔

خوراک: 72 سے 144 گرام۔

نوٹ: تجربہ ہے کہ عرق بنفشہ خالص نزلہ زکام میں کوئی فائدہ نہیں کرتا البتہ جو پھل بچ جائے اس کو ہاتھ سے اچھی طرح مل کر کپڑے سے چھان کر اس پانی میں ڈھائی کلو چینی ملا کر شربت بنائیں اور اس میں عرق بنفشہ ملا کر پلائیں تو شربت بنفشہ کے مکمل فوائد حاصل ہوں گے مثلاً نزلہ زکام' کھانسی' ضیق النفس وغیرہ میں مفید ہے۔

خفقان' گھبراہٹ' اختلاج قلب

فوائد: عرق بہار جو خفقان' گھبراہٹ' اختلاج قلب اور زیادتی پیاس میں مفید ہے۔

نسخہ: گل نارنج پانچ کلو' گلاب کے پھول ایک کلو' بادیان' مویز منقیٰ' کشمش ہر ایک 180 گرام۔ عود زرنیب (تالیس پتر)' بہمن سرخ وسفید' شقاقل مصری ہر ایک بارہ گرام۔ سب ادویہ کو کوٹ کر پندرہ کلو پانی میں بھگو کر عرق کشید کریں اور نل بھبکا کے نیچے منہ پر دو گرام عنبر کی پوٹلی بنا کر رکھیں۔

خوراک: 48 سے 96 گرام۔

گرم بیماریاں

فوائد: عرق بید سادہ جو خفقان حار اور دیگر گرم بیماریوں میں مفید ہے۔ دق کے مریضوں کو تسکین دیتا اور دل و دماغ کو تقویت دیتا ہے۔

نسخہ: برگ بید سادہ ڈھائی سو گرام لے کر چھ کلو پانی میں ذرا سا کوٹ کر بھگو دیں اور ڈھائی کلو عرق کشید کریں۔

خوراک: 96 گرام سے 120 گرام تک۔

دردسر' گھبراہٹ' خفقان

فوائد: عرق بید مشک سادہ جو دردسر' گھبراہٹ' خفقان میں مفید ہے۔ دل و دماغ کو تقویت دیتا اور مسکن حرارت و پیاس ہے۔

نسخہ: گل بید مشک ڈھائی سو گرام لے کر چھ کلو پانی میں بھگو دیں' بعد میں ڈھائی کلو عرق کشید کریں۔

خوراک: 48 گرام سے 60 گرام۔

قولنج اور درد معدہ

فوائد: عرق پان قولنج اور درد معدہ میں مفید ہے۔
نسخہ: گل سرخ' گل گاؤ زبان' پودینہ خشک' برگ تنبول (پان) ہر ایک ڈھائی سو گرام۔ نانخواہ' صعتر' دارچینی' قرنفل' خولنجان' زنجبیل' الائچی خورد ہر ایک 120 گرام۔ عرق گلاب چار بوتل۔ عرق بید مشک' بارش کا پانی ہر ایک دو بوتل۔ سادہ پانی دس کلو شامل کرکے سب ادویہ کو نیم کوب کرکے سات کلو عرق کشید کریں۔ (کل اجزاء چودہ ہیں۔)
خوراک: 60 گرام سے 84 گرام۔

متلی' قے' ہیضہ' سوہضمی

فوائد: عرق پودینہ جو متلی' قے' ہیضہ' سوہضمی میں مفید ہے۔ کاسر ریاح ہے۔
نسخہ: پودینہ خشک ڈھائی سو گرام پانی پانچ کلو میں بھگو دیں۔ ایک دن کے بعد دو کلو عرق کشید کریں۔
خوراک: 60 گرام سے 144 گرام تک۔

مصفا خون

فوائد: عرق چوب چینی مصفا خون ہے' پھوڑے پھنسیوں' خارش کو دور کرتا ہے۔ باہ کے لئے مفید ہے۔ معدہ و اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔ امراض جلدیہ و تصفیہ خون کے لئے مفید ہے۔
نسخہ: دارچینی' گل سرخ' ریحاں ہر ایک 72 گرام۔ سنبل الطیب' ساذج ہندی' قرنفل' دانہ الائچی خورد' زرنباد' بادرنجبویہ' گل گاؤزبان' ابریشم خام مقرض ہر ایک 36 گرام۔ بہمن سفید و سرخ' عودہندی' اُشنہ ہر ایک 18 گرام' زعفران دس گرام' مصطگی سات گرام' عنبر ساڑھے تین گرام' مشک دو گرام' چوب چینی اعلیٰ عرقی 68 گرام' سیب شیریں پچاس عدد' عرق گلاب ایک کلو۔ سب ادویہ کو کچل کر دیگ میں ڈالیں اور پانی اتنا ڈالیں کہ دوائیں ڈوب کر اوپر 9 انچ پانی ہو۔ پھر عرق کشید کریں۔ بھبکا کے منہ پر زعفران' مشک' عنبر اور مصطگی کی پوٹلی باندھ دیں اور عرق و پانی جس قدر شامل کیا ہو اس کا تیسرا حصہ (تہائی)

کشید کریں۔ (کل اجزاء 22 ہیں۔)

خوراک: 184 گرام سے 144 گرام تک۔

سوزاک

فوائد: عرق سوزاک خون و پیپ کو بند کرتا اور سوزش و جلن کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: سبز دھنیا کا پانی 120 گرام' شراب برانڈی 24 گرام' روغن صندل چھ گرام۔ تینوں ادویہ کو ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ تین بار 12-12 گرام صبح' دوپہر' شام کو پلائیں۔ (کل اجزاء تین ہیں۔)

نوٹ: اگر سبز دھنیا نہ ملے تو دھنیا خشک بارہ گرام رات کو پانی 360 گرام میں بھگو دیں۔ صبح کے وقت جوش دیں جب ایک سو بیس گرام پانی رہ جائے' چھان کر کام میں لائیں۔

پھوڑے پھنسی اور جلدی امراض

فوائد: عرق شاہترہ مصفا خون' پھوڑے پھنسی اور جلدی امراض میں مفید ہے۔

نسخہ: شاہترہ ڈھائی سو گرام' پانی پانچ کلو' چوبیس گھنٹے بھگو کر ڈھائی کلو عرق کشید کریں۔

خوراک: 60 گرام سے 144 گرام۔

مقوی قلب' مسکن حرارت

فوائد: عرق شیر مرکب مقوی قلب' مسکن حرارت اور دق کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: گل نیلوفر' گل بید سادہ' کیسرو تازہ چھلا ہوا (ایک جڑ Scripus Kysoor) ہر ایک 120 گرام۔ برگ کاہو سبز' کدو دراز ہر ایک 54 گرام۔ خرفہ 36 گرام۔ گل گاؤزبان' گل سرخ' گل کنول تازہ' کشنیز خشک' مغز کدو شیریں' مغز خیارین' تخم کاہو ہر ایک 24 گرام۔ تخم کاسنی' طباشیر سفید ہر ایک 12 گرام۔ برادہ صندل سفید و سرخ ہر ایک چھ گرام۔ انار شیریں' سیب شیریں ہر ایک دو عدد۔ کھیرا تازہ چھلا ہوا' بہی' ناشپاتی ہر ایک ایک عدد۔ عرق عنب الثعلب' عرق نیلوفر ہر ایک چار کلو۔ عرق بید مشک ایک کلو۔ ایک دیگ میں سب دواؤں کو ڈال کر عرقیات شامل کر دیں۔ اوپر سے بکری کا دودھ دس کلو شامل کر کے 24 گھنٹہ کے بعد سات کلو عرق کشید کریں۔ کل اجزاء 25 ہیں۔

طریقہ استعمال: 60 گرام سے 120 گرام تک ہمراہ شربت عناب 48 گرام استعمال کریں۔

شرئی (پتی)

فوائد: عرق صد برگ شرئی (پتی) کے لئے مفید ہے۔
نسخہ: گیندے کے پھول ڈھائی سو گرام لے کر کیلے کے چار کلو پانی میں بھگو دیں۔ پھر صبح عرق دو کلو کشید کریں۔
خوراک: صبح و شام چوبیس گرام عرق پلائیں۔

درد معدہ و امعاء' اپھارہ' درد دل

فوائد: عرق عجیب ہیضہ' اسہال' سوہضمی' درد معدہ و امعاء' اپھارہ' درد دل' وجع الفواد' درد جگر' قولنج' پیچش' طاعون' قے' متلی اور موسمی بخاروں میں مفید ہے۔ نیز درد پہلو' سانپ بچھو کے کاٹنے کے مقام پر لگانا' دانت درد' دردسر' درد ابرو وغیرہ میں استعمال کرنا مفید ہے۔
نسخہ: کافور' ست اجوائن' ست پودینہ بارہ بارہ گرام تینوں کو ایک شیشی میں ملا کر رکھیں۔ تھوڑی دیر میں پانی بن جائے گا۔ دو سے چار قطرے پانی بتاشہ میں رکھ کر استعمال کریں۔

مصفا خون

فوائد: عرق عشبہ مصفا خون ہے۔
نسخہ: عشبہ مغربی 180 گرام' چوب چینی 120 گرام رات کو چار کلو پانی میں بھگو دیں۔ پھر صبح دو کلو عرق کشید کریں۔
خوراک: 60 گرام سے 120 گرام ہمراہ شربت عناب 48 گرام استعمال کریں۔

جگر کی قوت' کمزوری اور غشی

فوائد: عرق عنبر جگر کو قوت دیتا' کمزوری اور غشی کے لئے مفید ہے۔ دل و دماغ کو تقویت دیتا ہے۔ بواسیری کمزوری کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: مشک خالص ساڑھے چار گرام۔ عنبر' مصطگی ہر ایک نو گرام۔ برگ ریحان تازہ'

سعد کوفی، قرفہ (بج)، کشنیز خشک، گل گاؤزبان، انیسون، درونج عقربی، پوست بیرون پستہ ہر ایک بائیس گرام۔ زرنباد، عودغرقی، کبابہ خنداں، اُشنہ، سنبل الطیب، بہمن سفید و سرخ، شقاق مصری، ساذج ہندی، دارچینی، زعفران، قرنفل بوزیدان، گل سرخ، طباشیر سفید، الائچی خورد و کلاں، پوست اترج، ابریشم خام مقرض، صندل سفید ہر ایک 24 گرام۔ آب سیب تازہ آدھا کلو، آب انار شیریں ایک کلو۔ عرق بید مشک، عرق بادرنجبویہ، عرق گاؤزبان ہر ایک آدھا کلو۔ عرق گلاب اعلیٰ پانچ کلو۔ (کل اجزاء 37 ہیں۔)

ترکیب تیاری: جو دوائیں کوٹنے کی ہیں، ان کو کوٹ کر دیگ میں ڈالیں اور عروق کے ہمراہ بھگو دیں۔ دوسرے دن سیب و انار کا پانی ڈال کر عرق لگ بھگ سب پانیوں سے دو تہائی (آٹھ کلو) عرق کشید کریں۔ مشک، عنبر، زعفران پوٹلی باندھ کر تل بھبکا کی زیریں نالی کے منہ کے اندر لٹکا دیں۔

خوراک: ساٹھ گرام سے 84 گرام تک۔

دل و دماغ کی قوت

فوائد: عرق عناب خون کو صاف کرتا، دل و دماغ کو قوت دیتا اور غلیظ بلغم کو پتلا کرتا ہے۔ مسکن خون وصفراء ہے۔

نسخہ: عناب ڈھائی سو گرام، پانی پانچ کلو ذرا کوٹ کر ایک دن بھگو کر دو کلو عرق کشید کریں۔

خوراک: 60 گرام سے 144 گرام تک۔

خفقان، وہم، جنون، مالیخولیا

فوائد: عرق فواکہ معدہ و دل کی حرارت کو تسکین دیتا، خفقان، وہم، جنون، مالیخولیا اور دیگر سوداوی امراض اور تقویت اعضائے رئیسہ ہے۔

نسخہ: انار شیریں کا پانی، سیب شیریں کا پانی، آب بہی شیریں، آب ناشپاتی ہر ایک آدھا کلو۔ آب لیموں شیریں سوا کلو۔ آب کاہو سبز ڈیڑھ کلو۔ آب کشنیز سبز ایک کلو۔ آب گزر، آب کدو ہر ایک سوا کلو۔ آب تربوز، گنے کا رس ہر ایک ایک کلو۔ گاؤزبان، گل نیلوفر، بادرنجبویہ، جو مقشر، صندل سفید ہر ایک ڈھائی سو گرام۔ طباشیر سفید 72 گرام، کشنیز مقشر

120 گرام۔ بکری کا دودھ دس کلو' پانی بیس کلو۔
دودھ کے سوائے تمام پانیوں اور دواؤں کو رات کو بھگو دیں۔ صبح کو دودھ ملا کر تیس کلو عرق کشید کریں۔ (کل اجزاء 19 ہیں۔)
استعمال و خوراک: عرق 120 گرام میں شربت انار شیریں 24 گرام اضافہ کر کے پلائیں۔

عرق فواکہ بہ نسخہ خاص

نسخہ: آب انار شیریں' آب انار ترش' آب بہی ہر ایک آدھا کلو۔ آب زرشک 240 گرام۔ آب انگور شیریں' آب امرود ہر ایک آدھا کلو۔ برادہ صندل سفید آدھا کلو۔
(کل اجزاء سات ہیں۔) بطریق مذکورہ عرق کشید کریں۔
خوراک' فوائد اور استعمال اوپر کے نسخہ کے مطابق ہے۔

کاسر ریاح اور تقویت معدہ

فوائد: عرق قرنفل کاسر ریاح اور تقویت معدہ کے لئے مفید ہے۔
نسخہ: لونگ' اجوائن' انیسون' بادیان ہر ایک سات گرام۔ مشک' زعفران' گل بابونہ' تخم کرفس ہر ایک ساڑھے تین گرام۔ دارچینی چودہ گرام' پانی ادویہ سے 16 گنا میں دواؤں کو ذرا کوٹ کر' بھگو کر عرق کشید کریں۔ عرق کشید کرتے وقت مشک و زعفران کی پوٹلی انبیق کے منہ پر لٹکا دیں۔ (کل اجزاء گیارہ ہیں۔)
خوراک: 84 گرام۔

مرگی

فوائد: عرق فلفل مرگی کے لئے مفید ہے۔
نسخہ: سرخ مرچ ڈھائی سو گرام۔ چار کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح دو کلو عرق کشید کریں۔
خوراک: چوبیس گرام عرق رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

خون کی حدت' صفرا کی زیادتی

فوائد: عرق کاسنی خون کی حدت' صفرا کی زیادتی کو سکون دیتا ہے۔ ورم جگر' صداع حار

کو دور کرتا' پیاس کو کم کرتا ہے۔
نسخہ: تخم کاسنی ڈھائی سو گرام کو پانچ کلو پانی میں ایک دن بھگو کر دو کلو عرق کشید کریں۔
خوراک: 72 گرام سے 144 گرام۔

دل و دماغ کو فرحت اور تقویت

فوائد: عرق کیوڑہ پیاس کو کم کرتا' حرارت کو سکون دیتا' دل و دماغ کو فرحت اور تقویت دیتا ہے۔
نسخہ: گل کیوڑہ ڈھائی سو گرام رات کو پانچ کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو اڑھائی کلو عرق کشید کریں۔
خوراک: 60 گرام سے 84 گرام تک۔

سوداوی امراض

فوائد: عرق گاؤزبان دل و دماغ کو تقویت دیتا' سوداوی امراض مثلاً خفقان وحشت کو دور کرتا' فرحت بخشتا اور جگر کو قوت دیتا ہے۔
نسخہ: گاؤزبان ڈھائی سو گرام کو دو کلو پتھر کے ساتھ پوٹلی میں باندھ کر ایک قرع میں ڈالیں جس میں پچیس تیس کلو پانی آتا ہو۔ اس برتن میں چھ کلو پانی ڈال کر تین کلو عرق کشید کریں۔
خوراک: 144 گرام۔

دل و دماغ کی طاقت

فوائد: عرق گزر سادہ دل و دماغ کو طاقت دیتا اور بدن کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: گزر کر چھیل کر اس ڈھنگ سے کدوکش کریں کہ اس کی کیل درمیان سے نکل جائے۔ ایک کلو گاؤزبان 24 گرام' گل گاؤزبان 18 گرام۔ صندل اکیس گرام۔ بہمن سفید' تودری سرخ ہر ایک پندرہ گرام' چھ کلو پانی میں ایک دن بھگو کر تین کلو عرق کشید کریں۔

خوراک: 72 گرام سے 144 گرام تک۔

مقوی قلب دماغ

فوائد: عرق گزرعنبری یہ نسخہ کلاں مفرح مقوی قلب دماغ ہے۔
نسخہ: گزر سرخ رنگ اس کو چھیل کر ایسا کدوکش کریں کہ درمیان کی کیل علیحدہ ہو جائے یہ 25 کلو لے کر اتنا جوش دیں کہ نرم ہو جائے۔ اس وقت ہاتھ سے مل کر قند سیاہ (گڑ) سترہ کلو' پوست درخت ببول سوا چار کلو' پوست ہلیلہ کابلی 432 گرام۔ سب کو ایک مٹکے میں بھر کر منہ بند کر کے گھوڑے کی لید کے ڈھیر میں دفن کر دیں۔ ایک ہفتہ کے بعد نکال کر صندل سفید غنچہ گل سرخ' دارچینی' گل گاؤزبان' پوست اترج ہر ایک 114 گرام شامل کر کے پانی اتنا ڈالیں کہ دواؤں کے اوپر 9 انچ ہو اس کے بعد عرق کشید کریں جس قدر پانی ملایا گیا ہے۔ اس کا تیسرا حصہ عرق نکالیں اور جو عرق نکالا گیا ہے اس میں سعدکوفی' ساذج ہندی' چوب چینی ہر ایک 168 گرام۔ زنجبیل' کندر ہر ایک 72 گرام شامل کر کے عرق کشید کریں۔ اس دفعہ عنبر 9 گرام مشک' زعفران ہر ایک ساڑھے گرام ان کو پوٹلی میں باندھ کر انبیق کے منہ پر رکھیں۔
خوراک: 48 گرام سے 84 گرام تک۔

خفقان' غشی

فوائد: عرق گلاب دل' دماغ اور معدہ تقویت دیتا ہے۔ خفقان' غشی میں مفید ہے۔ محلل ریاح اور دردشکم میں مفید ہے۔
نسخہ: گل گلاب تازہ خوشبودار ڈھائی سو گرام' پانچ کلو پانی ڈال کر ڈھائی کلو عرق کشید کریں۔
خوراک: 60 گرام سے 84 گرام استعمال کریں۔

کمی خون' ورم جگر' ورم طحال

فوائد: عرق لوہ آسو (فولاد مقطر) یہ حرارت غریزی کو قوی کرتا ہے۔ سنگرہنی' کمی بھوک' کمی خون' ورم جگر' ورم طحال' بواسیر' جذام' بھگندر' یرقان' باؤگولہ میں مفید ہے۔ نیز مقوی باہ'

مخلط منی اور ہاضم ہے۔

نسخہ: برادہ فولاد یا اسٹیل (لوہا)، مرچ سیاہ، سونٹھ، پیپل، ہلیلہ زرد، آملہ، بہیڑہ، ناگرموتھا، باؤبڑنگ، چترا، اجوائن دیسی سب کو کوٹ لیں۔ ہر ایک 156 گرام لیں اور سب کو مٹی کے بڑے مٹکا میں ڈال دیں اور شہد 396 گرام، گڑ پانچ کلو پانی ایک من ڈال کر مٹکے کا منہ بند کر دیں۔ (کل تیرہ اجزاء ہیں۔)

مٹکے کا منہ بند کر کے ایک ماہ تک زمین میں گاڑ دیں۔ پھر اس کو چھان لیں اور زلال نکالیں۔

خوراک: چھ گرام سے 24 گرام تک۔

نافع سوداوی امراض

فوائد: عرق ماء الجبن سوداوی امراض میں مفید ہے۔ خون کو صاف کرتا، تسکین و فرحت پیدا کرتا ہے۔

نسخہ: مچھی چھی بوٹی 480 گرام، پوست ہلیلہ زرد، ہلیلہ کابلی سیاہ، پوست بلیلہ، برگ نیم، برگ بکائن، ہرن کھری، مغز تمر ہندی، آملہ مقشر، کشنیز خشک، پوست درخت مولسری، پوست درخت نیم، تخم نیم، گل بجے ساز، گاؤزبان، تخم کاسنی، بیخ کاسنی، گلو سبز ہر ایک بارہ گرام۔ شاہترہ، چرائتہ، سرپھوکہ، برگ حنا، برادہ شیشم، برادہ صندل سرخ و سفید، عنب الثعلب، پوست درخت جھڑ بیری، پوست بیخ پیڑا (یہ ایک تقریباً قد آدم گھاس ہے اور اس سے عموماً چٹائیاں بنائی جاتی ہیں اور یہ دریا کے کنارے پیدا ہوتی ہے)، گنے کی جڑ، برگ چنبیلی، برادہ آبنوس، عناب ہر ایک 60 گرام، مغز فلوس خیارشنبر 480 گرام۔ (کل اجزاء پینتیس ہیں۔)

سب دواؤں کو کوٹ کر پانی پندرہ کلو میں بھگو دیں۔ صبح کو ماء الجبن پانچ کلو شامل کر کے بارہ کلو عرق کشید کریں۔

خوراک: 84 گرام، شربت عناب 48 گرام میں ملا کر یا دوسری مناسب دواؤں کے ساتھ استعمال کریں۔

مقوی باہ و اعضائے رئیسہ

فوائد: عرق ماء اللحم چوب چینی والا مقوی باہ و مقوی رئیسہ، جسم کو فربہ اور قوی

کرتا ہے۔ گردہ مثانہ کو طاقت دیتا' پتھری اور ریت کے مادہ کی پیدائش روکتا' ریاح کو خارج کرتا' گٹھیا' دائمی نزلہ' آتشک و امراض سوداویہ' امراض باردہ میں مفید ہے۔

نسخہ: چوب چینی 264 گرام' گل گاؤزبان' بادرنجبویہ' سنبل الطیب ہر ایک چوبیس گرام۔ لونگ دارچینی' الائچی کلاں' جائفل' جاوتری' بادیان' بادیان خطائی' بہمن سرخ و سفید' عشبہ مغربی' صندل سرخ و سفید' زعفران' کباب چینی' چھڑیلہ' گل سرخ' زرنباد' شقاقل' فرنجمشک' تخم ہلیون' عودغرقی' بوزیدان ہر ایک نو گرام۔ عنبر' مشک' مصطگی ہر ایک دو گرام۔ گوشت بھیڑ' گوشت مرغ' گوشت کبوتر جنگلی ہر ایک پونے دو کلو کنجشک نر پچاس عدد' عرق بادرنجبویہ' عرق بید مشک' عرق گلاب' عرق گاؤزبان' عرق بہار ہر ایک چار کلو پانی پانچ کلو۔ (کل اجزاء اتنالیس ہیں۔)

ترکیب تیاری: پہلے صرف چاروں قسم کے گوشت عرقیات اور پانی ملا کر عرق بارہ کلو کھینچیں۔ پھر اس میں مذکورہ تمام ادویہ جو کوٹنے والی ہیں۔ کوٹ اور بھگو کر عرق کشید کریں اور قرع انبیق کے منہ پر مشک' عنبر' زعفران کی باریک کپڑے میں پوٹلی باندھ کر رکھیں تاکہ عرق ان پر ٹپک کر قابلہ میں جائے۔

خوراک: 60 گرام سے 72 گرام' شربت عناب 24 گرام یا دواء المسک پانچ گرام یا بدرقہ مناسبہ سے استعمال کریں۔

مقوی اعضائے بدن اور مقوی باہ

فوائد: عرق ماء اللحم چوب چینی والا دوسرا نسخہ مقوی اعضائے رئیسہ و شریفہ' مقوی اعضائے بدن اور مقوی باہ ہے۔

نسخہ: چوب چینی 312 گرام۔ گل گاؤزبان' بادرنجبویہ' سنبل الطیب ہر ایک 228 گرام' قرنفل' دارچینی' الائچی کلاں' جوز بوا' بسباسہ' بادیان' بادیان خطائی' بہمن سفید و سرخ' مصطگی' زعفران' کباب چینی' اُشنہ' غنچہ گل سرخ' زرنباد' شقاقل مصری' فرنجمشک خالص' عود ہندی' تخم ہلیون' ہر ایک 45 گرام۔ بوزیدان 22 گرام' مشک خالص 9 گرام۔ گوشت گوسفند (بھیڑ کا گوشت)' گوشت مرغ' گوشت کبوتر ہر ایک ایک کلو۔ کنجشک خانگی نر پچاس عدد' عرق بادرنجبویہ' عرق بید مشک' عرق گلاب' عرق گاؤزبان' عرق بہار نارنج ہر ایک پانچ کلو۔ پانی دس کلو۔ (کل اجزاء چھتیس ہیں۔)

ترکیب تیاری: کوٹنے والی دواؤں کو کوٹ کر عرق اور پانی میں بھگو رکھیں اور گوشتوں کی علیحدہ یخنی بنا کر رکھیں۔ پھر دواؤں اور یخنی کو ملا کر پانی سے تہائی حصہ (تیسرا حصہ) تک کشید کریں اور عنبر' مشک' زعفران' مصطگی پوٹلی میں باندھ کر قرع انبیق کے نیچے رکھیں۔

استعمال: 60 سے 84 گرام تک عرق' شربت انار شیریں 24 گرام اور مصری ملا کر بدرقہ مناسبہ سے استعمال کریں۔

نوٹ: دونوں عرقوں کے اجزاء ایک سے ہیں لیکن ترکیب اور دواؤں کے وزن میں فرق ہے۔

تقویت دل و دماغ

فوائد: عرق ماء اللحم عنبر بہ نسخہ کلاں باہ کو زیادہ کرتا' بدن کو مضبوط بنا کر موٹا کرتا ہے۔ یہ عام بدن کی کمزوری ونقاہت کو دور کرتا' دل و دماغ اور تمام بدن کے اعضاء کو تقویت دیتا ہے۔

نسخہ: حلوان شیرخوار (بکری کے چھوٹے دودھ پیتے بچے) تین عدد کا گوشت (لگ بھگ بارہ کلو)' کنجشک نر خانگی 100 عدد' لوا' بٹیر' مولہ ہر ایک پچاس عدد چوزہ مرغ تیس عدد' دراج (تیتر) بیس عدد۔ تمام گوشتوں کی ہڈی اور ریشوں کو صاف کر کے قیمہ کر لیں۔ پھر بہت سا پانی ڈال کر یخنی بنائیں (پانی چالیس کلو) پھر مومیائی' جندبیدستر' سعدکوفی' جدوار' زعفران' مشک خالص عنبر ہر ایک بارہ گرام۔ گل گاؤزبان' کباب چینی' سنبل الطیب' بنسلوچن' بسفائج فستقی' درونج عقربی' سیالبوس (ماہیت میں اختلاف ہے)' عودصلیب صعتر' قنطوریوں رقیق' مایہ شتر اعرابی' ریگ ماہی ہر ایک 27 گرام۔ نانخواہ' زوفائے خشک' دج ترکی ہر ایک 40 گرام۔ دارچینی' ابریشم خام مقرض ہر ایک 84 گرام۔ تخم بلیون' تخم انجرہ (انگن' تخم ترب' تخم اسپت' تخم بالنگو' تخم شربتی' تخم ریحان' تخم فرنجمشک' بیخ سوسن' آسمان گولی' گل بابونہ' میدہ لکڑی' بوزیدان' قرفہ (دارچینی)' سلیخہ' مصطگی' ناگ کیسر' اشنہ' شاذج ہندی' صندل سرخ' اسطوخودوس' زراوند مدحرج' سمک صید (ریگ ماہی)' تالیس پتر' اسارون' کوکنار ہر ایک 60 گرام۔ بہمن سفید و سرخ' تودری سرخ وسفید' شقاقل مصری' سورنجان شیریں' گاؤزبان' لسان العصافیر (اندرجوشیریں)' الائچی خورد و کلاں' عود غرقی' گل سرخ' بادرنجبویہ' پرشیاؤشاں' پودینہ' حبطانہ' خولنجان' تخم گزر' تخم خربزہ' تخم خطمی' تخم

خبازی' حبۃ الخضرا (مغز بن)' مغز چرونجی' حب قرطم' مغز بنولہ' سپستاں' ماہی روبیاں (جھینگا مچھلی) ہر ایک 120 گرام۔ چوب چینی قسم اوّل' انجیر زرد' مویز منقیٰ' کشمش ہر ایک آدھا کلو۔ خارخسک عربی' آب سیب شیریں' آب بہی شیریں ہر ایک ایک کلو۔ چینی سفید تین کلو۔ ریحان تازہ آدھا کلو' عناب 100 عدد۔

زعفران' مشک عنبر کی پوٹلی باندھ کر قرع انبیق کے نیچے لٹکائیں۔ باقی تمام ادویہ کو کوٹ کر آب یخنی میں ایک روز رکھیں۔ دوسرے روز عرق گلاب' عرق بید مشک ہر ایک دو بوتل' عرق گاؤزبان' عرق خیارشنبر تازہ ہر ایک تین تین کلو۔ آب گندر تازہ گنے کا رس ہر ایک بیس کلو شامل کرکے پہلے دن چودہ کلو دوسرے دن بارہ کلو عرق کشید کریں اور بعد میں دونوں کو ملا کر رکھیں۔ کل اجزاء ایک سو ایک ہیں۔

خوراک: 60 سے 84 گرام۔ ہمراہ شربت انار شیریں 24 گرام یا مصری 24 گرام ملا کر استعمال کریں۔

ورم شکم

فوائد: عرق ماء اللحم مکو کاسنی والا اورام شکم کو تحلیل کرتا' معدہ اور جگر کو تقویت دیتا ہے۔

نسخہ: برنجاسف' شکاعی' باآورد' بادرنجبویہ' بادیان نیم کوفتہ' مویز منقیٰ' بیخ کبر' بیخ اذخر' اصل السوس' گلو سبز' عنب الثعلب ہر ایک 120 گرام۔ گاؤزبان' گل گاؤزبان ہر ایک 60 گرام۔

سب ادویہ رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو سبز کاسنی کا پانی دو کلو اور گلو کے سبز پتوں کا پانی' بکری کے شیرخوار بچوں کا گوشت دو کلو شامل کرکے پانی بیس کلو ملا کر عرق کشید کریں۔ عرق بارہ کلو ہو۔ (کل اجزاء 16 ہیں۔)

خوراک: بوقت صبح 120 گرام چینی 24 گرام ملا کر استعمال کریں۔

آتشک اور پھوڑے پھنسیاں

فوائد: عرق مرکب مصفا خون بہ نسخہ کلاں' یہ عرق سوداوی امراض' پھوڑے پھنسیوں' آتشک کے لئے فائدہ مند ہے۔ خون کو صاف کرتا ہے۔

نسخہ: برگ نیم' پوست نیم' پوست بکائن' برگ بکائن' پوست کچنال' پوست مولسری'

دودھی خورد، برگ بھنگرہ سیاہ، شاخ برگ جوانسہ، پوست گولر، برگ حنا، منڈی، شاہترہ، سرپھوکہ دھمایا، چوب بیجے سار، گل نیلوفر، برادہ صندل سفید، گل سرخ، کشنیز خشک، تخم کاسنی، بیخ کاسنی مجیٹھ، برگ بید سادہ، برادہ شیشم ہر ایک 120 گرام۔ دواؤں کو نیم کوفتہ کر کے 24 کلو پانی میں چوبیس گھنٹہ بھگو کر بارہ کلو عرق کشید کریں۔ کل اجزاء چھبیس ہیں۔

خوراک: صبح کو 144 گرام عرق، 48 گرام شربت عناب ملا کر استعمال کریں۔

قوت بصر، خون کی صفائی

فوائد: عرق منڈی قوت بصر کو تقویت دیتا اور خون کو صاف کرتا ہے۔

نسخہ: منڈی ڈھائی سو گرام پانی چھ کلو، عرق تین کلو کشید کریں۔

خوراک: صبح کو 72 گرام، شربت عناب 24 گرام سے استعمال کریں۔

سوداوی امراض اور فساد خون

فوائد: عرق مطبوخ ہفت روزہ...... یہ عرق سوداوی امراض، فساد خون، پھوڑے پھنسیوں، آتشک وجع المفاصل کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: پوست درخت نیم، پوست درخت کچنال، بیخ حنظل، پھلی ببول، کنائی خورد بمع پھل، پھول، جڑ، پوست، پتے وغیرہ۔ گڑ پرانا ہر ایک 120 گرام۔

سب ادویہ کو کچل کر تین کلو پانی میں جوش دیں۔ جب ایک کلو رہ جائے، چھان کر رکھ لیں۔ یہ سات خوراک ہے۔ (کل اجزاء چھ ہیں۔)

ان میں سے ایک خوراک روزانہ صبح کو استعمال کریں اور تیسرے پہر کھچڑی کھائیں۔ اگر پیچش ہو جائے تو عرق پینا بند کر کے لعاب بہدانہ تین گرام، لعاب ریشہ خطمی پانچ گرام پانی میں بھگو کر لعاب نکالیں اور چینی چوبیس گرام ملا کر پی لیں۔

امراض جگر

فوائد: عرق مکو ورم جگر، امراض جگر کو آرام دیتا، حرارت کو تسکین دیتا ہے۔

نسخہ: مکو خشک ڈھائی سو گرام لے کر پانی چھ کلو میں بھگو دیں اور تین کلو عرق کشید کریں۔

خوراک: 120 گرام چینی یا کوئی مناسب عرق ملا کر استعمال کریں۔

سینہ کا درد' ورم معدہ' گٹھیا

فوائد: عرق موم درد پہلو' سینہ کا درد' ورم معدہ' صلابت عضلات' چوٹ' گٹھیا کے لئے مفید ہے۔
نسخہ: موم خالص ایک کلو' نمک باریک آدھا کلو' ریگ آدھا کلو۔ تینوں کو ایک مٹی کے گھڑے' گل حکمت شدہ میں رکھ کر اور دوسرا گھڑا لے کر دونوں گھڑوں کے منہ رگڑ کر برابر کر لئے گئے ہوں۔ پھر دونوں کے منہ ملا کر' اُڑد کے آٹے سے خوب اچھی طرح بند کر دیں۔ خالی گھڑے کے پہلو میں ایک سوراخ کر کے نلکی لگا دی جائے لیکن نلکی کی درز کو بھی آٹے سے اچھی طرح بند کر کے چولہے پر گھڑے کو ٹیڑھا رکھ کر اور خالی گھڑے کی نلکی کے منہ کو بوتل میں رکھ کر بوتل کو پانی میں رکھیں۔ اس سے روغن موم شیشی میں جمع ہو جائے گا۔
خوراک: درد کے مقام پر مالش کریں۔

معدہ و آنتوں کے ریاحی درد

فوائد: عرق نانخواہ معدہ و آنتوں کے ریاحی درد میں مفید ہے۔
نسخہ: اجوائن دیسی آدھا کلو' خولنجان' تالیس پتر' نرکچور ہر ایک ڈھائی سو گرام۔ عرق گلاب پندرہ بوتل۔ ادویہ کو نیم کوب کر کے عرق گلاب میں رات کو بھگو دیں۔ صبح کو عرق کشید کریں۔ دس بوتل عرق نکالیں۔
خوراک: 36 گرام سے 72 گرام تک۔

پیٹ کے امراض

فوائد: عرق نانخواہ بہ نسخہ دیگر صلابت طحال' اپھارہ' پیٹ کی گرانی' ہاضم طعام اور پیٹ کے امراض میں مفید ہے۔
نسخہ: اجوائن دیسی سوا کلو' سونٹھ ڈھائی سو گرام' بچھ خراسانی 120 گرام' عاقر قرحا اکیس گرام' چھکنی دس گرام۔ سب کو نیم کوب کر کے بارہ کلو پانی میں بھگو دیں اور چھ کلو عرق

کشید کریں۔ (کل اجزاء پانچ ہیں۔)

مقوی معدہ' ہاضم طعام

فوائد: عرق نعناع مقوی معدہ' ہاضم طعام' ملین و مشتہی ہے۔
نسخہ: نعناع سوا کلو' پانی دس کلو میں بھگو کر چھ کلو عرق کشید کریں۔
خوراک: تھوڑی غذا کھانے کے بعد 24 سے 48 گرام۔

مقوی دل و دماغ

فوائد: عرق نیلوفر مقوی دل و دماغ' پیاس بجھاتا' حرارت کو تسکین دیتا' نزلہ حار' دردِ سر حار میں مفید ہے۔
نسخہ: گل نیلوفر ڈیڑھ کلو کو دس کلو پانی میں رات کو بھگو کر صبح کو عرق کشید کریں۔
خوراک: 120 گرام عرق میں چوبیس گرام شربت نیلوفر ملا کر پلائیں۔

معدہ و طحال

فوائد: عرق ہاضموم معدہ و طحال کو طاقت دیتا اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔
نسخہ: لہسن ایک پوتھ (ایک گرہ)' اجوائن دیسی' بھنگرہ ہر ایک ایک کلو۔ اسگندنا گوری' پوست ترنج زرد' بادرنجبویہ ہر ایک آدھا کلو۔ برادہ آہن 120 گرام۔ سب کو ڈیڑھ کلو پانی میں بھگو کر زمین میں گڑھا کھود کر دفن کرنے کے بعد' گدھے کی لید اس پر ڈال دیں۔ سات دن کے بعد نکالیں۔ پھر ڈھائی سو گرام ادرک کا رس' مغز گھیکوار 180 گرام اور پانی سب ادویہ سے 16 گنا ڈال کر آدھا عرق کشید کریں۔ (کل اجزاء نو ہیں۔)
خوراک: 24 گرام سے 60 گرام تک۔

ہاضم غذا

فوائد: عرق ہاضموم بہ نسخہ خاص معدہ و طحال کو طاقت دیتا اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔
نسخہ: چھال ببول پانچ کلو' کشمش' قند سیاہ ہر ایک ڈھائی کلو۔ لہسن ایک پوتھ' لونگ چھ گرام' عود غرقی بارہ گرام' صندل سفید گیارہ گرام' بیخ بنفشہ نو گرام' سعد کوفی نو گرام' پوست ترنج چوبیس گرام۔ بہمن سرخ' بہمن سفید' شقاقل مصری' ساذج ہندی' دارچینی' گل

گاؤزبان ہر ایک بارہ گرام۔ خس چوبیس گرام' دانہ الائچی کلاں تیس گرام۔ جائفل' جاوتری ہر ایک بارہ گرام' زعفران چھ گرام' عنبر تین گرام۔ عنبر و زعفران کی پوٹلی باندھ کر عرق کشید کرتے وقت نیچے کے منہ پر لٹکا دیں اور دیگر ادویہ کو کوٹ کر آٹھ گنا پانی میں بھگوئیں اور مٹکا کا منہ بند کر کے زمین میں گڑھا کھود کر ایک ہفتہ دفن کر دیں۔ پھر نکال کر عرق کشید کریں۔ (کل اجزاء بائیس ہیں۔)

فوائد و خوراک اوپر کے نسخہ کے مطابق ہے۔

تپ دق' سوزاک' حرقتہ البول

فوائد: عرق ہرا بھرا تپ دق' سوزاک' حرقتہ البول اور خفقان میں مفید ہے۔

نسخہ: صندل سفید و سرخ' پدماکھ' ناگرموتھا' گلو سبز تازہ' شاہترہ' پوست نیم' گل نیلوفر' تخم کاسنی' بادیان' تخم کدو' نیتر بالا' کشنیز ہر ایک 120 گرام' تخم تلسی چوبیس گرام۔ بیخ نیشکر' بیخ جوانسہ دھمایا' منڈی' ملٹھی ہر ایک ساٹھ گرام۔ الائچی خورد' کوکنار ہر ایک چوبیس گرام۔ (کل اجزاء اکیس ہیں۔)

سب ادویہ کو کوٹ کر اور آٹھ گنا پانی میں بھگو کر عرق کشید کریں۔

خوراک: 72 گرام عرق میں مصری 24 گرام ملا کر پلائیں۔

دردسر و درد شکم

فوائد: عرق ہلیلہ زرد جو دردسر و درد شکم کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد بیس تولہ' مویز منقیٰ بیس تولہ' سونف چار تولہ' سونٹھ دو تولہ' تج ایک تولہ' الائچی خورد ایک تولہ' الائچی کلاں ایک تولہ' تیزپات ایک تولہ' کافور ایک تولہ' خس ایک تولہ۔ ان سب کو چار سیر پانی میں تین پہر بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

ورم جگر

فوائد: عرق ہلیلہ زرد ورم جگر کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد دس تولہ' بیخ بادیان چار تولہ' دیودار دو تولہ' مکو پانچ تولہ' اجمود دو

تولہ کالی زیری دو تولہ پھٹکری ایک تولہ کوٹ شیریں ایک تولہ۔ ان سب ادویہ کو چار سیر پانی میں آٹھ پہر بھگو کر عرق نکال لے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ

جذام اور کھجلی

فوائد: عرق ہلیلہ کلاں جذام اور کھجلی کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ کلاں بیس تولہ چوب چینی دس تولہ تگر پانچ تولہ نیب کی چھال پا تولہ منقیٰ بیس تولہ اگر دو تولہ گلو دس تولہ برگ بکائن پانچ تولہ نیب کا مد چار تولہ بکری دودھ دو سیر پانی چھ سیر میں عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے سات تولہ تک۔

تلی اور باؤ گولہ

فوائد: عرق ہلیلہ کلاں جو تلی اور باؤ گولہ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ کلاں پانچ تولہ نسوت دو تولہ بیخ بادیان پانچ تولہ ایلوا دو تولہ ناگ کیسر دو تولہ پیپلامول دو تولہ چیتا پانچ تولہ لونگ دو تولہ پاڑھل تین تولہ جوا کھار دو تولہ سینڈھا نمک چار تولہ ہاروبیر چار تولہ کپور کچری دو تولہ گھیکوار کا گودا ایک سیر پانی جوش دیا ہوا پانچ سیر سب کا عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک ہے۔

کمل باؤ

فوائد: عرق ہلیلہ کلاں جو کمل باؤ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ کلاں دس تولہ دار ہلدی پانچ تولہ گلو دس تولہ برگ گوما دس تولہ مولی کا رس ایک سیر جوش دیا ہوا پانی چار سیر۔ عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چھ تولہ تک۔

بخار کے لئے

فوائد: عرق ہلیلہ کلاں جو ہر قسم کے بخار کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ کلاں دس تولہ شاہترہ پانچ تولہ صندل سرخ پانچ تولہ ناگرموتھا پانچ تولہ پھول پتر پانچ تولہ منقیٰ پانچ تولہ کٹیلی دو تولہ بیخ کاسنی دو تولہ بیخ بادیان چار تولہ بادیان دو تولہ چرائتہ چار تولہ پدماک چار تولہ پانی چھ سیر میں بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چھ تولہ تک۔

بلغمی سانس

فوائد: عرق ہلیلہ زرد جو بلغمی سانس کو رفع کرتا ہے۔
نسخہ: پوست ہلیلہ زرد پانچ تولہ بہیڑا دو تولہ بھارنگی چار تولہ کاکڑاسینگی دو تولہ کیکر کی چھال پانچ تولہ برگ بانسا دو تولہ لونگ ایک تولہ ملٹھی پانچ تولہ پانی تین سیر میں بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چھ تولہ تک۔

عرق ترپھلا نافع امراض دماغی

فوائد: ترپھلا جو جملہ امراض دماغی کو رفع کرتا ہے اور قوت بخشتا ہے۔
نسخہ: پوست ہلیلہ زرد پندرہ تولہ آنولہ بارہ تولہ پوست بہیڑہ چھ تولہ موصلی سفید دو تولہ موصلی سیاہ ایک تولہ سونف دو تولہ ستاور دو تولہ الائچی خورد دو تولہ مغز کدو چار تولہ مغز بادام چار تولہ مغز تربوز دو تولہ کشنیز (دھنیا) دو تولہ اسگندھ ایک تولہ بھنگرا پندرہ تولہ منقیٰ دس تولہ گائے کا دودھ ایک سیر پانی چھ سیر۔ ان ادویہ کو چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک۔

پیٹ کے کیڑے اور خونی بواسیر

فوائد: عرق ترپھلا جو پیٹ کے کیڑے اور خونی بواسیر کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: ہڑ دس تولہ بہیڑہ دس تولہ آنولہ دس تولہ پلاس پاپڑہ دو تولہ باؤبڑنگ ایک تولہ برگ آڑو دس تولہ کچے گولر دس تولہ پانی تین سیر میں بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک۔

داد اور کھجلی

فوائد: عرق ترپھلا جو داد اور کھجلی کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد پندرہ تولہ آنولہ دس تولہ بہیڑہ پانچ تولہ شاہترہ پانچ تولہ چرائتہ پانچ تولہ گندھک ایک تولہ سونٹھ ایک تولہ کشنیز (دھنیا) پانچ تولہ چار سیر پانی میں تین گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

ضعف معدہ

فوائد: عرق ترجات ضعف معدہ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: دارچینی بیس تولہ تج پات دس تولہ الائچی خورد دس تولہ پانی چار سیر میں بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک۔

گٹھیا اور آنوں کے دست

فوائد: عرق سونٹھ جو گٹھیا اور آنوں کے دستوں کو نافع ہے۔

نسخہ: سونٹھ دس تولہ ناگ کیسر پانچ تولہ چیتا پانچ تولہ سونف پانچ تولہ پودینہ دو تولہ الائچی کلاں دو تولہ پوست ہلیلہ کلاں پانچ تولہ تین سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

پرسوت اور سانس و کھانسی

فوائد: عرق دش مول پرسوت اور سانس و کھانسی کے لئے نافع ہے۔

نسخہ: شال پرنی پانچ تولہ پرسیر شپرنی پانچ تولہ کٹیلی خورد پانچ تولہ کٹیلی کلاں پانچ تولہ گوکھرو پانچ تولہ بیل کی جڑ پانچ تولہ ارنی پانچ تولہ سونا پاڑھا پانچ تولہ کلیر پانچ تولہ پاڑھل پانچ تولہ۔ ان سب ادویہ کو چھ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

ہیضہ اور بدہضمی

فوائد: عرق آنک جو ہیضہ اور بدہضمی کو مفید ہے۔
نسخہ: آنک کی جڑ پانچ تولہ آنک کے پھول پانچ تولہ مرچ سیاہ پانچ تولہ پیپل پانچ تولہ تالیس پتر دو تولہ الائچی کلاں دو تولہ الائچی خورد دو تولہ تج پات ایک تولہ کاکوڑ تین تولہ خس ایک تولہ گلاب کے پھول پانچ تولہ چار سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: دو تولہ سے چار تولہ تک۔

ورم جگر، تلی اور امراض شکم

فوائد: عرق پنچ کول ورم جگر، تلی، درد شکم اور جملہ امراض شکم کو مفید ہے۔
نسخہ: پیپل دس تولہ پیپلا مول دس تولہ چیب دس تولہ چیتا دس تولہ سونٹھ دس تولہ۔ ان کو پانچ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک ہے۔

تپ دق، سرسام، کھانسی، ضعف معدہ اور بخار

فوائد: عرق سدرشن تپ دق، تپ کہنہ، سرسام، سانس، کھانسی، ضعف معدہ اور ہر قسم کے بخار کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: صندل زرد ایک تولہ ہلدی ایک تولہ دیودار ایک تولہ بچ ایک تولہ ناگرموتھا ایک تولہ پوست ہلیلہ کلاں ایک تولہ جوانسہ ایک تولہ کاکڑا سینگی ایک تولہ کٹیلی خورد ایک تولہ ترایمان ایک تولہ شاہترہ ایک تولہ پیپلا مول ایک تولہ بال چھڑ ایک تولہ کچور کچری ایک تولہ پوکھر مول ایک تولہ پیپل ایک تولہ مروڑ پھلی ایک تولہ کوڑے کی چھال ایک تولہ ملیٹھی ایک تولہ سہانجنے کے بیج ایک تولہ گل نیلوفر ایک تولہ اندرجو ایک تولہ پاڑھل ایک تولہ دار ہلدی ایک تولہ صندل سرخ ایک تولہ پدماک ایک تولہ کہر بٹی ایک تولہ خس ایک تولہ تج ایک تولہ پھٹکری ایک تولہ اجوائن ایک تولہ انیس ایک تولہ بیلگری ایک تولہ مرچ سیاہ ایک تولہ تج پات ایک تولہ شالپرنی ایک تولہ آنولہ ایک تولہ بہیڑہ ایک تولہ بڑ ایک تولہ چیتا ایک

دینہ کنول پتر ایک تولہ پرشپرنی ایک تولہ چرائتہ بیس تولہ۔ ان ادویہ کو چھ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

دست اور سنگرہنی

فوائد: عرق گنگادھر کلاں جو ہر قسم کے دستوں کی بیماری اور سنگرہنی کو دفع کرتا ہے۔

نسخہ: دھو کے پھول بیس تولہ آنولہ دس تولہ ناگرموتھا پانچ تولہ پاڑھل پانچ تولہ سوناپاٹھا پانچ تولہ ملٹھی پانچ تولہ بیلگری دس تولہ جامن کی گٹھلی پانچ تولہ آم کی گٹھلی پانچ تولہ سونٹھ چار تولہ اتیس چار تولہ بال چھڑ تین تولہ لودپٹھانی چار تولہ اندرجو دس تولہ۔ ان دواؤں کو آٹھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

نافع نکسیر

فوائد: عرق نیلوفر جو مقام صدر سے خون کی آمد اور نکسیر کو بند کرتا ہے۔

نسخہ: گل انار پانچ تولہ گل بانسہ پانچ تولہ کنول گٹہ دو تولہ آنولہ دو تولہ دھنیاں دو تولہ کنول کی جڑ دو تولہ الائچی خورد دو تولہ ستاور دو تولہ بن مونگ دو تولہ بن اوڑد دو تولہ دواری کند دو تولہ صندل سرخ ایک تولہ گنے کا رس دو سیر بکری کا دودھ دو سیر۔ اوّل سب ادویہ کو چار سیر پانی میں تین گھنٹے بھگو کر عرق نکالنے کے وقت گنے کا رس اور دودھ ملا کے عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

تقویت دل و دماغ

فوائد: عرق گڑھل جو دل کی گھبراہٹ کو دور کرتا ہے اور دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔

نسخہ: گڑھل کے پھول ایک سو عدد سفید کمل کے پھول پچیس عدد گلاب کے پھول دس عدد میٹھے کا رس ایک سیر گنے کا رس دو سیر منقیٰ بیس سیر بداری کند پانچ تولہ سونف پانچ تولہ الائچی خورد ایک تولہ موصلی سفید دو تولہ موصلی سیاہ ایک تولہ زعفران چھ ماشہ

دارچینی چھ ماشہ' تیج پات چھ ماشہ' دودھ گائے کا دو سیر' پانی تین سیر۔ ان سب کو ملا کے عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک ہے۔

نافع جریان

فوائد: عرق سیمل جو جریان کو دفع کرتا ہے اور طاقت بڑھاتا ہے۔

نسخہ: سیمل کی چھال بیس تولہ' سیمل کی موصلی بیس تولہ' موصلی سفید دو تولہ' موصلی سیاہ ایک تولہ' موچرس دو تولہ' کاکولی دو تولہ' شیر کاکولی دو تولہ' بداری کند پانچ تولہ' ستاور دو تولہ' بیج بند دو تولہ' تال مکھانہ دو تولہ' تخم کونچ دو تولہ' کیکر کی پھلی دو تولہ' تخم اوٹنگن دو تولہ' سہدیئی چار تولہ' گوکھرو دو تولہ' تیج پات ایک تولہ' تج ایک تولہ' الائچی خورد دو تولہ' بداری کند کا رس دو سیر' گاجر کا رس چھ سیر' پانی چار سیر۔ سب کو ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

نافع پتھری

فوائد: عرق پاکھان بھید جو پتھری کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: پاکھان بھید بیس تولہ' کانس کی جڑ پانچ تولہ' ستاور پانچ تولہ' کھیرے کے بیج پانچ تولہ' گوکھرو پانچ تولہ' برگ بانسا دو تولہ' پاڑھل دو تولہ' سانٹھی کی جڑ پانچ تولہ' کرنڈ پانچ تولہ' برنا دس تولہ' ست سلاجیت پانچ تولہ' پانی آٹھ سیر میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: پانچ تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

باری کے بخار' باؤ گولہ اور بواسیر

فوائد: عرق نیب جو ہر قسم کے کوڑہ کو دور کرتا ہے اور باری کے بخار' باؤ گولہ' بواسیر اور سنگرہنی' سوجن وغیرہ کو دفع کرتا ہے۔

نسخہ: نیب کی چھال پندرہ تولہ' نیب کے پھول دس تولہ' نیب کے پتے پانچ تولہ' بکائن کی چھال پانچ تولہ' باپچی پانچ تولہ' ہڑ پانچ تولہ' آنولہ پانچ تولہ' بہیڑہ پانچ تولہ' پٹول پتر

تولہ' پتول پتر ایک تولہ' پرشپرنی ایک تولہ' چرائتہ بیس تولہ۔ ان ادویہ کو چھ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

دست اور سنگرہنی

فوائد: عرق گنگادھر کلاں جو ہر قسم کے دستوں کی بیماری اور سنگرہنی کو دفع کرتا ہے۔

نسخہ: دھو کے پھول بیس تولہ' آنولہ دس تولہ' ناگرموتھا پانچ تولہ' پاڑھل پانچ تولہ' سوناپاٹھا پانچ تولہ' طبشی پانچ تولہ' بیلگری دس تولہ' جامن کی گٹھلی پانچ تولہ' آم کی گٹھلی پانچ تولہ' سونٹھ چار تولہ' آمیں چار تولہ' بال چھڑ تین تولہ' لودپٹھانی چار تولہ' اندرجو دس تولہ۔ ان دواؤں کو آٹھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

نافع نکسیر

فوائد: عرق نیلوفر جو مقام صدر سے خون کی آمد اور نکسیر کو بند کرتا ہے۔

نسخہ: گل انار پانچ تولہ' گل بانسہ پانچ تولہ' کنول گٹہ دو تولہ' آنولہ دو تولہ' دھنیاں دو تولہ' کنول کی جڑ دو تولہ' الائچی خورد دو تولہ' ستاور دو تولہ' بن مونگ دو تولہ' بن اوڑد دو تولہ' دواری کند دو تولہ' صندل سرخ ایک تولہ' گنے کا رس دو سیر' بکری کا دودھ دو سیر۔ اوّل سب ادویہ کو چار سیر پانی میں تین گھنٹے بھگو کر عرق نکالنے کے وقت گنے کا رس اور دودھ ملا کے عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

تقویت دل و دماغ

فوائد: عرق گڑھل جو دل کی گھبراہٹ کو دور کرتا ہے اور دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔

نسخہ: گڑھل کے پھول ایک سو عدد' سفید کمل کے پھول پچیس عدد' گلاب کے پھول دس عدد' پیٹھے کا رس ایک سیر' گنے کا رس دو سیر' منقیٰ بیس سیر' بداری کند پانچ تولہ' سونف پانچ تولہ' الائچی خورد ایک تولہ' موصلی سفید دو تولہ' موصلی سیاہ ایک تولہ' زعفران چھ ماشہ'

دارچینی چھ ماشہ' تیج پات چھ ماشہ' دودھ گائے کا دو سیر' پانی تین سیر۔ ان سب کو ملا کے عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک ہے۔

نافع جریان

فوائد: عرق سیمل جو جریان کو دفع کرتا ہے اور طاقت بڑھاتا ہے۔

نسخہ: سیمل کی چھال بیس تولہ' سیمل کی موصلی بیس تولہ' موصلی سفید دو تولہ' موصلی سیاہ ایک تولہ' موچرس دو تولہ' کاکولی دو تولہ' شیر کاکولی دو تولہ' بداری کند پانچ تولہ' ستاور دو تولہ' بیج بند دو تولہ' تال مکھانہ دو تولہ' تخم کونچ دو تولہ' کیکر کی پھلی دو تولہ' تخم اوٹنگن دو تولہ' سہد-یَی چار تولہ' گوکھرو دو تولہ' تیج پات ایک تولہ' تج ایک تولہ' الائچی خورد دو تولہ' بداری کند کا رس دو سیر' گاجر کا رس چھ سیر' پانی چار سیر۔ سب کو ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

نافع پتھری

فوائد: عرق پاکھان بھید جو پتھری کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: پاکھان بھید بیس تولہ' کانس کی جڑ پانچ تولہ' ستاور پانچ تولہ' کھیرے کے بیج پانچ تولہ' گوکھرو پانچ تولہ' برگ بانسا دو تولہ' پاڑھل دو تولہ' سانٹھی کی جڑ پانچ تولہ' کرنڈ پانچ تولہ' برنا دس تولہ' ست سلاجیت پانچ تولہ' پانی آٹھ سیر میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: پانچ تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

باری کے بخار' باؤ گولہ اور بواسیر

فوائد: عرق نیب جو ہر قسم کے کوڑھ کو دور کرتا ہے اور باری کے بخار' باؤ گولہ' بواسیر اور سنگرہنی' سوجن وغیرہ کو دفع کرتا ہے۔

نسخہ: نیب کی چھال پندرہ تولہ' نیب کے پھول دس تولہ' نیب کے پتے پانچ تولہ' بکائن کی چھال پانچ تولہ' باپچی پانچ تولہ' ہڑ پانچ تولہ' آنولہ پانچ تولہ' بہیڑہ پانچ تولہ' پٹول پتر

پانچ تولہ برگ بانسا پانچ تولہ کنگی پانچ تولہ جوانسا پانچ تولہ ترایمان پانچ تولہ شاہترہ پانچ تولہ ناگرموتھا دو تولہ اندرجو دو تولہ صندل دو تولہ چرائتہ پانچ تولہ مجیٹھ پانچ تولہ نیب کا مدہ چار تولہ پانی دس سیر میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے سات تولہ تک مقرر ہے۔

خونی بواسیر

فوائد: عرق اندرجو خونی بواسیر کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: اندرجو کی چھال چالیس تولہ اندرجو دس تولہ بھنگرہ دس تولہ باؤبڑنگ دو تولہ سونٹھ ایک تولہ پیپل ایک تولہ مرچ سیاہ ایک تولہ ہڑکلاں ایک تولہ بہیڑہ ایک تولہ آنولہ ایک تولہ رسوت ایک تولہ چیتا دو تولہ آتیس ایک تولہ نیل گری پانچ تولہ منقی دس تولہ پانی آٹھ سیر میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

نافع مرگی

فوائد: برہمی کا عرق جو مرگی کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: برہمی ایک سیر پیٹھے کا رس چار سیر ملٹھی دس تولہ چھتوں پانچ تولہ جوانسا چار تولہ پانی چار سیر میں بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ ہے۔

نافع کنٹھ مالا

فوائد: عرق منڈی جو کنٹھ مالا کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: گورکھ منڈی بیس تولہ کچنال کی چھال پانچ تولہ سونٹھ چار تولہ بچ دو تولہ کیھرکچری دو تولہ دیودار دو تولہ ہلدی دو تولہ دار ہلدی دو تولہ پوست ہڑکلاں دو تولہ آتیس دو تولہ چار سیر پانی میں بھگو کے عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

خون میں اضافہ اور صفائی

فوائد: عرق چوب چینی جو خون کو بڑھاتا ہے اور صاف کرتا ہے۔
نسخہ: چوب چینی بیس تولہ' اننت مول پانچ تولہ' پوست ہڑ پانچ تولہ' منقی دس تولہ' شاہترہ پانچ تولہ' مجیٹھ دو تولہ' تگر دو تولہ' اگر دو تولہ' نکند پانچ تولہ' گوکھرو پانچ تولہ' پانی چھ سیر میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

نافع فالج

فوائد: عرق دیودار جو فالج کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: دیودار دس تولہ' اندرائن کی جڑ دو تولہ' تربد چار تولہ' پوست ہڑکلہ چار تولہ۔ عرق کشید کرے۔

نافع سوزاک

فوائد: عرق ترن پنچک جو سوزاک کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: کشیا کی جڑ پانچ تولہ' کانس کی جڑ پانچ تولہ' سرکنڈے کی جڑ پانچ تولہ' ڈاب کی جڑ پانچ تولہ' ایکھ کی جڑ پانچ تولہ' ستاور دو تولہ' گوکھرو پانچ تولہ' کیسرو پانچ تولہ' پاکھان بھید دو تولہ۔ ان سب کو پانچ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

تپ دق و کھانسی

فوائد: عرق گلو جو تپ دق اور سانس کھانسی کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: گلو بیس تولہ' منقیٰ دس تولہ' کھجور پانچ تولہ' سانٹھی کی جڑ پانچ تولہ' اسگندہ دو تولہ' بداری کند دو تولہ' کوٹ شیریں دو تولہ' کلیر دو تولہ' کاکولی دو تولہ' شیر کاکولی دو تولہ' ملٹھی پانچ تولہ' گاؤجواں پانچ تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' بنسلوچن دو تولہ' تج دو تولہ' الائچی کلاں دو تولہ' بانسہ دو تولہ' تالیس پتر دو تولہ' پیپل دو تولہ' شالپرنی دو تولہ' پوست ہڑکلاں پانچ تولہ' لاکھ دو تولہ' ستاور دو تولہ' چب ایک تولہ' اناردانہ پانچ تولہ' لونگ ایک تولہ' تیج پات ایک تولہ' ناگ

کیسر ایک تولہ صندل سرخ ایک تولہ کافور ایک تولہ بکرے کی یخنی دو سیر زیرہ سفید ایک تولہ زیرہ سیاہ ایک تولہ جاوتری ایک تولہ زعفران ایک تولہ دھنیاں پانچ تولہ مشک چھ ماشہ دودھ دو سیر پانی آٹھ سیر میں گلو سے لے کر صندل تک کی دواؤں کو بارہ گھنٹے بھگو کر بعد یخنی اور دودھ ملا کر باقی سب دواؤں کو ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

نافع تلی، باؤ گولہ اور بواسیر

فوائد: عرق جامن جو تلی، باؤ گولہ اور بواسیر وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: جامن کی چھال چار تولہ جامن کی پتی دس تولہ جامن کی گٹھلی پانچ تولہ اندر جو پانچ تولہ دارہلدی دو تولہ الائچی کلاں دو تولہ پوست ہڑ کلاں پانچ تولہ کوکر بھنگرہ دو تولہ کسوندی پانچ تولہ چیتا پانچ تولہ انجیر دس تولہ دھو کے پھول دو تولہ تک چھکنی دو تولہ مولی کے بیج دو تولہ بدھاری دو تولہ ایکھ کا رس ایک سیر پانی چھ سیر میں بھگو کے عرق کشید کرے۔

خوراک: پانچ تولہ سے چھ تولہ تک ہے۔

نافع فیل پا

فوائد: عرق ہنگوٹھ جو فیل پانوں کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: ہنگوٹھ کی چھال بیس تولہ بائے بڑنگ پانچ تولہ چب پانچ تولہ سونٹھ پانچ تولہ پیپل پانچ تولہ مرچ سیاہ پانچ تولہ ہاروبیر پانچ تولہ بدھاری پانچ تولہ پانی چھ سیر میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چھ تولہ تک۔

نافع بھگندر

فوائد: عرق جھو جو بھگندر کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: املتاس دس تولہ مال کنگنی دس تولہ نسوت پانچ تولہ مجیٹ پانچ تولہ کوٹ چار تولہ نیب کے پتے دس تولہ پانی چار سیر میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

ٹوٹے ہاڑ کو جوڑنا

فوائد: ارجن عرق جو ٹوٹے ہاڑ کو جوڑتا ہے۔

نسخہ: ارجن کے پتے پانچ تولہ ارجن کے پھول پانچ تولہ ہارسنگھار کی چھال پانچ تولہ لاکھ پانچ تولہ اسگندھ پانچ تولہ ستاور پانچ تولہ میدا لکڑی پانچ تولہ بید کی جڑ پانچ تولہ پانی آٹھ سیر میں بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

نافع فالج اور لنگڑ

فوائد: نارائن عرق جو فالج اور لنگڑ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: بیل کی جڑ پانچ تولہ ارنی پانچ تولہ سونا پاڑھا پانچ تولہ پاڑھل پانچ تولہ بکائن پانچ تولہ کھیپ دس تولہ اسگندہ پانچ تولہ کٹیلی پانچ تولہ کٹیلی کلاں پانچ تولہ کھریٹی خورد پانچ تولہ کھریٹی کلاں پانچ تولہ گوکھرو پانچ تولہ سانٹھی کی جڑ پانچ تولہ سونف دو تولہ دیودار دو تولہ جٹاماسی دو تولہ پتھر پھول دو تولہ بچ دو تولہ صندل دو تولہ تگر دو تولہ کوٹ دو تولہ الائچی دو تولہ شالپرنی دو تولہ پیرشپرنی دو تولہ بن مونگ دو تولہ بن اوڑد چار تولہ راسنا دو تولہ اسگندہ دس تولہ ستاور کا رس ایک سیر بکری کا دودھ چار سیر پانی سولہ سیر میں اوّل سب دواؤں کو بارہ گھنٹے بھگو کے بعد دودہ ڈالے اور عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک ہے۔

نافع جذام داد اور کھجلی

فوائد: عرق محیٹہ جو جذام داد اور کھجلی وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: محیٹہ بیس تولہ پوست ہڑ کلاں پانچ تولہ مہوا دس تولہ آنولہ پانچ تولہ گلو پانچ تولہ بچ پانچ تولہ املتاس پانچ تولہ کنگی پانچ تولہ برگ بانسا پانچ تولہ دارہلدی پانچ تولہ ہلدی پانچ تولہ کونچ کی جڑ دو تولہ ستاور دو تولہ کاکولی دو تولہ شیر کاکولی دو تولہ راسنا دو تولہ پیلی سرسوں چار تولہ سہانجنا کی چھال دو تولہ برنے کی چھال دو تولہ۔ ان سب دواؤں کو آٹھ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

گلے کی تکلیف اور منہ کے چھالوں کیلئے

فوائد: عرق شہتوت جو گلے کی بیماری اور منہ کے چھالوں کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: شہتوت کی چھال پندرہ تولہ' شہتوت پندرہ تولہ' شہتوت کے پتے پندرہ تولہ' گوندنی کی چھال پندرہ تولہ' امرود کی چھال پندرہ تولہ' سنگھاڑے کی بیل پندرہ تولہ' کھیر سار پندرہ تولہ' الائچی کی چھلکے پانچ تولہ۔ ان کو آٹھ سیر پانی میں بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

نافع حمل

فوائد: لکھشمنا کا عرق جو حمل کو قائم کرتا ہے۔

نسخہ: لکھشمنا کی جڑ بیس تولہ' صندل سفید پانچ تولہ' خس دو تولہ' ڈاک کے پتے دس تولہ' پٹھانی لودھ پانچ تولہ' پدماک دو تولہ' کپور کچری دو تولہ' ہلدی دو تولہ' دار ہلدی دو تولہ' بچ دو تولہ' کوٹ دو تولہ' کمل کے پھول کی کیسر پانچ تولہ' سفید پھول کی کٹیلی کی جڑ پانچ تولہ' نیلوفر پانچ تولہ' ساریوا پانچ تولہ' باؤبڑنگ دو تولہ' چنبیلی کے پھول بیس تولہ' بال چھڑ دو تولہ' دیودار دو تولہ' گوکھرو پانچ تولہ' ریٹھ کے بیج دو تولہ' کمل سرخ پانچ تولہ' ملٹھی پانچ تولہ' سونف پانچ تولہ' کٹ سریا پانچ تولہ' گلو پانچ تولہ' ساٹھی کی جڑ پانچ تولہ' ستاور پانچ تولہ' ناگ کیسر چار تولہ۔ ان سب کو دس سیر پانی میں بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

کھانے کے بعد قے کا ہونا

فوائد: عرق ناریل جو اَل پتر کی بیماری یعنی کھانے کے بعد قے کا ہونا دور کرتا ہے۔

نسخہ: ناریل کا دودھ تین سیر' بکری کا دودھ ایک سیر' آنولہ کا رس ایک سیر' منقٰی چار تولہ' سونٹھ ایک تولہ' پیپل ایک تولہ' مرچ سیاہ ایک تولہ' الائچی خورد دو تولہ' تیج پات ایک تولہ' دارچینی ایک تولہ' پانی چار سیر میں بھگو کے عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

قوت باہ اور منی میں اضافہ

فوائد: عرق چندر کلا جو قوت باہ کو بڑھاتا ہے اور منی کو پیدا کرتا ہے۔
نسخہ: بداری کند چالیس تولہ' باراہی کند چالیس تولہ' ستاور دس تولہ' موصلی سفید پانچ تولہ' موصلی سیاہ دو تولہ' تال مکھانہ پانچ تولہ' بیج بند پانچ تولہ' اسپغول پانچ تولہ' سیمل کی چھال پانچ تولہ' سیمل کا گوند پانچ تولہ' آم کا گوند پانچ تولہ' آم کے پھول پندرہ تولہ' سیمل کا موسلہ دس تولہ' کیکر کی پھلی پانچ تولہ' مہوے کے پھول چالیس تولہ۔ ان ادویات کو چوبیس گھنٹے بھگو کر بعدہ دودھ دو سیر' گنے کا رس دو سیر' ستاور کا رس چالیس تولہ' بداری کند کا رس چالیس تولہ' تیج پات دو تولہ' سانٹھی دو تولہ' مرچ سیاہ دو تولہ' الائچی کلاں دو تولہ' جاوتری دو تولہ' جائفل دو تولہ' ست سلاجیت دو تولہ' زعفران دو تولہ' مشک تین ماشہ' دارچینی چار تولہ' زیرہ سفید دو تولہ۔ ان سب کو ملا کے عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

اضافہ قوت باہ

فوائد: عرق رتی بردھن جو قوت باہ اور خوشی کو زیادہ کرتا ہے۔
نسخہ: دکھنی سپاری بیس تولہ' دکھنی سپاری کے پھول پانچ تولہ' بھنگ کے پھول پانچ تولہ' بھنگ کے بیج پانچ تولہ' سیمل کا موسلہ دس تولہ' آم کا گوند پانچ تولہ' پستہ کے پھول پانچ تولہ' موصلی سفید پانچ تولہ' موصلی سیاہ دو تولہ' ستاور دو تولہ' تال مکھانہ دو تولہ' شالپرنی دو تولہ' پیرشپرنی دو تولہ' گوکھرو دو تولہ' دھو کے پھول دو تولہ' ارنی دو تولہ' کلیر دو تولہ' الائچی خورد دو تولہ' الائچی کلاں ایک تولہ' جاوتری ایک تولہ' تیج پات ایک تولہ' دارچینی ایک تولہ' جائفل ایک تولہ' کافور ایک تولہ' کیسر ایک تولہ' گوشت مرغ 80 تولہ' آٹھ سیر پانی میں بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

نافع قوت باہ

فوائد: عرق رتی منجری جو قوت باہ اور خوشی کے لمحات کو بڑھاتا ہے۔

نسخہ: مہوے کے پھول چالیس تولہ کونچ کے بیج بیس تولہ کھجور دس تولہ کاکولی پانچ تولہ شیر کاکولی پانچ تولہ ملٹھی پانچ تولہ دشمول دس تولہ سونٹھ دو تولہ مرچ سیاہ دو تولہ پیپل دو تولہ الائچی چھوٹی دو تولہ الائچی بڑی دو تولہ اجوائن دو تولہ دارچینی دو تولہ تیج پات دو تولہ جائفل دو تولہ جاوتری دو تولہ بنسلوچن دو تولہ ستاور دو تولہ تال مکھانہ دو تولہ انگن کے بیج دو تولہ پستہ دو تولہ موچرس دو تولہ میدا لکڑی دو تولہ بکری کا گوشت چالیس تولہ مرغ کا گوشت بیس تولہ کچھوے کا گوشت بیس تولہ زعفران دو تولہ مشک چھ ماشہ۔ ان ادویات کو دس سیر پانی میں بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

سانس اور کھانسی کیلئے

فوائد: عرق بانسا جو سانس اور کھانسی کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: بانسا کے پھول بیس تولہ برگ بانسہ چالیس تولہ بیخ بانسہ بیس تولہ اجوائن دس تولہ لونگ دس تولہ بھرنگی دس تولہ۔ ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

خونی بیماری اور دستوں کیلئے

فوائد: عرق ساکھو جو خونی بیماری اور دستوں کی بیماری کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: ساکھو کی جڑ چالیس تولہ اندرجو پانچ تولہ دھو کے پھول پانچ تولہ بیل گری پانچ تولہ جامن کی پتی پانچ تولہ آم کے پتے پانچ تولہ خس پانچ تولہ بڑ کی داڑھی دو تولہ۔ ان سب دواؤں کو چھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

نافع تلی اور بادی بواسیر

فوائد: عرق منڈی جو تلی اور بادی بواسیر کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: منڈی بیس تولہ چیتا پانچ تولہ پوست ہلیلہ کلاں پانچ تولہ آنولہ دو تولہ کیتھا کی گری پانچ تولہ اندرائن کا گودا پانچ تولہ باؤبڑنگ دو تولہ چیپل دو تولہ پٹھانی لودھ دو تولہ

مرچ سیاہ دو تولہ الائچی دو تولہ۔ ان سب کو آٹھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

نافع بادی بواسیر اور پیٹ کا اپھارہ

فوائد: عرق اونگا جو بادی بواسیر اور پیٹ کے اپھارہ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: سفید پھول کا اونگا چالیس تولہ گلو چالیس تولہ ترپھلا بارہ تولہ گج پیپل دو تولہ چیتا دو تولہ چب دو تولہ ناگرموتھا دو تولہ سفید تلسی کی جڑ دو تولہ۔ ان سب کو آٹھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

عورتوں کے امراض

فوائد: عرق پاکر جو عورتوں کے پدر وغیرہ کی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: پاکر کی چھال بیس تولہ دھو کے پھول پانچ تولہ دودھی پانچ تولہ پاڑھل پانچ تولہ جامن کی گری پانچ تولہ آم کی گری پانچ تولہ گل نیلوفر دو تولہ سیمل کی چھال دو تولہ لاجونتی کی جڑ دو تولہ اتیس دو تولہ بیل گری دو تولہ پٹھانی لودھ دو تولہ صندل سرخ دو تولہ ناگرموتھا دو تولہ کائفل دو تولہ سونٹھ دو تولہ کونچ کی جڑ دو تولہ۔ ان دواؤں کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

نافع نزلہ اور سلسل البول

فوائد: عرق تیندو جو نزلہ اور سلسل البول کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: تیندو کی چھال دس تولہ تیندو کی جڑ دو تولہ تیندو کے پھول پانچ تولہ کیتھا کے پھول پانچ تولہ گوکھرو پانچ تولہ پاکھان بھید دو تولہ بچ دو تولہ ارجن کی چھال دو تولہ پٹھول پتر دو تولہ بجیٹ دو تولہ اگر دو تولہ آنولے دو تولہ شیشم کے پھول دو تولہ ہلدی دو تولہ دار ہلدی دو تولہ پدماک دو تولہ اجمود دو تولہ۔ ان سب کو چار سیر پانی میں چار گھنٹے بھگو کر

عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

درد پسلی

فوائد: عرق بھکر مول جو پسلی کے درد کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: بھکر مول دس تولہ' شالپرنی پانچ تولہ' پیر شپرنی پانچ تولہ' کٹیلی کلاں دو تولہ' کٹیلی خورد دو تولہ' گوکھرو دو تولہ' بیل کی جڑ دو تولہ' ارنی دو تولہ' سونا درخت کی جڑ دو تولہ' کلیر دو تولہ' پاڑھل دو تولہ' تمبر و دو تولہ۔ ان کو چار سیر پانی میں چار گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

سلسل البول کیلئے

فوائد: عرق پٹھانی لودھ ہر قسم کے پرمیہ یعنی سلسل البول کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: پٹھانی لودھ بیس تولہ' کپور کچری پانچ تولہ' بھکر مول دو تولہ' الائچی خورد دو تولہ' مروڑ پھلی دو تولہ' باؤبڑنگ دو تولہ' ہلیلہ کلاں دو تولہ' بہیڑہ دو تولہ' آنولے پان چتولہ' خراسانی اجوائن دو تولہ' چب دو تولہ' پر پنگو دو تولہ' سپاری دو تولہ' اندرائن دو تولہ' چرائتہ دو تولہ' شاہترہ دو تولہ' کنگی دو تولہ' بھارنگی دو تولہ' تگر دو تولہ' چتیا دو تولہ' پیلا مول دو تولہ' کوٹ دو تولہ' آمیں دو تولہ' پاڑھل دو تولہ' اندر جو دس تولہ' ناگ کیسر دو تولہ' نکھہ دو تولہ' تیج پات دو تولہ' مرچ سیاہ دو تولہ' موتھا دو تولہ۔ ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

تپ دق' کھانسی اور ضعف معدہ

فوائد: عرق ستاور جو تپ دق' تپ کہنہ' سانس' کھانسی اور ضعف معدہ وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: ستاور بیس تولہ' ادرک دس تولہ' برگ بانسا پانچ تولہ' بانسا کے پھول پانچ تولہ' کھریٹی کلاں پانچ تولہ' شالپرنی پانچ تولہ' پیر شپرنی پانچ تولہ' منقیٰ پانچ تولہ' کھجور پانچ تولہ' کلیر کے پھول پانچ تولہ' پیپل چھوٹی پانچ تولہ' کاکولی پانچ تولہ' شیر کاکولی پانچ تولہ' الائچی

خورد پانچ تولہ' الائچی کلاں پانچ تولہ' دار چینی دو تولہ' تج پات دو تولہ' بھارنگی دو تولہ' کاکڑا سینگی دو تولہ' زیرہ سفید ایک تولہ' زیرہ سیاہ ایک تولہ' کلونجی ایک تولہ' لونگ دو تولہ' بکری کی یخنی ایک سیر' بکری کا دودھ دو سیر' کدو کا پانی ڈیڑھ سیر' انار کا رس ایک سیر' سیب کا رس چالیس تولہ' ناشپاتی کا رس چالیس تولہ۔ یخنی' دودھ اور رس کے علاوہ باقی سب دواؤں کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر بعد یخنی وغیرہ کو ملا کے عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک ہے۔

بواسیر

فوائد: عرق باہوشرن جو ہر قسم کی بواسیر کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: نسوتھ دس تولہ' بھوا دس تولہ' گوکھرو دس تولہ' چیتا دس تولہ' کپور کچری پانچ تولہ' اندرائن کی جڑ پانچ تولہ' ناگرموتھا پانچ تولہ' سونٹھ دو تولہ' باؤبڑنگ دو تولہ' پوست ہڑ زرد دس تولہ' الائچی خورد چار تولہ' دار چینی دو تولہ' مرچ سیاہ دو تولہ' گج پیپل دو تولہ' اتیس دو تولہ' انار کی چھال دو تولہ' برادہ صندل دو تولہ' دار ہلدی دو تولہ' دیودار دو تولہ' اندرجو دو تولہ' ناگ کیسر چار تولہ' پاڑھل دو تولہ' آنولہ چار تولہ' پوئی کا ساگ چار تولہ' ستاور دو تولہ' دھنیان چار تولہ' کونچ کی جڑ دو تولہ' چوپتہ کا رس ایک سیر' انار کا رس ایک سیر' کچھوے کی یخنی ایک سیر' پرانا گڑ ایک سیر' یخنی اور رسوں کے علاوہ سب ادویات کو بارہ سیر پانی میں 48 گھنٹے بھگو کر بعد اس کے رس اور یخنی شامل کر کے عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

بدہضمی اور قبض

فوائد: عرق اہل بید جو بدہضمی اور قبض کو دور کرتا ہے اور بھوک بہت بڑھاتا ہے۔

نسخہ: اہل بید بیس تولہ' ادرک دس تولہ' پیپل دو تولہ' پیپلا مول دو تولہ' دھنیا دو تولہ' کلونجی دو تولہ' سیندھا نمک دو تولہ' کالا نمک دو تولہ' تالیس پتر دو تولہ' ناگ کیسر دو تولہ' سونچل نمک پانچ تولہ' سیاہ مرچ ایک تولہ' دار چینی ایک تولہ' الائچی خورد ایک تولہ' اناردانہ آٹھ تولہ' تج پات ایک تولہ' چیتا ایک تولہ۔ ان سب کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

تلی' باؤ گولہ اور پیٹ کی بیماریاں

فوائد: عرق اگن مکھ جو تلی' باؤ گولہ اور پیٹ کی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: سجی کھار ایک تولہ' جواکھار ایک تولہ' چیتا پانچ تولہ' پاڑھل پانچ تولہ' کرنجوے کی گری ایک تولہ' سیندھا نمک ایک تولہ' کالا نمک ایک تولہ' سونچل نمک ایک تولہ' چھوٹی الائچی ایک تولہ' تیج پات ایک تولہ' بھارنگی ایک تولہ' باؤبڑنگ ایک تولہ' ہینگ چھ ماشہ' پھکرمول ایک تولہ' کچور کچری ایک تولہ' دارہلدی ایک تولہ' نسوتھ ایک تولہ' ناگرموتھا ایک تولہ' بچ ایک تولہ' اندرجو ایک تولہ' آنولہ ایک تولہ' زیرہ سفید ایک تولہ' املی ایک تولہ' پوست ہلیلہ کلاں ایک تولہ' سیاہ زیرہ ایک تولہ' امل بید ایک تولہ' اناردانہ ایک تولہ' سونٹھ ایک تولہ' مرچ سیاہ ایک تولہ' پیپل ایک تولہ' بھلاوہ کی گری ایک تولہ' اجمود ایک تولہ' اجوائن ایک تولہ' دیودار ایک تولہ' املیس ایک تولہ' کالی نسوتھ ایک تولہ' ہاروبیر ایک تولہ' املتاس ایک تولہ' تل کا کھار ایک تولہ' پاڑھل کا کھار ایک تولہ' سہانجنا کا کھار ایک تولہ' ڈھاک کا کھار ایک تولہ۔ ان سب کو چار سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

تلی اور باؤ گولہ

فوائد: عرق انجیر جو تلی اور باؤ گولہ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: انجیر چالیس تولہ' پیپل پانچ تولہ' اجوائن دو تولہ' چیتا دو تولہ' رائی ایک تولہ' سہانجنا کے بیج دو تولہ' سیل کے پھول بیس تولہ' کرنجوے کے پتے چار تولہ' سونف کی جڑ دو تولہ' مکو دو تولہ' سونٹھ دو تولہ۔ ان سب کو آٹھ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ مقرر ہے۔

بڑھی ہوئی تلی

فوائد: عرق سرپھوکہ جو پرانی اور بہت بڑھی ہوئی تلی کو درست کرتا ہے۔

نسخہ: سرپھوکہ کی جڑ تیس تولہ' سرپھوکے کے پھول پندرہ تولہ' سرپھوکے کے پتے دس تولہ' بیس سال کا پرانا گڑ بیس تولہ۔ ان کو چھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

ورم جگر اور پتھری

فوائد: عرق بکائن جو ورم جگر اور پتھری کو رفع کرتا ہے۔
نسخہ: بکائن کے پھل بیس تولہ سفید پھول کا اونگا دس تولہ ڈھاک کی جڑ پانچ تولہ آنکھا کی جڑ پانچ تولہ تھوہڑ کی جڑ دو تولہ چیتا دو تولہ برنے کی چھال پانچ تولہ برنے کے پھول پانچ تولہ ارنی دو تولہ گوکھرو دو تولہ کٹیلی خورد دو تولہ کٹیلی کلاں دو تولہ کرنج دو تولہ اندر جو دو تولہ توری کی جڑ دو تولہ سانٹھی کی جڑ دو تولہ تلوں کی جڑ دو تولہ پوست ہلیلہ کلاں دس تولہ کلونجی ایک تولہ سونٹھ ایک تولہ مرچ ایک تولہ پیپل ایک تولہ پھکر مول ایک تولہ اجوائن ایک تولہ کپور کچری ایک تولہ۔ ان سب کو دس سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

دق اور سل

فوائد: عرق کلاں تالیس پتر جو دق اور سل کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: تالیس پتر پانچ تولہ چیتا ایک تولہ سونٹھ ایک تولہ مرچ سیاہ ایک تولہ اناردانہ چار تولہ اجمود ایک تولہ گج پیپل ایک تولہ اجوائن ایک تولہ سونف چار تولہ آنولہ چار تولہ باؤبڑنگ ایک تولہ پیپلامول ایک تولہ بچ ایک تولہ ناگ کیسر ایک تولہ ہاروبیر ایک تولہ دھنیا چار تولہ جائفل ایک تولہ لونگ ایک تولہ الائچی خورد ایک تولہ تیج پات ایک تولہ دارچینی ایک تولہ بنسلوچن ایک تولہ برگ بانسہ آٹھ تولہ ملٹھی آٹھ تولہ منقیٰ آٹھ تولہ مصری چالیس تولہ۔ ان سب کو چھ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک ہے۔

آتشک اور جذام / کوڑھ

فوائد: عرق چھتون جو آتشک اور جذام (کوڑھ) کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: چھتون کی چھال دو سیر پوست ہلیلہ زرد بارہ تولہ آنولے آٹھ تولہ بہیڑا چار تولہ

آمیں دو تولہ، املتاس دو تولہ، شاہترہ دو تولہ، خس دو تولہ، مجیٹ دو تولہ، جوانسہ دو تولہ، برادہ صندل دو تولہ، ستاور دو تولہ، ساریوا دو تولہ، چرائتہ دو تولہ۔ ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں بھگو کر 24 گھنٹے کے بعد عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک ہے۔

آتشک اور گٹھیا

فوائد: عرق بجرک جو آتشک اور گٹھیا کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: برگ بانسہ چالیس تولہ، گلو چالیس تولہ، ترپھلا بیس تولہ، پٹھول پتر دس تولہ، کرنجوا پانچ تولہ، نیم کی چھال پانچ تولہ، آسن پانچ تولہ، کالے بید کی جڑ پانچ تولہ۔ ان سب کو بارہ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

گٹھیا بائے

فوائد: عرق چوب چینی جو گٹھیا بائے کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: چوب چینی بیس تولہ، ارنڈ کی جڑ بیس تولہ، سونٹھ دس تولہ، بھلاوہ کی گری پانچ تولہ، سونف پانچ تولہ، منقیٰ پانچ تولہ۔ ان کو چھ سیر پانی میں بھگو کر چھ گھنٹے کے بعد عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک ہے۔

ضعف معدہ، بواسیر اور یرقان

فوائد: عرق ترایمان جو ضعف معدہ، بواسیر اور یرقان کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: ترایمان دس تولہ، ہلدی دو تولہ، دارہلدی دو تولہ، کنگی دو تولہ، نیب کی چھال دو تولہ، پٹھول پتر دو تولہ، ترپھلا تین تولہ، بانسہ دو تولہ، جوانسہ دو تولہ، اندرجو دس تولہ۔ ان کو پانچ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

قوت معدہ، تلی، اپھارہ اور ورم

فوائد: عرق تال مولی جو معدہ کو قوت دیتا ہے اور تلی، اپھارہ اور ورم وغیرہ کو دور کرتا ہے نیز منی کو بڑھاتا ہے۔

نسخہ: تال مکھانہ بیس تولہ، ستاور دس تولہ، گلو دس تولہ، بانسہ دو تولہ، گورکھ منڈی دو تولہ، کھریٹی دو تولہ، کھیرسار پانچ تولہ، ترپھلا پانچ تولہ، بھارنگی پانچ تولہ، پھکر مول پانچ تولہ، دھنیا دو تولہ، باؤبڑنگ دو تولہ، پیپل دو تولہ، سونٹھ دو تولہ، الائچی خورد دو تولہ، سیاہ مرچ دو تولہ، زعفران ایک تولہ، بکرے کی یخنی چالیس تولہ، کبوتر کی یخنی چالیس تولہ، تیتر کی یخنی چالیس تولہ، خرگوش کی یخنی چالیس تولہ۔ ان کو آٹھ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر بعد یخنیوں کو ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

دل اور حافظہ کی مضبوطی

فوائد: عرق سنکھاہولی جو دل کو ٹھہراتا ہے اور حافظے کو بڑھاتا ہے۔

نسخہ: سنکھاہولی کے پھول دس تولہ، کوٹ دو تولہ، اسگندھ دو تولہ، اجمود دو تولہ، زیرہ سفید دو تولہ، زیرہ سیاہ دو تولہ، سونٹھ ایک تولہ، مرچ سیاہ ایک تولہ، پیپل ایک تولہ، برہمی کا رس ایک سیر۔ ان ادویات کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

سوزاک

فوائد: عرق گوکھرو جو سوزاک کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: گوکھرو دس تولہ، دھنیا دس تولہ، بداری کند پانچ تولہ، ڈابھ کی جڑ دو تولہ، الائچی خورد دو تولہ، گلاب کے پھول دو تولہ، سانٹھی کی جڑ دو تولہ، کسیرو دو تولہ، پاکھان بھید دو تولہ، گل نیلوفر دو تولہ، کاکولی دو تولہ، کھیرے کے بیج دو تولہ، پیٹھے کے بیج دو تولہ، تربوز کے بیج دو تولہ، ککڑی کے بیج دو تولہ۔ ان سب کو چار سیر پانی میں چار گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

کبڑے اور لنگڑے

فوائد: عرق پارسانی جو کبڑے اور لنگڑے کو مفید ہے۔

نسخہ: کھیپ چالیس تولہ ستاور دس تولہ کھریٹی پانچ تولہ کونچ کی جڑ دو تولہ اسگندھ چار تولہ تیج پات ایک تولہ پیپلا مول تولہ دارچینی ایک تولہ لونگ ایک تولہ دیودار ایک تولہ۔ ان سب کو پانچ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

جذام/کوڑھ اور کھجلی

فوائد: عرق مجیٹ جو ہر قسم کے جذام (کوڑھ) اور کھجلی وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: مجیٹ دس تولہ کوڑے کی چھال پانچ تولہ گلو پانچ تولہ ناگرموتھا دو تولہ بچ دو تولہ سونٹھ دو تولہ ہلدی دو تولہ کٹیلی دو تولہ نیب کی چھال دو تولہ پھول پتر دو تولہ کوٹ دو تولہ کنکی دو تولہ بھارنگی دو تولہ باؤبڑنگ دو تولہ چیتا دو تولہ مروڑ پھلی دو تولہ دیودار دو تولہ اندرجو دو تولہ بھنگرا دس تولہ پیپل دو تولہ ترایمان دو تولہ پاڑھل دو تولہ ستاور دو تولہ کھیرسار دو تولہ ہڑ بارہ تولہ آنولے آٹھ تولہ بھیڑا چار تولہ چرائتہ چار تولہ بکائن چار تولہ آسن چار تولہ املتاس چار تولہ نسوتھ چار تولہ بانچی دو تولہ صندل سرخ دو تولہ برنے کی چھال چار تولہ کرنجوا دو تولہ ساکھو کی چھال دو تولہ بانسہ دو تولہ شاہترہ دو تولہ بندال دو تولہ اتیس دو تولہ جوانسا بال چھڑ دو تولہ۔ ان ادویہ کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک۔

باری کے بخار اور خسرہ

فوائد: عرق گج پیپل جو ہر قسم کے باری کے بخار اور موتی جھارا/سیتلا وغیرہ کے بگاڑ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: گج پیپل پانچ تولہ سنبھالو پانچ تولہ دیودار پانچ تولہ پدماک چار تولہ پیابانسہ دو تولہ دھنیا دو تولہ برہمی پانچ تولہ ترایمان چار تولہ کھرا دو تولہ چرائتہ دو تولہ گلو دو تولہ

بھکرمول دو تولہ' پوست ہلیلہ کلاں پانچ تولہ۔ ان سب کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

سرسام

فوائد: عرق صندل جو سرسام کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: ملیاگری صندل بیس تولہ' نیب کی چھال پانچ تولہ' سونٹھ دو تولہ' بیل کی جڑ چار تولہ' کلیر چار تولہ' لسوڑا چار تولہ' ساکھو چار تولہ' تگر دو تولہ' گل نیلوفر دو تولہ' سونف دو تولہ' گلاب کے پھول دو تولہ' ترایمان چار تولہ' شاہترہ دو تولہ' گاؤزبان دو تولہ۔ ان ادویہ کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

دردسر

فوائد: عرق آنولہ جو دردسر کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: آنولے بارہ تولہ' پوست ہلیلہ زرد آٹھ تولہ' بہیڑا چار تولہ' چرائتہ دو تولہ' دارہلدی دو تولہ' نیب کی چھال دو تولہ' گلو دو تولہ' منقیٰ آٹھ تولہ۔ ان کو چار سیر پانی میں تین گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک ہے۔

کمر کا اکڑاؤ اور درد پسلی

فوائد: عرق راسنا جو کمر کے اکڑاؤ اور جانگھ کے اکڑاؤ کو دور کرتا ہے اور درد پسلی کو بھی رفع کرتا ہے۔

نسخہ: راسنا چالیس تولہ' گوکھرو تیس تولہ' ارنڈ کی جڑ بیس تولہ' دیودار دس تولہ' سانٹھی کی جڑ پانچ تولہ' گلو پانچ تولہ' املتاس پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ۔ ان ادویات کو دس سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

رعشہ اور فالج

فوائد: عرق راسنا جو رعشہ اور فالج کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: راسنا بیس تولہ' جوانسا دو تولہ' کھریٹی خورد دوتولہ' ارنڈ کی جڑ دوتولہ' دیودار دوتولہ' کپور کچری دوتولہ' بچ دوتولہ' برگ بانسا ایک تولہ' سونٹھ دوتولہ' پوست ہلیلہ زرد دو' چب دوتولہ' ناگرموتھا دوتولہ' سانٹھی کی جڑ دوتولہ' گلو دوتولہ' بدھارا دوتولہ' سونف دوتولہ' گوکھرو دوتولہ' اسگندھ دوتولہ' آمیں دوتولہ' املتاس دوتولہ' ستاور دوتولہ' پیپل دو تولہ' کٹ سریا دوتولہ' دھنیا دوتولہ' کٹیلی خورد دوتولہ' کٹیلی کلاں دوتولہ' شکر چالیس تولہ۔ ان ادویات کو 36 گھنٹے بارہ سیر پانی میں بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

ہاتھ کا بیکار ہونا

فوائد: عرق بدھارا جو اپباہک یعنی ہاتھ کا بیکار ہونا' دور کرتا ہے۔

نسخہ: بدہاری دس تولہ' گلو دس تولہ' کلتھی دس تولہ' اسگندھ دس تولہ' سونٹھ دس تولہ' سونف دس تولہ۔ ان ادویات کو چھ سیر پانی میں بھگو کر بعد بارہ گھنٹے کے عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

چھاتی کا درد

فوائد: عرق ارنڈ جو چھاتی کے درد کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: ارنڈ کی جڑ دس تولہ' بجور کی جڑ دس تولہ' گوکھرو دس تولہ' کٹیلی خورد کی جڑ پانچ تولہ' کٹیلی کلاں کی جڑ پانچ تولہ' پاکھان بھید دس تولہ' بیل کی جڑ دس تولہ' جواکھار پانچ تولہ۔ ان ادویات کو پانی چھ سیر میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

سلسل البول

فوائد: عرق آنولہ جو ہر قسم کے پرمیہ یعنی سلسل البول کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: آنولے بیس تولہ' ہلدی دس تولہ' گلو بیس تولہ' شیشم کے پتے دس تولہ۔ ان

ادویات کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

باری کے بخار

فوائد: عرق تلسی جو ہر قسم کے بارے کے بخار کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: تلسی کے پتے دس تولہ' کوما کے پتے بیس تولہ' کالی مرچ بیس تولہ۔ ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

خونی دست

فوائد: عرق جامن جو خون کے دستوں کو رفع کرتا ہے۔
نسخہ: جامن کے پتے چالیس تولہ' آم کی کونپل چالیس تولہ' آنولہ کے پتے چالیس تولہ' اندرجو بیس تولہ' دھو کے پھول پانچ تولہ' لودھ پٹھانی پانچ تولہ۔ ان کو بارہ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

دستوں کیلئے

فوائد: عرق کیکر جو ہر قسم کے دستوں کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: کیکر کی پتی بیس تولہ' سونا درخت کی چھال بیس تولہ' کوڑے کی چھال بیس تولہ' موچرس پانچ تولہ' بیل گری پانچ تولہ' اسپغول پانچ تولہ' پوست کے ڈوڈے پانچ تولہ۔ ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں بھگو کر چھ گھنٹے کے بعد عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

فوطوں کا درد

فوائد: عرق ادرک جو فوطوں کے درد کو رفع کرتا ہے اور سانس' کھانسی' زکام وغیرہ کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: ادرک کچلا ہوا بیس تولہ' کرنجوا دو تولہ' پیپل دو تولہ' پیپلامول دو تولہ' اجمود دو تولہ'

بہارنگی دو تولہ' پوست ہلیلہ کلاں دس تولہ' گڑ پرانا تیس تولہ۔ ان سب کو پانی چھ سیر میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کرشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

نافع خفقان

فوائد: عرق برہمی جو ہر قسم کے خفقان کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: برہمی بیس تولہ' پیٹھا صاف کیا ہوا بیس تولہ' کھجور پانچ تولہ' بچ پانچ تولہ' سنکھا ہولی 5 تولہ' کوٹ 5 تولہ' شکر 20 تولہ۔ ان کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ۔

دماغ میں گرمی

فوائد: عرق پیٹھا جو کوٹو وغیرہ کے قسم کی زہریلی چیز کھانے سے جو دماغ میں گرمی چڑھ جاتی ہے' اس کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: پیٹھے کا رس چھ سیر' چولائی کے بیج دو تولہ' کافور تین تولہ' گڑ پرانا چالیس تولہ۔ ان ادویہ کو پیٹھے کے رس میں تین گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

تلی کا درد

فوائد: عرق کماری جو تلی کے درد کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: ہلدی بیس تولہ کو پانچ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر بعدہٗ گھیکوار کا گودا چالیس تولہ ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

آدھا سیسی

فوائد: عرق منڈی جو آدھا سیسی کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: گورکھ منڈی بیس تولہ' عناب دس تولہ' کالی مرچ دو تولہ' سونف پانچ تولہ۔ ان کو چار سیر پانی میں بھگو کر چار گھنٹے بعد عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

چوٹ کا درد اور زخم

فوائد: عرق گنگوروا جو لگانے اور پینے سے چوٹ کے درد کو رفع کرتا ہے اور زخم کو اچھا کر دیتا ہے۔

نسخہ: گنگوروا کی چھال ایک سیر، میدا لکڑی بیس تولہ، ہلدی دس تولہ، شکر چالیس تولہ۔ ان کو آٹھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

ضعف معدہ اور بھوک

فوائد: عرق اُرلو جو ضعف معدہ کو رفع کرتا ہے اور بھوک بڑھاتا ہے۔

نسخہ: اُرلو کی چھال چالیس تولہ، سونف بیس تولہ، کیسر پانچ تولہ، دارچینی پانچ تولہ۔ ان کو چھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

دستوں کی بیماری

فوائد: عرق پنج پلل جو ہر قسم کے دستوں کی بیماری کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: بڑ کے درخت کی چھال دس تولہ، پیپل کی چھال دس تولہ، گولر کی چھال دس تولہ، پاکر کی چھال دس تولہ، پارس پیپل کی چھال دس تولہ۔ ان سب چھالوں کو سولہ سیر پانی میں بھگو کر بعد سفید تیتر کا صاف کیا ہوا گوشت پچاس تولہ ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

استفراغ

فوائد: عرق بیجورا جو سنی بات کی چھدی یعنی استفراغ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: بیجورے کے پتے دس تولہ، بیجورے کی جڑ پانچ تولہ، آم کے پتے دس تولہ، آم کی جڑ پانچ تولہ۔ ان سب کو چھ سیر پانی میں بھگو کر بعد چھ گھنٹے کے عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

سخت درد گٹھیا

فوائد: عرق سونٹھ جو گٹھیا کے سخت درد کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: ارنڈ کی جڑ چالیس تولہ کو پانچ سیر پانی میں پیس کر چھان لے بعد سونٹھ بیس تولہ کو کچل کر اس پانی میں چھ گھنٹے بھگو دے اور عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

متلی' پیاس اور بخار

فوائد: عرق دھنیا (کشنیز) جو متلی و پیاس اور ہر قسم کے بخار کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: دھنیا دس تولہ' پدماک دس تولہ' گلو دس تولہ' نیب کی چھال پانچ تولہ' صندل سرخ پانچ تولہ۔ ان کو پانچ سیر پانی میں بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

آنکھوں کی بیماریاں

فوائد: عرق دارہلدی جو ہر قسم کی آنکھ کی بیماری کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: دارہلدی پانچ تولہ' بانسا پانچ تولہ' سونٹھ دو تولہ' گلو دو تولہ' صندل سرخ دو تولہ' چیتا پانچ تولہ' چرائتہ دو تولہ' نیب کی چھال دو تولہ' کٹکی دو تولہ' پھول پتر دس تولہ' ترپھلا بارہ تولہ' ناگرموتھا دو تولہ' اندرجو پانچ تولہ۔ ان کو پانچ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

کپکپی اور بخار

فوائد: عرق شالپرنی جو کپکپی اور ہر قسم بخار کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: شالپرنی دس تولہ' کھریٹی دس تولہ' راسنا پانچ تولہ' گلو پانچ تولہ' ساریوا پانچ تولہ۔ ان کو پانچ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

پیاس، جلن اور نکسیر

فوائد: عرق شاہترہ جو پیاس، جلن اور نکسیر (رکت پت) کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: شاہترہ دس تولہ، پیابانسا پانچ تولہ، پرمنگو دس تولہ، جوانسا دس تولہ، سونف دس تولہ، گاؤزبان دس تولہ، شکر چالیس تولہ۔ ان کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک۔

قبض اور بے ہوشی

فوائد: عرق منقیٰ جو بے ہوشی اور قبض کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: منقیٰ چالیس تولہ، پوست ہلیلہ کلاں دس تولہ، ناگرموتھا پانچ تولہ، کٹکی پانچ تولہ، املتاس پانچ تولہ، شاہترہ پانچ تولہ، مصری چالیس تولہ۔ ان کو آٹھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

صفرا اور بلغم کا بخار

فوائد: عرق امرتاشرک جو صفرا اور بلغم کے بخار کو دور کرتا ہے اور آروچ (متلی، پیاس) وغیرہ کو بھی رفع کرتا ہے۔
نسخہ: گلو دس تولہ، نیب کی چھال پانچ تولہ، کٹکی پانچ تولہ، ناگرموتھا دس تولہ، اندرجو دس تولہ، سونٹھ پانچ تولہ، پھول پتر دس تولہ، برادہ صندل پانچ تولہ، پیپل پانچ تولہ۔ آٹھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

بخار جس میں پیشاب پاخانہ کی کمی ہو

فوائد: عرق پاڑھل اُس بخار کو دور کرتا ہے جس میں بکواد سانس، اونگھ ہوتا ہے اور دست و پیشاب نہیں ہوتا۔
نسخہ: پاڑھل دس تولہ، ہلیلہ پانچ تولہ، سونٹھ پانچ تولہ، پدماک پانچ تولہ، لال صندل پانچ تولہ، موتھا پانچ تولہ، دھنیا پانچ تولہ، برگ بانسا پانچ تولہ، اندرجو پانچ تولہ، خس پانچ تولہ، گلو

پانچ تولہ، املتاس پانچ تولہ۔ ان کو چھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

درد پسلی اور چھاتی کا رکاؤ

فوائد: عرق کلیر جو درد پسلی ہچکی، سانس، کھانسی، چھاتی کے رکاؤ اور سن پات وغیرہ کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: کلیر دس تولہ، دیودار دو تولہ، شالپرنی تین تولہ، گج پیپل چار تولہ، دھنیا (کشنیز) دو تولہ، ناگرموتھا دو تولہ، چرائتہ دو تولہ، کٹکی دو تولہ، اندرجو دو تولہ، پھٹون دو تولہ، گوکھرو دو تولہ، پٹول پتر دو تولہ، ارنی دو تولہ، سونا کی چھال دو تولہ، پاڑھل دو تولہ۔ ان کو آٹھ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

رکنترا بخار

فوائد: عرق پٹول پتر جو رکنترا بخار کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: پٹول پتر چالیس تولہ، منقیٰ چالیس تولہ، آنولے پانچ تولہ، املتاس پانچ تولہ، پوست ہلیلہ پانچ تولہ، بانسا پانچ تولہ، بہیڑا دو تولہ، نیب کی چھال دو تولہ، شکر چالیس تولہ۔ ان دواؤں کو دس سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

چوتھیا بخار

فوائد: عرق صندل جو چوتھیا بخار کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: برادہ صندل دس تولہ، ہرہل کی پتی دس تولہ، پیلی خس دس تولہ، دھنیا (کشنیز) پانچ تولہ، گلو پانچ تولہ، ناگرموتھا پانچ تولہ، سونٹھ پانچ تولہ، مصری بیس تولہ۔ ان کو پانی چھ سیر میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک۔

چوتھیا بخار، کھانسی وغیرہ

فوائد: عرق دیودار جو چوتھیا بخار کو دور کرتا ہے اور سانس، کھانسی، مندا گنی کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: دیودار دس تولہ، آنولے دس تولہ، پیابانسا پانچ تولہ، شالپرنی دس تولہ، سونٹھ پانچ تولہ، پوست ہلیلہ کلاں پانچ تولہ، مصری بیس تولہ۔ ان کو پانچ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

دست، بخار اور حلق سے خون آنا

فوائد: عرق بال چھڑ جو دست، بخار اور رکت پت یعنی حلق سے خون آنا بند کرتا ہے۔

نسخہ: بال چھڑ دس تولہ، شاہترہ دس تولہ، گلو دس تولہ، بیل کی جڑ دس تولہ، دھنیا پانچ تولہ، خس پانچ تولہ، آمیں دس تولہ، پاڑھل پانچ تولہ، صندل سرخ پانچ تولہ، سونٹھ پانچ تولہ، اندر جو پانچ تولہ، چرائتہ پانچ تولہ۔ ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

آنوں کے دست اور مروڑ

فوائد: عرق بالچھڑ جو آنوں کے دست اور مروڑ کو دور کرتا ہے اور ہاضمہ اور بھوک کو بھی بڑھاتا ہے۔

نسخہ: بال چھڑ دس تولہ، سونف دس تولہ، لاجونتی کی جڑ پانچ تولہ، آم کی گٹھلی دو تولہ، سونٹھ دو تولہ، ناگر موتھا پانچ تولہ۔ ان دواؤں کو پانچ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

خون کے دست

فوائد: عرق اندر جو جو بہت دنوں کے آنوں اور خون کے دستوں کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: اندر جو بیس تولہ، آمیں دس تولہ، پاڑھل پانچ تولہ، دھو کے پھول پانچ تولہ، پٹھانی

لودھ پانچ تولہ' موتھا پانچ تولہ' ہاروبیر پانچ تولہ' انار دانہ دس تولہ' موچرس پانچ تولہ۔ ان ادویہ کو دس سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

آنوں اور دستوں کی بیماری

فوائد: عرق ہاروبیر جو بہت دنوں کی آنوں کی مروڑ اور دستوں کی بیماری و اروچ بخار وغیرہ کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: ہاروبیر بیس تولہ' دھو کے پھول دس تولہ' پٹھانی لودھ پانچ تولہ' پاڑھل پانچ تولہ' لاجونتی کی جڑ پانچ تولہ' اندرجو کی چھال پانچ تولہ' دھنیا پانچ تولہ' آتیس پانچ تولہ' ناگرموتھا پانچ تولہ' گلو پانچ تولہ' بیلگری پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ۔ ان ادویہ کو کچل کے آٹھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کے عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک ہے۔

بچوں کے دست

فوائد: عرق دھو جو بچوں کے دستوں کی بیماری کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: دھو کے پھول دس تولہ' بیلگری دس تولہ' باچھڑ پانچ تولہ' گج پیپل پانچ تولہ' مصری بیس تولہ۔ ان کو چار سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: ایک تولہ سے دو تولہ تک۔

سنگرہنی' اپھارہ اور پیٹ کا درد

فوائد: عرق کمرپٹی جو بائی کی سنگرہنی' اپھارہ اور پیٹ کے درد کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: کمرپٹی خورد بیس تولہ' بیل کی جڑ دس تولہ' شالپرنی دس تولہ' دھنیاں دس تولہ' سونٹھ دس تولہ' شہد خالص بیس تولہ۔ ان کو پانچ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

آنوں کی سنگرہنی

فوائد: عرق بیل جو آنوں کی سنگرہنی کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: بیل کی جڑ بیس تولہ' آم کی گٹھلی دس تولہ' اندر جو دس تولہ' دھنیا پانچ تولہ' پھول پتر پانچ تولہ' مصری بیس تولہ' شہد خالص بیس تولہ۔ ان کو چھ سیر پانی میں تین گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک' یہ نسخہ ہاضم بھی ہے۔

کمی خون کی بیماری

فوائد: عرق موسا کانی جو کمی خون کی بیماری کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: موسا کانی بڑی بیس تولہ' سہانجنا کی چھال دس تولہ' ناگرموتھا پانچ تولہ' دیودار پانچ تولہ' پوست ہلیلہ زرد پانچ تولہ' آنولہ چار تولہ' بہیڑا تین تولہ۔ ان کو آٹھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

دردشکم' کھانسی' پیٹ کا ورم

فوائد: عرق سونٹھ جو کمل بائی' دردشکم' سانس' کھانسی' پیٹ کے ورم اور بدن کی سوجن کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: سونٹھ کی جڑ چالیس تولہ' پوست ہلیلہ کلاں بیس تولہ' نیب کی چھال پانچ تولہ' دارہلدی پانچ تولہ' کٹکی پانچ تولہ' پھول پتر دس تولہ' گلو پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' گڑ پرانا بیس سال کا چالیس تولہ۔ ان کو بارہ سیر پانی میں 48 گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

بادی اور کف کی کھانسی

فوائد: عرق کلتھی جو بادی اور کف کی کھانسی اور سانس کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: کلتھی ساٹھ تولہ' بانسا دس تولہ' ملہٹی دس تولہ' کیکر کی چھال دس تولہ' گاؤزبان دس تولہ' بھارنگی پانچ تولہ' کاکڑا سینگی چار تولہ' سونٹھ چار تولہ' پوکھر چار تولہ' پرانا گڑ ساٹھ تولہ۔ ان ادویہ کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

استفراغ

فوائد: عرق میوڑی جو استفراغ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: میوڑی کے بیج دس تولہ شاہترہ پانچ تولہ الائچی خورد پانچ تولہ تج پات پانچ تولہ سیتل چینی پانچ تولہ خس پانچ تولہ پیپل پانچ تولہ۔ ان کو آٹھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

لقوہ کی بیماری

فوائد: عرق پوکھر مول جو لقوہ کی بیماری کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: پوکھر مول دس تولہ میوڑی کے پتے دس تولہ کلیر دس تولہ سہانجنا کی چھال پانچ تولہ ارنڈ کی جڑ پانچ تولہ پیپلامول پانچ تولہ دارچینی پانچ تولہ ارنی پانچ تولہ ساریوا پانچ تولہ ارلو پانچ تولہ۔ ان کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک۔

ہاتھ' پیر اور پیٹ کی سوجن

فوائد: عرق چیتا جو ہاتھوں پیروں کی سوجن اور پیٹ کی سوجن کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: چیتا دس تولہ گلو دس تولہ بھارنگی پانچ تولہ سونٹھ کی جڑ پانچ تولہ دیودار دو تولہ سونٹھ پانچ تولہ دارہلدی پانچ تولہ۔ ان سب کو آٹھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

فوطوں کی سوجن

فوائد: عرق راسنا جو فوطوں کی سوجن کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: راسنا بیس تولہ گلو بیس تولہ کھریٹی بیس تولہ ملٹھی پانچ تولہ گوکھرو پانچ تولہ ارنڈ کی جڑ پانچ تولہ۔ ان ادویات کو دس سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

آنتوں کا اُترنا

فوائد: عرق برنا جو آنتوں کے اُترنے کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: برنے کی چھال بیس تولہ' کرنجوے کی چھال پانچ تولہ' ارنڈ کی جڑ پانچ تولہ' سرس کی چھال پانچ تولہ' کچنال کی چھال پانچ تولہ' اندرائن کے پھل پانچ تولہ' پہاڑی رتن جوت پانچ تولہ' انکول پانچ تولہ' مولسری کی چھال پانچ تولہ۔ ان سب کو آٹھ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

نافع زہرباد

فوائد: عرق مینڈھا سینگی جو زہرباد کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: مینڈھا سینگی ایک سیر' پتھر پھول بیس تولہ' سفید پھول کا اونگہ دس تولہ' کٹ سریا پانچ تولہ' چیتا پانچ تولہ' سہانجنا کی چھال پانچ تولہ' اگست کی چھال پانچ تولہ' املی کے چھال پانچ تولہ' کالی زیری پانچ تولہ' موچرس پانچ تولہ' ستاور پانچ تولہ' تاڑ کا پھل پانچ تولہ۔ ان ادویات کو سولہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

بھگندر

فوائد: عرق بجے سار جو بھگندر کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: بجے سار دس تولہ' ترپھلا بارہ تولہ' کھیرسار بارہ تولہ' بڑھ کی چھال چار تولہ' کٹیلی کلاں چار تولہ' باؤبڑنگ چار تولہ' کریل کی چھال پانچ تولہ' گولر کی چھال پانچ تولہ' مڑوڑ پھلی پانچ تولہ' چرائتہ پانچ تولہ' شاہترہ پانچ تولہ' کھورکچری پانچ تولہ۔ ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

آنکھوں کی بیماری اور مرگی

فوائد: عرق تگر جو آنکھوں کی بیماری اور مرگی کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: تگر دس تولہ' گل نیلوفر پانچ تولہ' کنول سرخ پانچ تولہ' کنول سفید پانچ تولہ' ملٹھی پانچ تولہ' گورکھ منڈی پانچ تولہ' مہوے کے پھول پانچ تولہ' منقیٰ پانچ تولہ' آنولہ پانچ تولہ' مال کنگنی کے پھول پانچ تولہ' گوکھرو پانچ تولہ' کاکولی پانچ تولہ' سونف پانچ تولہ' دھنیا پانچ تولہ' دارہلدی دو تولہ' نیب کے پھول دو تولہ' ترایمان دو تولہ' کنول ککڑی دو تولہ۔ ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرنے سے پہلے گائے کا دودھ دو سیر ملا کر عرق کھینچے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

دل کی گھبراہٹ' غشی اور صفراوی بخار

فوائد: عرق فالسہ جو دل کی گھبراہٹ' پیاس' غشی اور صفراوی بخار کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: فالسہ ایک سیر' مہوے کے پھول بیس تولہ' ملٹھی دس تولہ' برادہ صندل پانچ تولہ' کنول کی جڑ پانچ تولہ' کلیر پانچ تولہ' سیوتی کے پھول پانچ تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' خس پانچ تولہ' کافور ایک تولہ' زعفران چھ ماشہ' مصری ایک سیر' انگور کا رس ایک سیر' انار کا رس چالیس تولہ' سیب کا رس چالیس تولہ۔ پہلے ان سب ادویہ کو بارہ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگوئیں اور پھر رسوں کو ملا کر عرق کشید کریں۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

شراب کا بگاڑ

فوائد: عرق کھجور جو ہر قسم کے شراب کے بگاڑ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: کھجور چالیس تولہ' بیدانہ دس تولہ' منقیٰ دس تولہ' املی دس تولہ' آنولے دس تولہ' گلاب کے پھول پانچ تولہ' سونف پانچ تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' الائچی کلاں دو تولہ' سیتل چینی دو تولہ' کسیرو چار تولہ' دھنیاں دو تولہ' زیرہ سفید دو تولہ' تیج پات ایک تولہ' دارچینی ایک تولہ' مصری ایک سیر۔ ان کو بارہ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

خونی بواسیر

فوائد: عرق کٹھیا گولر جو گھمیر اور گرمی کے درد سر پیاس وغیرہ کو رفع کرتا ہے اور خونی بواسیر کے لئے بھی مفید ہے۔

نسخہ: کٹھیا گولر بیس تولہ ملٹھی پانچ تولہ گل نیلوفر پانچ تولہ گورکھ منڈی پانچ تولہ خس پانچ تولہ پدماک پانچ تولہ پاکر کے پھول پانچ تولہ کنول گٹے پانچ تولہ گلو پانچ تولہ فالسہ کی چھال پانچ تولہ مصری چالیس تولہ۔ ان کو آٹھ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

زکام اور درد معدہ

فوائد: عرق ہنس راج جو زکام اور کھانا تحلیل ہوتے وقت جو درد ہوتا ہے اس کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: ہنس راج بیس تولہ لسوڑا دس تولہ گاؤزبان دس تولہ عناب دس تولہ۔ ان ادویات کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

مرگی اور چھاتی کی دھڑکن

فوائد: عرق ترایمان جو مرگی اور چھاتی کے دھڑکنے کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: ترایمان دس تولہ پرینگو دس تولہ شالپرنی پانچ تولہ پیر شپٹرنی پانچ تولہ پدماک پانچ تولہ کمل گٹے پانچ تولہ کاکولی پانچ تولہ ہنس راج پانچ تولہ تالیس پتر دو تولہ برادہ صندل دو تولہ جوانسہ چار تولہ۔ ان ادویات کو چھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

آتشک اور باؤ گولہ

فوائد: عرق کوا ٹھوڑی جو تلی اور باؤ گولہ کو دور' آتشک وغیرہ بیماریوں کو رفع کرتا

نسخہ: کرنجوے کی گری دس تولہ' چھوتن پانچ تولہ' پیپل دو تولہ' پیپلامول دو تولہ' ملٹھی دو تولہ' اندرائن کی جڑ دو تولہ' جوانسہ دو تولہ' برادہ صندل دو تولہ' پیلا صندل دو تولہ' ستاور دو تولہ' اگر دو تولہ' بجے سار دو تولہ' خس دو تولہ' بال چھڑ دو تولہ' کیوڑے کی جڑ دو تولہ' چرائتہ دو تولہ' شاہتہر دو تولہ' پھول پتر دو تولہ۔ ان کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

دردِ سر' دردِ شکم' پیاس

فوائد: عرق چکر پانی جو چوتھیا بخار کو دور کرتا ہے اور دردِ سر' پیاس' متلی' دردِ شکم وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: خس چار تولہ' الائچی خورد دو تولہ' الائچی کلاں دو تولہ' صندل سفید دو تولہ' صندل سرخ ایک تولہ' سونٹھ چار تولہ' ناگرموتھا ایک تولہ' دھنیاں دو تولہ' پیپل خورد ایک تولہ' منقیٰ بیس تولہ' مصری بیس تولہ۔ ان ادویات کو معہ مصری کے چھ سیر پانی میں 48 گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

چوتھیا بخار

فوائد: عرق دیودار جو چوتھیا بخار اور تلی کے مرض کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: دیودار دس تولہ' آنولہ دس تولہ' پوست ہلیلہ زرد دس تولہ' شالپرنی دس تولہ' بانسہ چار تولہ' سونٹھ چار تولہ' پرانا گڑ چالیس تولہ۔ ان کو آٹھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

سردی کا بخار

فوائد: عرق شیت بھنجی جو سردی/ جاڑے کے ہر قسم کے بخار کو اکسیر ہے۔

نسخہ: اندرجو دس تولہ' کسوندی بوٹی کی جڑ دس تولہ' بانسا دس تولہ' گلو دس تولہ' سنبھالو کی جڑ دس تولہ' بھنگرہ دس تولہ' سونٹھ دس تولہ' کٹیلی چھوٹی دس تولہ' اجوائن دس تولہ' الائچی کلاں

پانچ تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' منقیٰ چالیس تولہ۔ ان کو بارہ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

دن میں دو مرتبہ آنے والا بخار

فوائد: عرق کنگی جو ایک دن میں دو مرتبہ آنے والے بخار کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: کنگی دس تولہ' خس دس تولہ' کھریٹی دس تولہ' دھنیاں دس تولہ' پت پاپڑا دس تولہ' ناگرموتھا دس تولہ۔ ان کو چھ سیر پانی میں بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔ ایک دن میں تین مرتبہ دیں۔

دق' درد پسلی اور استفراغ

فوائد: عرق ساریوا جو باری کے بخار' پرانی بلغمی کھانسی' دق' دردسر' درد پسلی استفراغ' ورم یرقان وغیرہ بیماریوں کو رفع کرتا ہے۔

یہ نسخہ بھوک بھی بڑھاتا ہے۔

نسخہ: ساریوا بیس تولہ' آنولے دس تولہ' شالپرنی پانچ تولہ' پیپل چھوٹی دو تولہ' کنگی دو تولہ' بال چھڑ دو تولہ' تیج پات دو تولہ' ترایمان دو تولہ' عناب دس تولہ' ملٹھی پانچ تولہ' گاؤزبان پانچ تولہ' بادیان پانچ تولہ' بیخ بادیان دو تولہ' کٹیلی خورد دو تولہ' بیل کی جڑ دو تولہ' برادہ صندل دو تولہ' اتیس دو تولہ' ناگرموتھا ایک تولہ' اندرجو دو تولہ' منقیٰ چالیس تولہ۔ ان سب کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: 0.2 تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

بخار صفرا اور دست

فوائد: عرق اتیس جو بخار صفرا اور دستوں کی بیماری کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: اتیس پانچ تولہ' گلو دس تولہ' اندرجو دس تولہ' ناگرموتھا پانچ تولہ' چرائتہ پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' زیرہ سفید پانچ تولہ' بادیان پانچ تولہ۔ ان کو پانی چھ سیر میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

متلی، پیاس، استفراغ

فوائد: عرق سرخ کمل جو متلی، پیاس، استفراغ اور جلن، اروچ اور ہر قسم کی دستوں کی بیماری کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: کمل سرخ بیس تولہ، کمل سفید پانچ تولہ، خس زرد پانچ تولہ، خس پانچ تولہ، کوٹ کی چھال پانچ تولہ، پاڑھل پانچ تولہ، دھنیا پانچ تولہ، چرائتہ پانچ تولہ، ناگرموتھا دو تولہ، بال چھڑ دو تولہ، بیل گری دو تولہ، اتیس دو تولہ، تیج پات ایک تولہ، دارچینی ایک تولہ، سونٹھ ایک تولہ، ناگ کیسر ایک تولہ۔ ان کو چھ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: 0.2 تولہ سے 3 تولہ تک۔

ورم جگر، ضعف معدہ

فوائد: عرق کردیاد جو بھوک بہت بڑھاتا ہے اور ورم جگر، تلی، ضعف معدہ، باؤ گولہ وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: بادیان دس تولہ، بیخ بادیان پانچ تولہ، سونٹھ پانچ تولہ، برنجاسف پانچ تولہ، مکو پانچ تولہ، ناگ کیسر ایک تولہ، چیتا پانچ تولہ، سفید زیرہ دو تولہ، سیاہ زیرہ ایک تولہ، دارچینی ایک تولہ، بال چھڑ ایک تولہ، الائچی کلاں دو تولہ، سیاہ مرچ دو تولہ، پیپل چھوٹی ایک تولہ، چب ایک تولہ، بجورا لیموں کا کھار ایک تولہ، پانچوں نمک پانچ تولہ، امل بید پانچ تولہ، لوبان ایک تولہ، کھٹے انار کا رس دو سیر، پانی چھ سیر میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: ایک تولہ سے دو تولہ تک مقرر ہے۔

پرانی کھانسی، سل، دمہ

فوائد: عرق آنند بھیرو جو ہر قسم کی پرانی کھانسی، سل، دمہ وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔

یہ نسخہ دل اور دماغ کو بھی قوت دیتا ہے۔

نسخہ: کیکر کی چھال ایک سیر، منقیٰ ایک سیر، کھجور دس تولہ، ملٹھی دس تولہ، الائچی خورد دس تولہ، گاؤزبان دس تولہ، عناب دس تولہ، کافور ایک تولہ، پوست ہلیلہ زرد بیس تولہ، انار کا چھلکا

بیں تولہ' لسوڑہ دس تولہ' سلاجیت ایک تولہ' صاف کیا ہوا۔ فولاد کا برادہ پانچ تولہ' زعفران ایک تولہ' تج پات ایک تولہ' تج ایک تولہ' پرانا گڑ سات سیر' بکری کا دودھ چار سیر۔ ان سب ادویات کو تیس سیر پانی میں سات دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ مقرر ہے۔

درد شکم

فوائد: عرق شول کیسری جو ہر طرح کے درد شکم کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: کٹیلی کی چھال پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' دیودار پانچ تولہ' کرنجوے کی جڑ دس تولہ' پیپل پانچ تولہ' پیپلا مول پانچ تولہ' دارچینی پانچ تولہ' اونسرا بوٹی پانچ تولہ' سہانجنا پانچ تولہ' اجمود پانچ تولہ' اجوائن پانچ تولہ' پودینہ پانچ تولہ' باؤبڑنگ دو تولہ' جائفل ایک تولہ' لونگ ایک تولہ' سونف بیس تولہ' مکو پانچ تولہ' شامی کی جڑ پانچ تولہ' دشمول دس تولہ' پرانا گڑ تین سیر۔ ان سب کو بارہ سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

بدہضمی' سنگرہنی' اپھارہ' ہچکی

فوائد: عرق اجیرن کنٹک جو ہر طرح کی بدہضمی اور سنگرہنی' اتیسار' اپھارہ ہچکی وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: چب بیس تولہ' چترک دس تولہ' ناگ کیسر پانچ تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' دارچینی پانچ تولہ' بائے کھمبہ دو تولہ' اندرجو پانچ تولہ' کوٹ کی چھال پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' سیاہ مرچ پانچ تولہ' پیپل دو تولہ' آنکھہ کے پھول دس تولہ' پوست ہلیلہ کلاں پانچ تولہ۔ ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک۔

ممسک اور منی میں اضافہ

فوائد: عرق لیلا بلاس جو منی کو بڑھاتا ہے اور گاڑھا کرتا ہے اور ممسک اور قابض ہے۔ بدن کی سستی دور کرتا ہے اور چہرے کے رنگ کو صاف کرتا ہے۔

نسخہ: گل شکری کے بیج بیس تولہ' کھرنی بیس تولہ' شیولنگی بوٹی کے بیج پانچ تولہ' دکھنی سپاری بیس تولہ' تاڑ کا پھل بیس تولہ' کھجور پانچ تولہ' منقی بیس تولہ' گوکھرو دس تولہ' تال کھمانہ پانچ تولہ' موصلی سفید پانچ تولہ' موصلی سیاہ پانچ تولہ' مولسری کے پھول پانچ تولہ' مولسری کے پھول کا چھلکا پانچ تولہ' بیل گری پانچ تولہ' آنولے پانچ تولہ' گلبن پوش پانچ تولہ' بیج بند پانچ تولہ' بھنگ کے بیج پانچ تولہ' گانجے کے بیج ایک تولہ' دھتورہ کے بیج ایک تولہ' کھرنی کے بیج دو تولہ' جامن کے بیج دو تولہ' موچرس دو تولہ' سیمل کا موصلا دس تولہ' آم کے پھول پانچ تولہ' پستہ کے پھول پانچ تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' دارچینی دو تولہ' تیج پات ایک تولہ' جائفل دو تولہ' خراسانی اجوائن ایک تولہ' مغز بادام بیس تولہ' مغز کدو پانچ تولہ' مغز تربوز پانچ تولہ' مغز خیارین پانچ تولہ' مغز چلغوزہ پانچ تولہ' چھوہارے پانچ تولہ' سونف پانچ تولہ' ناریل کا پانی دو سیر' سیب کا رس دو سیر' بہی کا پانی دو سیر' انار کا رس دو سیر' انگور کا رس ایک سیر' ستاور کا رس دو سیر' گاجر کا رس ایک من' گائے کا دودھ دس سیر' زعفران ایک تولہ' مشک چھ ماشہ' گڑ سات سیر۔ مغزیات اور رس اور زعفران مشک دودھ ان کے علاوہ سب ادویہ کو مع گڑ کے سات روز تک بھگو کر بعد اس کے دودھ اور رس وغیرہ سب کو ملا کے عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے پانچ تولہ تک ہے۔

ہیضہ' بدہضمی اور باؤ گولہ

فوائد: عرق اجیرن کنٹک جو ہیضہ' بدہضمی اور باؤ گولہ وغیرہ کو رفع کرتا ہے اور بھوک کو بڑھاتا ہے۔

نسخہ: آگ کی جڑ ایک سیر چیتا بیس تولہ' کلونجی پانچ تولہ' بچ پانچ تولہ' امل بید پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' چب پانچ تولہ' دارچینی پانچ تولہ' سیاہ زیرہ ایک تولہ' تیج پات ایک تولہ' پودینہ دو تولہ' بیخ بادیان ایک تولہ' بادیان دو تولہ۔ ان سب کو آٹھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

لقوہ کا مرض

فوائد: عرق بجے بھیرو جو مرض لقوہ کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: بیل کی جڑ بیس تولہ' بھورشیکھا پانچ تولہ' اسگندھ پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' راسنا پانچ تولہ' بکرے کا گوشت پچیس تولہ' پوست ہلیلہ کابلی دس تولہ۔ اوّل بکرے کے گوشت کو چار سیر پانی میں جوش دے کر جب ایک سیر پانی باقی رہ جائے' اتار لے اور باقی سب ادویات کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر اور وہ یخنی ملا کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک ہے۔

آدھا سیسی

فوائد: عرق سوریا ورت جو آدھا سیسی اور ہر قسم کی سر کی بیماری کو رفع کرتا ہے۔
نسخہ: بداری کند بیس تولہ' سفید کمل کا پھول بیس تولہ' ملہٹی بیس تولہ' گورکھ منڈی بیس تولہ' مغز کدو پانچ تولہ' کاکولی پانچ تولہ' گوکھرو پانچ تولہ' سونف پانچ تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' منقیٰ چالیس تولہ' بکری کا دودھ چوبیس سیر۔ ان ادویات کو پانی چھ سیر میں چوبیس گھنٹے بھگو کر بعد دودھ ملا کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک۔

سخت دردسر

فوائد: عرق چک دھر جو انت بات یعنی ایک قسم کا سخت درد جو سر میں ہوتا ہے اور اس سے آنکھ بیٹھ جاتی ہے' اُس کو رفع کرتا ہے۔
نسخہ: پٹھول پتر دس تولہ' بڑ کی داڑھی پانچ تولہ' پارس پیپل کی چھال دس تولہ' ساریوا پانچ تولہ' جوانسا پانچ تولہ' گل نیلوفر پانچ تولہ' ارنڈ کی جڑ پانچ تولہ' جیوک بھنگرہ کا رس دو تولہ' ایکھہ کا رس دو سیر' انار کا رس ایک سیر' اوّل خشک ادویات کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر اور بعد اس کے رسوں کو ملا کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

خفقان

فوائد: عرق کال کنک جو سنی پات اور باء کف کی بیماری' خفقان' سیت وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: کپور کچری پانچ تولہ' پھکر مول پانچ تولہ' گلو پانچ تولہ' اندرائن کا گودا پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' شالپرنی پانچ تولہ' شاہترہ پانچ تولہ' پیرشپٹرنی پانچ تولہ' کٹیلی خورد پانچ تولہ' کٹیلی کلاں پانچ تولہ' گوکھرو کی جڑ پانچ تولہ' بیل کی جڑ پانچ تولہ' ارنی پانچ تولہ' بھارنگی پانچ تولہ' کاکڑا سینگی پانچ تولہ' سونا درخت کی جڑ پانچ تولہ' کلیر پانچ تولہ' پاڑھل پانچ تولہ' چرائتہ پانچ تولہ' کائفل پانچ تولہ۔ ان ادویات کو دس سیر پانی میں دو دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

ضعف معدہ وسوجن اور یرقان

فوائد: عرق لونگادی جو سنگرہنی اور ہر قسم کا اتیسار اور منداگنی یعنی ضعف معدہ وسوجن و یرقان اور اشٹیلی کا روگ (جو مثانہ کے نیچے گانٹھ سی ہوتی ہے) جس میں دست اور پیشاب بند ہو جاتا ہے' اُس کو بہت مفید ہے۔

نسخہ: لونگ دس تولہ' اتیس دس تولہ' ناگرموتھا دس تولہ' بیلگری دس تولہ' پاڑھل دس تولہ' سیمل کی چھال دس تولہ' زیرہ سفید پانچ تولہ' دھو کے پھول پانچ تولہ' پٹھانی لودھ پانچ تولہ' اندرجو پانچ تولہ' بال چھڑ پانچ تولہ' دھنیا پانچ تولہ' سرل کی چھال پانچ تولہ' کاکڑا سینگی پانچ تولہ' پیپل چھوٹی پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' چھوئی موئی کی جڑ پانچ تولہ' جواکھار پانچ تولہ' سیندھا نمک پانچ تولہ' رسوت پانچ تولہ۔ ان ادویات کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

بواسیر ہر قسم

فوائد: عرق گرہنی کپاٹ جو سنگرہنی کو اور ہر قسم کی بواسیر کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: کھیر سار بیس تولہ' جائفل پانچ تولہ' پتھر پھول پانچ تولہ' بیل کی جڑ پانچ تولہ'

کوڑے کی چھال پانچ تولہ' دودھی پانچ تولہ' شالپرنی پانچ تولہ' کوکر بھنگرہ پانچ تولہ' ہاردبیر پانچ تولہ' دھنیا پانچ تولہ' موچرس پانچ تولہ' جامن کی چھال پانچ تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' تالیس پتر ایک تولہ' آمیں پانچ تولہ' ناگ کیسر پانچ تولہ' چیتا ایک تولہ' اجمود ایک تولہ' چرائتہ ایک تولہ' انار کا رس اور کوے کا گوشت ایک ایک سیر۔ انار کے رس اور گوشت کو چھوڑ کر باقی ادویات کو بارہ سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کھینچتے وقت گوشت اور رس کو ملا کر کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

گٹھیا اور پرسوت کی بیماری

فوائد: عرق کلاں لونگادی جو ہر قسم کی سنگرہنی اور ہر قسم کے اتیسار' دردشکم' تلی باؤ گولہ کو اور اپھارہ' پرسوت کی بیماری اور گٹھیا وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: لونگ بیس تولہ' پاڑھل بیس تولہ' کیکر کی چھال بیس تولہ' انار کی چھال دس تولہ' کوڑیکی کی چھال بیس تولہ' آمیں دس تولہ' اندرجو پانچ تولہ' تخم الائچی پانچ تولہ' جامن کی چھال دس تولہ' لاجونتی کی جڑ پانچ تولہ' گلاب کے پھول بیس تولہ' تگر پانچ تولہ' اسپغول پانچ تولہ' تنترک پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' سونف پانچ تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' الائچی کلاں پانچ تولہ' دارچینی پانچ تولہ' تیج پات پانچ تولہ' زیرہ سفید دو تولہ' زیرہ سیاہ دو تولہ' مرچ سیاہ دو تولہ' پیپل دو تولہ' پیپلامول دو تولہ' سفید تیتر کا گوشت تین سیر' ادرک کا رس ایک سیر' پان کا رس ایک سیر' بکری کا دودھ آٹھ سیر' مصری دو سیر۔ اوّل سب خشک ادویات کو سولہ سیر پانی میں آٹھ دن بھگو کر رکھیں۔ بعد تیتر کے گوشت کو بارہ سیر پانی میں جوش دیں' جب پانی تین سیر باقی رہ جائے تب اُس کو چھان کے اور دودھ اور سب چیزوں کو ملا کر عرق کشید کریں۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

کانچ باہر نکلنا اور سنگرہنی

فوائد: عرق چانگوری جو گدبھرنش یعنی کانچ کے باہر نکلنے کو اور ہر طرح کی سنگرہنی کو رفع کرتا ہے اور اس کو کچھ دن استعمال کرنے سے بدن کی سستی دور ہوتی ہے اور بال سیاہ

ہوتے ہیں۔

نسخہ: دھنیا دس تولہ' دھو کے پھول دس تولہ' پٹھانی لودھ دس تولہ' لاجونتی کی جڑ دس تولہ' آمیں پانچ تولہ' پوست ہلیلہ کلاں دس تولہ' خس پانچ تولہ' ناگرموتھا پانچ تولہ' بال چھڑ پانچ تولہ' موچرس پانچ تولہ' رسوت پانچ تولہ' بیلگری پانچ تولہ' گل نیلوفر پانچ تولہ' تج پات پانچ تولہ' ناگ کیسر پانچ تولہ' سرخ کمل کا زیرہ پانچ تولہ' گلو دس تولہ' اندرجو پانچ تولہ' پیپل چھوٹی پانچ تولہ' پدماک پانچ تولہ' کونکی دو تولہ' تگر دو تولہ' جٹا مانسی دو تولہ' بھنگرہ کالا چالیس تولہ' سانٹھی کی جڑ دس تولہ' منقیٰ چالیس تولہ' مصری دو سیر' چوپتے کا رس دو سیر۔ ان سب ادویات کو صاف کر کے بارہ سیر پانی میں مع مصری کے سات روز تک بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔ اس عرق کو استعمال کرے تو گڑ' میٹھا اور اُڑد وغیرہ سے پرہیز کرے۔

بادی اور خونی بواسیر

فوائد: عرق ترپھلا جو بادی اور خونی بواسیر کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد بیس تولہ' پوست بہیڑہ بیس تولہ' آنولے بیس تولہ' کوڑے کی چھال بیس تولہ' جامن کے پتے بیس تولہ' برگ کیکر بیس تولہ' انار کی کلی دس تولہ' برگ سنبھالو دس تولہ' کیتھا کا گودا دس تولہ' چیتا پانچ تولہ' نسوت بیس تولہ' بھوئی آنولی بیس تولہ' رسوت پانچ تولہ' چب پانچ تولہ' سہدیئی کی جڑ پانچ تولہ' ہاروبیر پانچ تولہ' سودھے ہوئے فولاد کا برادہ بیس تولہ' پرانا گڑ دس سیر۔ ان سب ادویات کو چالیس سیر پانی میں سات دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

خون اور منی کی بہتری

فوائد: عرق سدھانده جو پرمیہ' جذام' کوڑھ' تلی' جلندر' امل پت یعنی جو کھانا کھانے کے بعد کھٹی قے ہو جاتی ہے اور رکت پت یعنی مقام صدر سے خون کا آنا اور پرانی کھانسی وغیرہ کو رفع کرتا ہے' بھوک بڑھاتا ہے' بدن کو فربہ اور سخت کرتا ہے۔ خون اور منی کو صاف

کرتا ہے اور بڑھاتا ہے اور تندرستی بھی بڑھاتا ہے۔

نسخہ: ستاور چالیس تولہ' گلو چالیس تولہ' برگ بانسا بیس تولہ' گورکھ منڈی بیس تولہ' کھریٹی چھوٹی بیس تولہ' گل شکری دس تولہ' سیمل کی چھال دس تولہ' موصلی سفید بیس تولہ' کھیرسار دس تولہ' ترپھلا تیس تولہ' مجیٹ پانچ تولہ' بھارنگی پانچ تولہ' پوکھرمول پانچ تولہ' بکرے کا گوشت ایک سیر' پریوا کبوتر کا گوشت چالیس تولہ' تیتر کا گوشت بیس تولہ' خرگوش کا گوشت بیس تولہ' مغز بادام بیس تولہ' مغز خیارین بیس تولہ' مغز تربوز دو تولہ' مغز کدو بیس تولہ' انار کا رس چالیس تولہ' سیب کا رس چالیس تولہ' انگور کا رس چالیس تولہ' ناریل کا پانی چالیس تولہ' منقیٰ ایک سیر' مصری دو سیر' بنسلوچن پانچ تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' دارچینی پانچ تولہ' تج پات پانچ تولہ' کافور ایک تولہ' تگر دو تولہ' زعفران ایک تولہ' مشک چھ ماشہ' عنبر تین ماشہ' بکری کا دودھ چار سیر' گڑ سات سیر۔ ان ادویات کو ستاور سے لے کر پوکھرمول تک اوّل صاف کرے اور کچلے اور ایک من پختہ پانی میں مع گڑ کے بارہ دن بھگوئے' بعد اُس کے مغزیات اور رس وغیرہ اور گوشت ہار کی علیحدہ علیحدہ یخنی تیار کر کے ملائے اور بعد اُس کے منقیٰ مصری بنسلوچن وغیرہ سب کو ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

پیٹ کے کیڑے اور متلی

فوائد: عرق ارجن جو پیٹ کے ہر قسم کے کیڑوں اور متلی کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: ارجن کی چھال دس تولہ' ارجن کے پھل دس تولہ' ارجن کے پتے دس تولہ' ارجن کی جڑ دس تولہ' پلاس پاپڑا دس تولہ' باؤبڑنگ پانچ تولہ' آڑو کے پتے بیس تولہ' کھجور کے پتے بیس تولہ' سفید پھول کی کٹ سریا کی جڑ پانچ تولہ' خراسانی اجوائن پانچ تولہ۔ ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

یرقان پرانا

فوائد: عرق کامیشور جو ہر قسم کی پرانی سخت یرقان کو رفع کرتا ہے۔

یہ نسخہ باؤگولہ' سوجن' اپھارہ' بواسیر اور پیٹ کے کیڑوں وغیرہ کو بھی دور کرتا ہے۔

نسخہ: کنگھی بوٹی کی جڑ بیس تولہ' مولی چالیس تولہ' سانٹھی کی جڑ بیس تولہ' دیودار پانچ تولہ' دار ہلدی دس تولہ' گلو دس تولہ' اندر جو دس تولہ' باؤ بڑنگ دس تولہ۔ ان ادویات کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

کنٹھ مالا' جذام

فوائد: عرق نیل کنٹھ جو جذام اور گانٹھ کنٹھ مالا وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: بدھارا دس تولہ' آنولہ دس' انت مول دس تولہ' نیب کی چھال دس تولہ' گلو دس تولہ' منقیٰ دس تولہ' ملٹھی پانچ تولہ' کلیر پانچ تولہ' اگر دو تولہ' کوٹ دو تولہ' نکبہ ایک تولہ' چوب چینی دو تولہ' چرائتہ دو تولہ' ستاور دو تولہ' سونف دو تولہ' لال پھول کی سانٹھی کی جڑ دو تولہ' بار و بیر دو تولہ' برادہ صنل دو تولہ' آنولے کا رس ایک سیر' گائے کا دودھ چار سیر۔ اوّل خشک ادویات کو صاف کر کے اور کچل کے چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

آتشک' جذام' گٹھیا

فوائد: عرق سومیشر جو ڈنڈاپ تانک یعنی وہ مرض جس میں سب بدن بے حس و حرکت ہو جاتا ہے اور درد رہتا ہے نیز آتشک' جذام' گٹھیا وغیرہ کو رفع کرتا ہے اور بھوک بڑھاتا ہے' چہرے کا رنگ صاف کرتا ہے۔

یہ نسخہ علاوہ اوصاف مرقومہ بالا کے بال سیاہ پیدا کرتا ہے اور بدن کی جھریاں بھی دور کرتا ہے۔ اس کا استعمال چالیس روز برابر کرنا چاہئے اور بلند مقام میں رہنا چاہئے اور رائی' سرکہ' کیلا' کٹھل' اُڑد وغیرہ سے پرہیز کرے۔

نسخہ: رینگو بیس تولہ' شالپرنی بیس تولہ' کیکر بیس تولہ' ارنی ایک تولہ' اوشق دس تولہ' میدہ لکڑی دو تولہ' سونٹھ دو تولہ' سوم لتا بیس تولہ' کاکولی دس تولہ' مجیٹھ دو تولہ' زیرہ سفید دو تولہ' تج پات ایک تولہ' دارچینی دو تولہ' ناگرموتھا دو تولہ' شاہترہ دو تولہ' کھیپ دس تولہ' ساریوا پانچ تولہ' کرنج دو تولہ' چترک دو تولہ' لونگ دو تولہ' بید ماک دو تولہ' منقیٰ چالیس تولہ' سونف بیس تولہ۔ ان ادویات کو سولہ سیر پانی میں سولہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

ورم جگر، چوتھیا بخار اور جلندر

فوائد: عرق تربکرم جو تلی، چوتھیا بخار، ورم جگر، باؤ گولہ اور آٹھ قسم کے اودر روگ یعنی جلندر وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: سرپھوکا بیس تولہ، ہاروبیر دس تولہ، تدھارے کی جڑ دس تولہ، ہربل کی جڑ دس تولہ، نیل کی جڑ پانچ تولہ، مولی کے بیج پانچ تولہ، چیتا پانچ تولہ، نسوت پانچ تولہ، املتاس کی چھال پانچ تولہ، سونف پانچ تولہ، سونف کی جڑ پانچ تولہ، کاسنی کی جڑ پانچ تولہ، چرائتہ پانچ تولہ، تنکی پانچ تولہ، سونٹھ پانچ تولہ، چب پانچ تولہ، کانس کی جڑ پانچ تولہ، گوکھرو پانچ تولہ، پیپل کی چھال پانچ تولہ، دیودار پانچ تولہ، مکو پانچ تولہ، سانٹھی کی جڑ پانچ تولہ، برنجاسف پانچ تولہ، کالی زیری پانچ تولہ، پھٹکری پانچ تولہ، مورشیکھا پانچ تولہ۔ ان ادویات کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

کھجلی، داد، پھنسیاں

فوائد: عرق بانیشر جو کھجلی، داد، پاما اور بچ چرکا جو ایک قسم کی پھنسیاں پیروں پر ہو جاتی ہیں، ان کے واسطے اکسیر ہے۔

یہ نسخہ مصفا خون بھی ہے اور چہرہ کی سیاہی کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: پھول پتر بیس تولہ، شاہترہ بیس تولہ، برادہ صندل بیس تولہ، کھیرسار پانچ تولہ، ترایمان پانچ تولہ، آنولے پانچ تولہ، نیب کی چھال پانچ تولہ، برگ بانسا پانچ تولہ، عناب پانچ تولہ، سونف پانچ تولہ، کمل سرخ پانچ تولہ، منقیٰ چار تولہ، گندھک صاف کی ہوئی پانچ تولہ، ترپھلا پانچ تولہ۔ ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

قوت باہ، ضعف مثانہ اور دل کی دھڑکن

فوائد: عرق لنکیشور جو قوت باہ کو پیدا کرتا ہے اور ضعف معدہ اور ضعف مثانہ کو رفع کرتا ہے۔ بدن کو تیار کرتا ہے، دل کی دھڑکن کو روکتا ہے۔ چہرہ پر سرخی اور بشاشی پیدا کرتا ہے۔

نسخہ: گلاب کے پھول سو عدد، گڑھل کے پھول سو عدد، چھوہارے ایک سیر، تال مکھانہ دس تولہ، بیج بند پانچ تولہ، موصلی سفید بیس تولہ، موصلی سیاہ پانچ تولہ، اونگن کے بیج دس تولہ، کمل گٹے دس تولہ، کیسرو پانچ تولہ، سنگھاڑے پانچ تولہ، مولسری کے پھول پانچ تولہ، آم کے پھول پانچ تولہ، سیمل کا موصلہ دس تولہ، گوکھرو پانچ تولہ، کھرنی کے بیج دو تولہ، پیل مگ پانچ تولہ، کونچ کے جڑ پانچ تولہ، کونچ کے بیج پانچ تولہ، پستہ کے پھول پانچ تولہ، دھتورے کے بیج پانچ تولہ، بھنگ کے پھول پانچ تولہ، افیون کے پھول پانچ تولہ، مہوے کے پھول پانچ تولہ، تیج پات پانچ تولہ، دارچینی پانچ تولہ، کباب چینی پانچ تولہ، الائچی خورد پانچ تولہ، الائچی کلاں پانچ تولہ، خراسانی اجوائن پانچ تولہ، جائفل پانچ تولہ، بداری کند پانچ تولہ، کاکولی پانچ تولہ، شولنگی بوٹی کے بیج پانچ تولہ، کالے سانپ کے بیچ کے حصہ کا گوشت بیس تولہ، منقیٰ ایک سیر، ایکھ کا رس آٹھ سیر، گاجر کا رس سولہ سیر، گائے کا دودھ آٹھ سیر، کافور پانچ تولہ، زعفران دو تولہ، مشک آٹھ ماشہ، سلاجیت صاف کیا ہوا بیس تولہ۔

کالے سانپ کو چھ انگل سر کی طرف سے اور آٹھ انگل دم کی طرف سے چھوڑ کے بیچ کا حصہ لیں بعدہٗ پھٹکری کے پانی سے اوپر کی کھال صاف کرے اور اندر کی جھلی کو دور کر کے گوشت کو صاف دھو لے اور ایک تولہ کپور کچری کے ہمراہ آٹھ سیر پانی میں اُس گوشت کو ایک مٹی کے برتن میں پکائے۔ جب ایک سیر پانی رہ جائے تو اس کو چھان لے اور سب ادویات کو بیس سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر اور سانپ کی یخنی کو ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: ایک تولہ سے دو تولہ تک مقرر ہے۔

پتھری، درد گردہ، ضعف معدہ و مثانہ

فوائد: عرق پنچسار جو پتھری اور ضعف معدہ و مثانہ اور چھاتی کے درد و درد گردہ وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: ایکھ کی جڑ بیس تولہ ڈابھ کی جڑ بیس تولہ کشا کی جڑ بیس تولہ کانس کی جڑ بیس تولہ نرکٹ کی جڑ بیس تولہ گوکھرو پانچ تولہ گورکھ منڈی پانچ تولہ الائچی خورد پانچ تولہ تخم خیارین پانچ تولہ صاف کیا ہوا سلاجیت پانچ تولہ سہانجنا کی بیج پانچ تولہ زعفران ایک تولہ پرانا گڑ ایک سیر۔ ان سب ادویہ کو دس سیر پانی میں دس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

ہاتھ پیروں کی جلن

فوائد: عرق ہرگوری جو ہر قسم کے پرمیہ کو رفع کرتا ہے اور ہاتھ پیروں کی جلن، پیاس کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: بیل پتر چالیس تولہ سہدیئی کی جڑ دس تولہ سنکھاہولی بوٹی کی جڑ پانچ تولہ برنابوٹی کی چھال پانچ تولہ ہلدی پانچ تولہ دارہلدی پانچ تولہ کدنب کے پھول پانچ تولہ تھوہڑ کی جڑ دو تولہ آک کی جڑ دو تولہ مروڑ پھلی دو تولہ لوہے کا پرادہ صاف کیا ہوا بیس تولہ سلاجیت صاف کیا ہوا دس تولہ۔ ان سب ادویات کو آٹھ سیر پانی میں 48 گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

دمہ اور سل، تپ دق، جریان

فوائد: عرق چیتا منی جو مہاسوانس یعنی ایک قسم کا سخت دمہ اور سل، تپ دق، ضعف معدہ، جریان کو رفع کرتا ہے اور دل کو قوت دیتا ہے۔

نسخہ: بانسے کے پھول بیس تولہ بانسے کی جڑ دس تولہ برگ بانسا پانچ تولہ پوست کے ڈوڈے پانچ تولہ بنسلو چن پانچ تولہ انجیر پانچ تولہ پاڑھل پانچ تولہ مغز کدو پانچ تولہ پیپل چھوٹی پانچ تولہ سونف پانچ تولہ سفید زیرہ دو تولہ دارچینی دو تولہ الائچی خورد دو تولہ تالیس پتر ایک تولہ سونٹھ ایک تولہ بال چھڑ ایک تولہ کٹیلی خورد ایک تولہ کٹیلی کلاں ایک تولہ گاؤزبان ایک تولہ زوفا ایک تولہ گل گاؤزبان ایک تولہ لونگ ایک تولہ اندرجو ایک تولہ موصلی سیاہ ایک تولہ کلونجی ایک تولہ لاکھ ایک تولہ رسوت ایک تولہ شالپرنی ایک تولہ پرشپرنی ایک تولہ گوکھرو ایک تولہ کپور کچری ایک تولہ دھنیا ایک تولہ برادہ صندل ایک تولہ

ارنی ایک تولہ' ملٹھی ایک تولہ' آنیں ایک تولہ' صاف کیا ہوا مونگا کی جڑ کا برادہ دس تولہ' صاف کیا ہوا لوہے کا برادہ دس تولہ' ست سلاجیت دس تولہ' ست گلو دس تولہ' منقیٰ ایک سیر' بکری کا دودھ چار سیر' بکرے کا گوشت ایک سیر' مصری دو سیر۔

بکرے کے گوشت کو صاف کر کے بانسے کو پھول' پتے اور جڑ کے ہمراہ آٹھ سیر پانی میں جوش کرے۔ جب پانی دو سیر باقی رہے اس وقت چھان کر رکھے اور عرق کشید کرنے سے پہلے اوّل علاوہ بانسے کے اور سب ادویات کو صاف کر کے اور کچل کے سولہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر اور یخنی کو ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: ایک تولہ سے دو تولہ تک مقرر ہے۔ استعمال بوقت صبح اور دوپہر کے کھانا کھانے کے کچھ دیر بعد اور شام کے کھانا کھانے سے پہلے۔

فوطوں میں پانی پڑ جانا

فوائد: عرق کرودر جو بھگندر اور فوطوں میں پانی اُتر آنے کی بیماری کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: ہلدی پانچ تولہ' آنولے دس تولہ' بہیڑہ پانچ تولہ' نیب کی چھال پانچ تولہ' جھوجبرو پانچ تولہ' پیپل کی چھال پانچ تولہ' پوست ہلیلہ کلاں دس تولہ' کافور ایک تولہ' زعفران ایک تولہ' سونٹھ ایک تولہ' زیرہ سفید ایک تولہ' تج ایک تولہ' ایلوا ایک تولہ' سہاگہ ایک تولہ۔ ان ادویات کو چھ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک۔

بدن کا پھولنا اور آنتوں کا اُترنا

فوائد: عرق پنچان جو رتھولیہ اور انتر بردھی یعنی بدن کا بے طرح پھولنا اور آنتوں کا اُتر آنا' ان مرضوں کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: چیب دس تولہ' ہاروبیر دس تولہ' پیپلا مول پانچ تولہ' بیل کی جڑ پانچ تولہ' پاڑھل پانچ تولہ' ارنی پانچ تولہ' کلتھی دس تولہ' جو پرانے ایک سیر' ترپھلا چالیس تولہ' گڑ پرانا دو سیر۔ ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں سات دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

ٹانگ کا بے حرکت ہونا

فوائد: عرق تاکیشر جو کبڑے پن اور کلانج یعنی ایک ٹانگ کسی مرض سے بے حرکت ہو جانے کو بہت مفید ہے۔

نسخہ: کھیپ بوٹی چالیس تولہ' اسگندھ بیس تولہ' سونٹھ دس تولہ' کیکر کے پھول پانچ تولہ' کونچ کی جڑ پانچ تولہ' موتھا کی جڑ پانچ تولہ' سونف پانچ تولہ' سوئے کے بیج پانچ تولہ' پیپلامول دو تولہ' ارنڈ کی جڑ پانچ تولہ' تیج پات دو تولہ' سیاہ زیرہ دو تولہ' کلونجی دو تولہ۔ ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

مرگی اور خفقان

فوائد: عرق پنچامرت جو مرگی اور خفقان کو دور کرتا ہے اور یادداشت کو بڑھاتا ہے۔

نسخہ: برہمی کی جڑ دس تولہ' سنکھاہولی کی جڑ پانچ تولہ' بچ پانچ تولہ' چپ پانچ تولہ' کشا کی جڑ پانچ تولہ' ارجن کی چھال پانچ تولہ' ریٹھے کی گری دو تولہ' چیتے کی جڑ پانچ تولہ' ترپھلا پانچ تولہ' بھارنگی پانچ تولہ' ملہٹی پانچ تولہ' دارہلدی ایک تولہ' کوڑے کی چھال ایک تولہ' چھتون ایک تولہ' اونگے کی جڑ ایک تولہ' پوکھر مول ایک تولہ' ساریوا ایک تولہ' گائے کے گوبر کا رس بیس تولہ' دہی چالیس تولہ' دودھ چار سیر' مصری ایک سیر' منقیٰ ایک سیر۔ ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک ہے۔

گٹھیا اور بدن کی گانٹھیں

فوائد: عرق ہیشوانر جو آموات یعنی وہ گٹھیا جس کی وجہ سے گھٹنے تک ورم آ جاتا ہے اور تلی اور بدن کی گانٹھوں اور بواسیر' اپھارہ' قبض اور پیٹ کی سب بیماریوں کو دور کرتا ہے اور بھوک بھی بڑھاتا ہے۔

نسخہ: مان کچو کا کند ایک سیر' اجوائن دس تولہ' کرنجوے کے پتے دس تولہ' سونٹھ دس تولہ' اجمود پانچ تولہ' پوست ہلیلہ زرد بیس تولہ' نمک سیندھا دس تولہ' دہی کا پانی دو سیر' کانجی دو سیر'

گھیکوار کا گودا ایک سیر' ہلدی پانچ تولہ' مرچ سیاہ پانچ تولہ' پیپل پانچ تولہ' پیپلامول پانچ تولہ۔ ان کودس سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

خفقان

فوائد: عرق پھان کاپن جو خفقان کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: مال کنگنی کے پتے ایک سیر' بدھاری ایک سیر' الائچی کلاں دس تولہ' بن مونگ دس تولہ' بن اوڑد دس تولہ' مولسری کے پھول دس تولہ' منقیٰ دو سیر۔ ان ادویات کو سولہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

صفرا اور خون باؤ گولہ

فوائد: عرق داکھ جو صفرا اور خونی باؤ گولہ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: منقیٰ چالیس تولہ' مہوے کے پھول دس تولہ' ملٹھی دس تولہ' کھجور دس تولہ' بداری کند دس تولہ' ستاور دس تولہ' فالسہ دس تولہ' ترپھلا تیس تولہ' آنولے کا رس ایک سیر' ایکھ کا رس ایک سیر' دودھ دو سیر۔ ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک ہے۔

استفراغ' کھانسی اور دمہ

فوائد: عرق وشانگ جو امل پت یعنی کھانا کھانے کے بعد استفراغ ہونے اور ہر قسم کی کھانسی' دمہ وغیرہ کو رفع کرنے میں بے نظیر ہے۔

نسخہ: پھول چتر دس تولہ' شاہترہ دس تولہ' ریشہ خطمی پانچ تولہ' ناگرموتھا دو تولہ' خس دو تولہ' الائچی خورد دو تولہ' کنول کی جڑ پانچ تولہ' برادہ صندل دو تولہ' منقیٰ چالیس تولہ' مصری دو سیر' انگور کا رس ایک سیر' نارنگی کا رس ایک سیر' گنے کا رس ایک سیر۔ اوّل ان سب ادویات کو آٹھ سیر پانی میں 48 گھنٹے بھگو کر بعد انگور وغیرہ کا رس ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

زہر باد کی بیماری

فوائد: عرق لوکناتھ جو زہر باد کی بیماری کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: برنے کی چھال ایک سیر' سہانجنا کی چھال ایک سیر' گلو ایک سیر' بانچی دس تولہ' کھیر سار دس تولہ' گورکھ منڈی دس تولہ' آنولے دس تولہ' ارنی دس تولہ' اننت مول دس تولہ' سنبھالو دس تولہ۔ ان سب ادویات کو بارہ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک ہے۔

عورتوں میں کثرت پیشاب

فوائد: عرق اگست جو سوم روگ یعنی مستورات کو کثرت سے پیشاب آنے اور پیرے کی بیماری کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: اگست کے پتے ایک سیر' چولائی کے بیج چالیس تولہ' کٹھیا گولر بیس تولہ' رسوت دس تولہ' جامن کی چھال دس تولہ' انار کی چھال دس تولہ' کیکر کی پھلی دس تولہ' کمل گٹے دس تولہ' تلوں کے پھول دس تولہ' سیمل کی چھال چالیس تولہ۔ ان سب ادویات کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

تقویت دل' دماغ اور جگر

فوائد: عرق بدیا دھر جو حافظے کو بڑھاتا ہے اور دل' دماغ اور جگر کو قوت دیتا ہے اور بھوک کو بڑھاتا ہے' منی کو گاڑھا کرتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے۔

نسخہ: بھارنگی دو سیر' سنگھاہولی ایک سیر' ستاور ایک سیر' کھرنٹی بیس تولہ' منقی دو سیر' سیمل کی چھال ایک سیر' بہلانوہ کی گری بیس تولہ' مغز بادام بیس تولہ' کشمش بیس تولہ' چلغوزہ بیس تولہ' مغز کدو دس تولہ' مغز تربوز دس تولہ' مغز خیارین دس تولہ' دارچینی پانچ تولہ' الائچی خورد دس تولہ' تیج پات دو تولہ' سونٹھ دو تولہ' سونف دو تولہ' ناگ کیسر دو تولہ' مونگے کی جڑ پانچ تولہ' برادہ فولاد صاف کیا ہوا پانچ تولہ' انگور کا رس ایک سیر' آنولے کا رس ایک سیر' سیب کا

بن ایک سیر' بہی کا رس ایک سیر' گاجر کا رس چالیس سیر' دودھ دس سیر' کچھوے کا گوشت چالیس تولہ' بکرے کے کپورے بیس تولہ' بکرے کی ران کا گوشت چالیس تولہ' چڑیا کا گوشت چالیس تولہ' چڑوں کے سر چالیس تولہ' سور کا گوشت دو سیر' مرغ کا گوشت ایک سیر۔

مغزیات اور رسوں کو چھوڑ کے سب خشک ادویات کو گاجر کے رس میں 48 گھنٹے بھگو کر بعد گوشت کی یخنی' دودھ اور انگور وغیرہ کا رس ملا کے عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک ہے۔

قوت باہ

فوائد: عرق کام منجری جو قوت باہ پیدا کرتا ہے اور منی کو بڑھاتا ہے۔

نسخہ: موصلی سفید چالیس تولہ' موصلی سیاہ دس تولہ' چوب چینی دس تولہ' بداری کند دس تولہ' گل شکری پانچ تولہ' سیمل کا موصلہ دس تولہ' چھوہارے چالیس تولہ' آم کے پھول دو تولہ' مولسری کے پھول دو چستہ کے پھول دو تولہ' گوکھرو دو تولہ' تال مکھانہ دو تولہ' سمندر پھل دو تولہ' اسپغول دو تولہ' سیمل کا گوند دو تولہ' آم کا گوند دو تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' زعفران نو ماشہ' مشک تین ماشہ' عنبر تین ماشہ' سور کے گوشت کی یخنی پانچ سیر' بھینس کا دودھ پانچ سیر۔

اوّل خشک ادویہ کو سولہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر بعد اس کے یخنی اور دودھ اور مشک وغیرہ ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

خسرہ اور لاکڑا کاکڑا

فوائد: عرق بجے سار جو سیتلا اور موتی جھرے (خسرہ اور لاکڑا کاکڑا وغیرہ) کے مرض کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: بجے سار کی جڑ بیس تولہ' برہمی کی جڑ پانچ تولہ' ہلدی دو تولہ' دار ہلدی دو تولہ' عناب دس تولہ' راسنا دو تولہ' دھنیا دو تولہ' گلو دو تولہ' کلیر دو تولہ' کھجور دو تولہ' پھول پتر دو تولہ' کھیلن پانچ تولہ' جوانسا دو تولہ' نیب کی چھال دو تولہ' شاہترہ دو تولہ' اندرجو دو تولہ' منقیٰ دس

تولہ۔ ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

مصفا خون

فوائد: عرق کلاں کل ہنس جو مسوریکا یعنی بخار ہو کے مسور کے دانہ کی سی پھنسیاں بدن پر ہوتی ہیں اُن کو اور سیتلا کے مرض کو بہت مفید ہے اور خون کو صاف کرتا ہے۔
نسخہ: رودراکش کی جڑ بیس تولہ' عناب دس تولہ' مرچ سیاہ دس تولہ' شاہترہ دس تولہ' تگر دو تولہ' برہمی کی جڑ دو تولہ' لونگ دو تولہ' برادہ صندل دو تولہ' بید کی جڑ دو تولہ' بیل کے کانٹے پانچ تولہ' شالپرنی ایک تولہ' پاڑھل ایک تولہ' بیل کی جڑ ایک تولہ' کٹیلی خورد ایک تولہ' کٹیلی کلاں ایک تولہ' پیرشپٹرنی ایک تولہ' گوکھرو ایک تولہ' ارنی ایک تولہ' سونا پاڑھا ایک تولہ' کلیر ایک تولہ' گلو ایک تولہ' آنولے ایک تولہ' کوٹکی ایک تولہ' بانسے کی جڑ ایک تولہ' جوانسا ایک تولہ' کھیل ایک تولہ' پھول پتر ایک تولہ' منقیٰ ایک سیر۔ ان سب ادویہ کو آٹھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: ایک تولہ سے دو تولہ تک مقرر ہے۔

سیتلا کے دانے دب جانا

فوائد: عرق چامیکر جو مسوریکا کے دانوں یعنی سیتلا کے دانے دب گئے ہوں اور اُس میں پانی نہ بھرتا ہو اس کے واسطے بہت مفید ہے۔
نسخہ: کچنال کی چھال چالیس تولہ' ہڑبل کی جڑ پانچ تولہ' گلو پانچ تولہ' دھماسا پانچ تولہ' چرائتہ ایک تولہ' بانسے کے پھول ایک تولہ' کنگی ایک تولہ' کھیر سار ایک تولہ' پوست ہلیلہ زرد دس تولہ' آنولے پانچ تولہ' بہیڑہ 0.2 تولہ' ترایمان دو تولہ' کلونجی ایک تولہ' خس ایک تولہ' پدماک ایک تولہ' ہلدی ایک تولہ' دار ہلدی ایک تولہ' کٹیلی خورد ایک تولہ' کٹیلی کلاں ایک تولہ' کپور کچری ایک تولہ' ناگرموتھا ایک تولہ' پٹھانی لودھ ایک تولہ' مجیٹھ ایک تولہ' شاہترہ ایک تولہ' ملٹھی ایک تولہ' گل نیلوفر ایک تولہ' مروڑ پھلی ایک تولہ' عناب بیس تولہ۔ ان سب ادویات کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

دبی ہوئی سیتلا اور موتی جھرا

فوائد: عرق بیر بھدر جو دبی ہوئی سیتلا اور موتی جھرا کو مفید ہے اور اس کے پینے سے دانے ابھر آتے ہیں۔

نسخہ: جھڑبیری کی جڑ بیس تولہ' مہوہ بیس تولہ' منقیٰ بیس تولہ' گلو بیس تولہ' ترپھلا آٹھ تولہ' ہرن کا گوشت ایک سیر۔

گوشت کے علاوہ سب ادویات کو چھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگونے کے بعد گوشت کو دارہلدی کے پانی میں صاف کر کے آٹھ سیر پانی میں جوش دے۔ جب دو سیر پانی رہ جائے تب ان دواؤں میں ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

پیروں کی پھنسیاں

فوائد: عرق کھیر سار جو کوڑھ موتی جھرا' بسرپ یعنی پیروں پر ایک قسم کی پھنسیاں ہوتی ہیں جن میں جلن بہت ہوتی ہے اور بہا کرتی ہیں' ان کو اور کھجلی وغیرہ کو بہت مفید ہے۔

نسخہ: کھیر سار ایک سیر' پوست ہلیلہ کلاں چالیس تولہ' آنولہ بیس تولہ' بہیڑہ پانچ تولہ' نیب کی چھال پانچ تولہ' پھول پتر پانچ تولہ' پت پاپڑا پانچ تولہ' برگ بانسا پانچ تولہ' دھنیا پانچ تولہ' برادہ صندل سفید پانچ تولہ' برادہ صندل سرخ پانچ تولہ' برادہ صندل زرد پانچ تولہ' عناب چالیس تولہ۔ ان سب ادویہ کو صاف کر کے اور کچل کے سولہ سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

سر کے بال اُڑ جانا / گنج

فوائد: عرق بیروچن جو اندر لپت یعنی سر کے بال اُڑ جانے اور کھجلی ہونے کو جو ایک قسم کا گنج ہے' بہت مفید ہے۔

یہ عرق پینے اور لگانے دونوں کام آتا ہے۔

نسخہ: بڑ کی داڑھی ایک سیر' گلو ایک سیر' اندرائن کی جڑ پانچ تولہ' سرسف کے پھول

پانچ تولہ، دیودار پانچ تولہ، املتاس کے پھول پانچ تولہ، ساکھو کے پھول پانچ تولہ، شیشم کا برادہ پانچ تولہ، ہاردبیر پانچ تولہ، خس پانچ تولہ، بھنگرہ تیس تولہ، گل نیلوفر دس تولہ، ملہٹی دس تولہ، چیتا پانچ تولہ، جمال گوٹہ کی جڑ پانچ تولہ، تھوہر کا دودھ پانچ تولہ، آنکھ کا دودھ پانچ تولہ، پھٹکری پانچ تولہ۔ ان ادویات کو بیس سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

اس عرق سے سر کو دھو کر بعد اُس کے نارجیل کا روغن لگائے تو مرض بالکل جاتا رہے گا اور سر دھوتے وقت آنکھوں کو بند رکھے۔

خوراک: ایک تولہ سے دو تولہ تک مقرر ہے۔

عرق گنجا

فوائد: اس عرق سے سر دھونے سے گنجا پن اور پھیاس کیال یعنی ایک قسم کا کوڑھ، اندرلپت یعنی بواسیر کے مسے، پرانا ناسور، بھگندر کا زخم وغیرہ امراض دور ہوتے ہیں۔ یہ عرق پینے کے کام میں نہیں آتا۔

نسخہ: لال چونٹلی کی جڑ دس تولہ، کونچ کی جڑ دس تولہ، کلہاری کی جڑ دس تولہ، ہاتھی دانت کی راکھ دس تولہ، ملہٹی دس تولہ، آنولے دس تولہ، بھنگرہ دس تولہ، چرونجی دس تولہ، کوٹ دس تولہ، نارنگی کا چھلکا دس تولہ، گل نیلوفر دس تولہ، پیلی سرسوں دس تولہ، آک کا دودھ دس تولہ، تھوہر کا دودھ دس تولہ، کڑوی توری کی جڑ دس تولہ، ساریوا دس تولہ، آم کی بجلی دس تولہ، ہلدی پانچ تولہ، دارہلدی پانچ تولہ، بڑ کی داڑھی پانچ تولہ، کنول کی جڑ پانچ تولہ، چنبیلی کے پتے پانچ تولہ، چنبیلی کے پھول پانچ تولہ، کپور کچری پانچ تولہ۔

ان ادویہ کو بیس سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک ہے۔

عرق جواپھول

فوائد: اس عرق کو ناک کے ذریعے سے تین تولہ سے پانچ تولہ تک چالیس دن استعمال کرنے سے جوانی میں جو بال سفید ہو جاتے ہیں، وہ سیاہ پیدا ہوتے ہیں۔

نسخہ: جواپھول پانچ سیر، برادہ صندل پانچ تولہ، ملہٹی پانچ تولہ، مروڑ پھلی پانچ تولہ، پوست ہلیلہ کلاں پندرہ تولہ، آنولے دس تولہ، بہیڑہ پانچ تولہ، گل نیلوفر پانچ تولہ، پرینگو پانچ تولہ، بڑ

کی داڑھی پانچ تولہ' گلو پانچ تولہ' کنول کی جڑ پھول وغیرہ بیس تولہ' برادہ فولاد صاف کیا ہوا پانچ تولہ' جٹاماسی دو تولہ' ساریوا سفید پھول کا پانچ تولہ' ساریوا کالے پھول کا پانچ تولہ' کالے بھنگرہ کا رس پانچ سیر۔ ان ادویہ کو بیس سیر پانی میں ایک ہفتے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے پانچ تولہ تک ہے۔

عرق نیل بندو

فوائد: اس عرق سے روز بالوں کو دھونے سے بال ملائم اور کالے بھنور اور گھنگھریالے ہو جاتے ہیں۔

نسخہ: سرما دس تولہ' ملٹھی دس تولہ' رسوت دس تولہ' ساریوا دس تولہ' گل شکری دو تولہ' گل نیلوفر دو تولہ' آنولے پندرہ تولہ' پوست ہلیلہ کلاں دس تولہ' بہیڑہ پانچ تولہ' برگ نیل چالیس تولہ' کسیس پانچ تولہ' ناگرموتھا پانچ تولہ' تل کا تیل بیس تولہ' آم کی گٹھلی بیس تولہ' تاڑ کا پھل دس تولہ' تاڑ کا پوست دس تولہ' مین پھل دس تولہ' آم کے پتے دس تولہ' ارجن کے پتے دس تولہ' کچھوے کا پتہ بیس تولہ' نیلا تھوتھا ایک تولہ' سیوال دس تولہ' شیشم کا برادہ دس تولہ' بھنگرہ دس تولہ' گوکھرو دس تولہ' لوہے کا برادہ سو تولہ' تلوں کا تیل ایک سیر' بکری کا دودھ چار سیر' آنولے کا رس چار سیر' بھنگرہ کا رس چار سیر۔

نیل کی پتی اور خشک ادویات کو بیس سیر پانی میں چودہ دن بھگو کر بعد اُس کے تیل اور دودھ وغیرہ ملا کے عرق کشید کرے اور بعد تیاری کے اس عرق کو دو ہفتے لوہے کے گھڑے میں بھر کر رکھے اور منہ بند کر کے زمین میں گاڑے' بعد دو ہفتے کے نکال کر شیشیوں میں بھر لے۔ اس عرق سے بال دھوتے ہی سیاہ ہو جاتے ہیں۔

بھرنگ راج عرق

فوائد: اس عرق کا خضاب نہایت عمدہ ہے' لگاتے ہی بال سیاہ بھنور ہوتے ہیں اور جلد ملائم کرتا ہے اور خوشبودار ہے۔ سر کی ہر ایک بیماری کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: بھنگرہ کا رس چار سیر' کالے بھنگرہ کا رس چار سیر' ترپھلا کا رس چار سیر' بکری کا دودھ چار سیر' کالے تلوں کا تیل چار سیر' کنول ککڑی پانچ تولہ' کنول کی جڑ پانچ تولہ' سرخ

کنول کے پھول پانچ تولہ' سفید کمل کے پھول پانچ تولہ' گل نیلوفر پانچ تولہ' مجیٹ پانچ تولہ' زرد رنگ کے سال کی چھال پانچ تولہ' نیل کے پتے چالیس تولہ' کمل گٹے پانچ تولہ' کپور کچری پانچ تولہ' ناگرموتھا پانچ تولہ' سونٹھ کی جڑ پانچ تولہ' آنولے بارہ تولہ' بڑ کا پوست آٹھ تولہ' بیڑہ چار تولہ' کھریٹی پانچ تولہ' جٹامانسی دو تولہ' بھنگرہ سیاہ دس تولہ' ناگ کیسر دو تولہ' لوہے کی کیٹ دس تولہ' آم کی بجلی دس تولہ' کالی ساریوا دس تولہ' پرنیگو کے پھول پانچ تولہ' کوٹ پانچ تولہ' ملہٹی پانچ تولہ' پیلے پھول کی کٹ سریا پانچ تولہ' دیودار پانچ تولہ' پدماک پانچ تولہ' ہاروبیر ایک تولہ' برادہ صندل سفید ایک تولہ' برادہ صندل زرد ایک تولہ' برادہ سیاہ صندل ایک تولہ' تیج پات ایک تولہ' موتھا ایک تولہ' سونف ایک تولہ' ستاور ایک تولہ' بڑ کی چھال بیس تولہ' گوگلوچن ایک تولہ' نیلاتھوتھا ایک تولہ' کیتکی کی جڑ دس تولہ' بیڑہ کی بیج ایک تولہ' جواپھول دس تولہ' راسنا دو تولہ' گیرو ایک تولہ' دارہلدی دو تولہ' رسوت ایک تولہ' کاکولی ایک تولہ' شیر کاکولی ایک تولہ' میدہ ایک تولہ' میدا کلاں ایک تولہ' جیوک ایک تولہ' ترش بھک ایک تولہ' تروہٹ ایک تولہ' بردھتی ایک تولہ' لاکھ ایک تولہ' خورد موتھا ایک تولہ' گدھپورنا کی چھال دو تولہ' جڑ دو تولہ' برگ دو تولہ' کالا اگر دو تولہ' پٹھ ، 'ودھ دو تولہ۔

ان سب ادویات کو چالیس سیر پانی میں ایک ماہ تک بھگوئے اور سب ادویات کو لوہے کے برتن میں رکھے اور منہ خام کر زمین میں گاڑے' پھر بعد ایک ماہ نکال کر عرق کشید کرے۔ اس عرق کا نہایت عمدہ رنگ بالوں پر آتا ہے' خضاب کے نسخوں میں اوّل درجہ ہے۔

منہ کی سیاہی اور دھبے

فوائد: عرق چنا جو منہ پر کی سیاہی اور نیلے دھبے کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: پٹھانی لودھ دس تولہ' گل شکری دس تولہ' پیلی سرسوں دس تولہ' بچ دس تولہ' ارجن کی چھال دس تولہ' مجیٹ دس تولہ' سرخ صندل کوٹ پانچ تولہ' پرنیگو کے پھول پانچ تولہ' بڑ کی داڑھی دس تولہ' مسور صاف کیا ہوا ایک سیر' نارنگی کے چھلکے ایک سیر' دارچینی دو تولہ' الائچی خورد دو تولہ' برنے کی چھال ایک سیر' بکری کا دودھ چار سیر۔ ان سب ادویات کو سات سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

اس عرق سے روز منہ دھونے سے کنول کے پھول کی مانند چہرہ کا رنگ ہو جاتا

ہے اور ہاتھ پاؤں بھی بہت صاف ہو جاتے ہیں اور جسم پر ملائمیت آتی ہے۔

مسے، تل اور جھائیاں

فوائد: کلاں ویرچن عرق...... اس عرق سے چہرہ پر کے مسے، تل اور جھائیاں وغیرہ صاف ہو جاتی ہیں اور چہرہ کا رنگ مثل گل نیلوفر کے نکل آتا ہے۔

نسخہ: لاکھ دس تولہ، مجیٹ پانچ تولہ، ہلدی دو تولہ، دار ہلدی دو تولہ، کوٹ دو تولہ، زعفران دو تولہ، پٹھانی لودھ دو تولہ، تور دو تولہ، ہڑتال ایک تولہ، مین پھل ایک تولہ، گیرو دو تولہ، نیلا تھوتھا ایک تولہ، بڑ کے پتے ایک سیر، ناگ کیسر ایک تولہ، صندل زرد ایک تولہ، کنول گٹے کی گری ایک تولہ، کنول گٹے کا زیرہ ایک تولہ، پارہ دو تولہ، گندھک دو تولہ، تیج پات ایک تولہ، دار چینی ایک تولہ، ملٹھی 32 تولہ، بھینس کا دودھ چار سیر، تلوں کا تیل دو سیر۔

ان سب ادویات کو علاوہ دودھ کے سولہ سیر پانی میں 48 گھنٹے بھگو کر بعد دودھ ملا کر عرق کشید کرے اور استعمال میں لائے۔

چہرے کی خوبصورتی

فوائد: عرق زعفران جو چہرہ کو تیار اور نمکین مثل سونے کے چمکدار بنا دیتا ہے اور جھریوں کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: زعفران پانچ تولہ، پیپل پانچ تولہ، لاکھ پانچ تولہ، مجیٹ پانچ تولہ، لال چندن پانچ تولہ، زرد چندن پانچ تولہ، پدماک پانچ تولہ، لیمو کا زیرہ پانچ تولہ، کسومبہ کے پھول پانچ تولہ، ملٹھی پانچ تولہ، پرنگو پانچ تولہ، چنبیلی کے پھول پانچ تولہ، ہلدی پانچ تولہ، دار ہلدی پانچ تولہ، گلو لوچن ایک تولہ، سرخ کمل کے پھول پانچ تولہ، گل نیلوفر پانچ تولہ، مین سل ایک تولہ، کاکولی ایک تولہ، شیر کاکولی پانچ تولہ، جیوک پانچ تولہ، ترش بھک پانچ تولہ، تردھتی پانچ تولہ، میدا پانچ تولہ، مہامیدا پانچ تولہ، دودھ گائے کا پانچ سیر۔

ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر بعد اس کے دودھ ملا کر عرق کشید کرے۔

کانچ نکلنا

فوائد: عرق چوچیہ جو گدبھرشیہ یعنی کانچ کے نکلنے کو بہت فائدہ مند ہے۔ اس عرق کو سات دن استعمال کرنے سے کانچ کا نکلنا بند ہو جاتا ہے۔

نسخہ: چوچیہ ایک سیر' کوہیا کی چھوٹی پتی (یہ دوا سرخ چھوٹا کنول ہے) چالیس تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' پاڑھل دس تولہ' چھوٹے بیر کے پتے چالیس تولہ' آمرے کی چھال بیس تولہ' دہی ایک سیر۔

ان کو چھ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر اور بعد دہی ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

ناسور' بھگندر' کانچ نکلنا

فوائد: عرق پاڑھل جو کانچ کا نکلنا اور درد بھگندر' پرانا ناسور اور زخم وغیرہ کو دھونے سے آرام دیتا ہے۔

نسخہ: پاڑھل بیس تولہ' چترک پانچ تولہ' شالپرنی دو تولہ' کلیر دو تولہ' پیرشپٹرنی دو تولہ' کٹیلی خورد دو تولہ' کٹیلی کلاں دو تولہ' گوکھرو دو تولہ' بیل کی جڑ دو تولہ' ارنی دو تولہ' سونا پاڑھا دو تولہ' کاکولی دو تولہ' شیر کاکولی دو تولہ' میدا دو تولہ' کلاں میدا دو تولہ' جیوک دو تولہ' ترشبھک دو تولہ' ترجیدت دو تولہ' بردھی دو تولہ' دودھ چار سیر' تلوں کا تیل ایک سیر' چوہے کا گوشت ایک سیر۔

اوّل سب خشک ادویات کو مع تیل کے بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر بعد چوہے کے گوشت کی دو سیر یخنی ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ۔

منہ کے چھالے اور دانتوں کا ہلنا

فوائد: عرق نیلی کٹ سریا جو غرغرہ کرنے سے دانتوں کا ہلنا اور منہ کے چھالوں اور منہ کے سارے مرضوں کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: نیلے پھول کی کٹ سریا ایک سیر' مولسری کی چھال ایک سیر' ساریوا پانچ تولہ'

کھیر سار پانچ تولہ' بودار کھیر سار پانچ تولہ' لال کنول کی جڑ پانچ تولہ' جامن کی چھال دو تولہ' آم کی چھال دو تولہ' ملہٹی پانچ تولہ' ارنی پانچ تولہ' پاڑھل پانچ تولہ' سپاری پانچ تولہ' مصطگی پانچ تولہ۔

ان ادویات کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: پینے کے لئے دو تولہ سے تین تولہ تک۔

اس عرق کا زیادہ فائدہ غرغرہ کرنے سے ہوتا ہے۔

دانتوں کا ہلنا اور کیڑے

فوائد: عرق ہاڑا جو ہلتے ہوئے دانتوں کو مضبوط کرتا ہے اور پانی کا لگنا' دانتوں کے کیڑے رفع کرتا ہے۔

نسخہ: کیکر کی چھال دس تولہ' کیکر کی پھلی دس تولہ' کیکر کی لونگ دس تولہ' املتاس کی چھال دس تولہ' ساکھو کی چھال دس تولہ' سپاری کی چھال دس تولہ' کواٹھوڑی دو تولہ' باؤبڑنگ دو تولہ' لیمو کی جڑ دو تولہ' باچی دو تولہ' مولسری کی چھال ایک سیر' چنبیلی کی جڑ دس تولہ' کھرنی کی جڑ دس تولہ' بچ دو تولہ' آمیں دو تولہ' پاڑھل دو تولہ' راسنا دو تولہ' کونکی دو تولہ' نیب کے پھول دو تولہ' تلوں کا تیل چالیس تولہ' گائے کا دودھ دو سیر۔

ان سب ادویہ کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر بعد دودھ اور تیل ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: اس عرق سے دن میں تین چار مرتبہ غرغرہ کرے تو دانتوں کی بیماری نہیں ہو گی اور دانت نہایت مضبوط ہو جائیں گے۔

گلے کا پھوڑا

فوائد: عرق کالک جو گل شونڈی یعنی گلے میں ایک قسم کا خطرناک پھوڑا پیدا ہو جاتا ہے' اس کو اور دانت اور مسوڑھوں کے امراض کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: گدہ پورنا بوٹی کی جڑ دس تولہ' چنبیلی کے پتے دس تولہ' کھرنی کی جڑ پانچ تولہ' ہارو بیر پانچ تولہ' سونف پانچ تولہ' کرنڈ کے پتے پانچ تولہ' کرنڈ کی جڑ پانچ تولہ' جھوجرو کی جڑ پانچن تولہ' آڑد کے پتے پانچ تولہ' پوست ہلیلہ زرد پانچ تولہ' پوست آنولہ پانچ تولہ'

بیزہ پانچ تولہ' تمر ایک تولہ' مکو پانچ تولہ' گوما کی جڑ پانچ تولہ' چیتا ایک تولہ' لاجونتی کی جڑ ایک تولہ' کٹ شندی ایک تولہ' دھو کے پھول ایک تولہ' سیاہ مرچ ایک تولہ' کالی زیری ایک تولہ' باکھان بھید ایک تولہ' آمیں ایک تولہ' سفید دوب کی جڑ ایک تولہ' چب ایک تولہ' پاڑھل ایک تولہ' الائچی خورد ایک تولہ' دارچینی ایک تولہ' تج پات ایک تولہ' ناگ کیسر ایک تولہ' کچنال کی چھال بیس تولہ' سہانجنا کے بیج بیس تولہ' کندرو کی جڑ دو تولہ' ہنس راج دو تولہ' پیلے پھول کی کٹ سریا دو تولہ' جامن کی چھال دس تولہ' منقیٰ ایک سیر' مصری دو سیر۔

ان سب ادویات کو سولہ سیر پانی میں 48 گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

اس عرق کے تین ہفتے استعمال سے کنٹھ شالک مرض جڑ سے جاتا رہتا ہے۔ اس مرض میں گلے کی گھاٹی گل جاتی ہے اور گلے میں سوراخ پڑ جاتے ہیں اور پانی اُس سوراخ سے باہر نکلنے لگتا ہے۔

منہ کی بدبو

فوائد: عرق سیوتی جو گلے اور منہ کے ہر ایک مرض کو رفع کرتا ہے اور منہ کی بدبو بھی رفع کرتا ہے۔

یہ نسخہ دل اور دماغ کو قوت بخشتا ہے اور زکام کے بگڑ جانے سے جو امراض پیدا ہو جاتے ہیں' اُن سب کے لئے اکسیر کا فائدہ رکھتا ہے۔

نسخہ: سیوتی کے پھول چالیس تولہ' گلاب کے پھول بیس تولہ' گڑھل کے پھول بیس تولہ' اگست کے پھول بیس تولہ' گل گاؤزبان دس تولہ' گل نیلوفر دس تولہ' مولسری کے پھول پانچ تولہ' گل انار پانچ تولہ' سرخ کمل کے پھول پانچ تولہ' سفید کمل کے پھول پانچ تولہ' سونف پانچ تولہ' گل منڈی پانچ تولہ' الائچی پانچ تولہ' ملٹھی پانچ تولہ' شہتوت پانچ تولہ' کیسرو پانچ تولہ' مغز کدو پانچ تولہ' مغز تربوز پانچ تولہ' مغز بادام پانچ تولہ' تمر ایک تولہ' اگر ایک تولہ' تج پات ایک تولہ' دارچینی ایک تولہ' مشک دانہ ایک تولہ' بنسلو چن ایک تولہ' ستاور دس تولہ' موصلی سفید پانچ تولہ' موصلی سیاہ ایک تولہ' کافور چھ ماشہ' زعفران آٹھ ماشہ' مشک دو ماشہ' پیٹھے کا رس چالیس تولہ' اناس کا رس چالیس تولہ' گنے کا رس چالیس تولہ' بہی کا رس بیس تولہ' انار کا رس بیس تولہ' انگور کا رس بیس تولہ' منقیٰ ایک سیر' مصری تین سیر' بکری کا

دودھ چار سیر۔

اوّل خشک ادویات کو صاف کر کے سولہ سیر پانی میں مع منقیٰ اور مصری کے سولہ گھنٹے بھگو کر بعد اناس وغیرہ کا رس اور مغزیات' مشک' کافور' دودھ جملہ اجزاء ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

اس عرق کو استعمال کرنے سے انسان تندرست ہو جاتا ہے۔

صفراء اور بلغم کی بیماریاں

فوائد: عرق سنگھناؤ جو بائے کی بیماری اور صفراء و بلغم کی کل بیماریوں کو رفع کرتا ہے۔

اس عرق کو چالیس دن استعمال کرنے سے پرانا دمہ' جذام' باؤ گولہ' درد شکم اور گٹھیا' کوڑھ وغیرہ بھی رفع ہو جاتا ہے۔

نسخہ: چیتا بارہ تولہ' پوست ہلیلہ زرد چوبیس تولہ' بہیڑہ بارہ تولہ' آنولہ بارہ تولہ' اننت مول بارہ تولہ' چوب چینی بارہ تولہ' گوگل صاف کیا ہوا دس تولہ' فولاد کا برادہ صاف کیا ہوا دس تولہ' گڑ 0.2 سیر۔

ان سب ادیات کو صاف کر کے چودہ سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک ہے۔

پتھری' بھگندر' بواسیر' یرقان

فوائد: عرق شاردول جو پتھری اور بھگندر' بواسیر' یرقان' جلندر اور ہر قسم کے درد ٹوٹی ہوئی ہڈی وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: پوکھر مول پانچ تولہ' گلو پانچ تولہ' ڈانسرا پانچ تولہ' مہوا پانچ تولہ' کوٹ پانچ تولہ' دیودار پانچ تولہ' گلو تیس تولہ' منقیٰ تیس تولہ۔ ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

درد شکم اور معدہ کے امراض

فوائد: عرق ترنیتر جو پرٹیرام یعنی ہاضمہ کے وقت جو درد شکم میں ہوتا ہے اس کو اور امل پت یعنی کھانے کے بعد کھٹی قے آنے اور چھاتی کے درد' سانس' کھانسی اور اروچ وغیرہ کے امراض کو رفع کرتا ہے اور بھوک بڑھاتا ہے۔

نسخہ: چیتے کا رس ایک سیر' ناریل کا پانی ایک سیر' منقی ایک سیر' تالیس پتر پانچ تولہ' دھنیا پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' الائچی خورد دو تولہ' الائچی کلاں دو تولہ' تیج پات دو تولہ' ناگ کیسر دو تولہ' دارچینی دو تولہ' مصری ایک سیر۔ ان سب کو آٹھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

امراض شکم' بواسیر اور پیٹ درد

فوائد: عرق تارا جو سنگرہنی اور چھ قسم کی بواسیر اور پیٹ کے ہر قسم کے درد اور کل امراض شکم کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: ستاور ایک سیر' گلو بیس تولہ' گج پیپل پانچ تولہ۔ سب کو حسب معمول بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: معمولی

لقوہ' مرگی' بدن کی قوت

فوائد: عرق کلیان جو اردت روگ یعنی لقوہ' مرگی' باؤ گولہ' انت بات یعنی ایک قسم کا سر کا درد اور جذام اور موتر کچھ یعنی چنک سے پیشاب آنا وغیرہ امراض کو مفید ہے اور بدن کی قوت بڑھاتا ہے اور فربہ کرتا ہے۔

نسخہ: شالپرنی دس تولہ' ستاور دس تولہ' اسگندھ دس تولہ' سنبھالو پانچ تولہ' جیت کے بیج دو تولہ' الائچی خورد دو تولہ' برگ بانسہ دو تولہ' کھریٹی خورد دو تولہ' ہلدی دو تولہ' مجیٹ دو تولہ' کلونجی دو تولہ' دیودار دو تولہ' لونگ دو تولہ' اجوائن دو تولہ' پیلا مول دو تولہ' منقی چالیس تولہ۔
ان سب ادویات کو آٹھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

نیند کی زیادتی

فوائد: عرق پونروا جو سستی یعنی ایک قسم کی جھپکی اور نیند بہت آنا اور کل مرض بلغمی کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: کٹیلی خورد دس تولہ' کٹیلی کلاں پانچ تولہ' ملہٹی پانچ تولہ' دارچینی پانچ تولہ' تیج پات ایک تولہ' الائچی کلاں ایک تولہ' ناگ کیسر ایک تولہ' ناگرموتھا ایک تولہ' پوست ہلیلہ کابلی پندرہ تولہ' آنولے دس تولہ' بہیڑہ پانچ تولہ' چرائتہ پانچ تولہ' برگ بانسہ پانچ تولہ' اجمود پانچ تولہ' عناب چار تولہ۔

ان سب ادویات کو بارہ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

قوت دماغ اور حافظہ

فوائد: عرق چتیس جو قوت دماغ اور حافظے کو بڑھاتا ہے اور بچوں کے بدن کو فربہ کرتا ہے۔

نسخہ: ترایمان دس تولہ' بچ پانچ تولہ' بچھے چھی دس تولہ' پرنیگو کے پھول دس تولہ' ستاور دس تولہ' کنگیر وا دس تولہ' باؤبڑنگ دو تولہ' کاکولی دو تولہ' شقاقل مصری دو تولہ' موصلی سفید پانچ تولہ' موصلی سیاہ دو تولہ' ملہٹی پانچ تولہ' تالیس پتر ایک تولہ' اناردانہ دس تولہ' چھوہارے دس تولہ' منقیٰ دس تولہ۔

ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

خفقان اور پرانی مرگی

فوائد: عرق نرسنگھا جو خفقان اور پرانی مرگی کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: تخم ریٹھا بیس تولہ' گل نیلوفر دس تولہ' پیرشپٹرنی دس تولہ' کلیر دس تولہ' پاکر کی چھال دس تولہ' پیپل کی داڑھی دس تولہ' سہانجنا کی چھال دس تولہ' سیب کے پتے پانچ تولہ'

ب کی چھال پانچ تولہ۔
ان سب ادویات کو سولہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

ہیضہ' درد شکم' بدہضمی

فوائد: عرق شول گج کیسری جو ہر قسم کے درد شکم اور بدہضمی' بند ہیضہ وغیرہ کو رفع کرتا ہے اور بھوک بڑھاتا ہے۔
نسخہ: پاڑھل دس تولہ' سونف دس تولہ' چیتا دس تولہ' دارچینی دس تولہ' تخم کرنج پانچ تولہ' نمک پانچ تولہ' گلاب کے پھول پانچ تولہ' پودینہ دو تولہ' ناگ کیسر دو تولہ' الائچی خورد دو تولہ' لونگ دو تولہ' اجمود دو تولہ' چب دو تولہ' سونٹھ دس تولہ' پیپلاموں دو تولہ۔
ان سب ادویات کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

بھگندر

فوائد: عرق کالاگر جو بھگندر کو چالیس دن کے استعمال سے رفع کرتا ہے۔
نسخہ: چونکھا بیس تولہ' ہلدی بیس تولہ' دارہلدی بیس تولہ' گورکھ منڈی دس تولہ' دھو کے پھول پانچ تولہ' مجیٹھ پانچ تولہ' مینڈھا سینگی پانچ تولہ' ڈھاک کی چھال پانچ تولہ' اندرائن کا گودا پانچ تولہ۔
ان سب کو دس سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

سوجن اور فوطوں کا بڑھ جانا

فوائد: عرق گندھر وہستک جو بدن کی ہر قسم کی سوجن اور بد اور فوطوں کے بڑھ جانے وغیرہ امراض کو مفید ہے۔
نسخہ: ارنڈ کی جڑ چالیس تولہ' کھریٹی خورد بیس تولہ' سونٹھ بیس تولہ' کرنجوے کی چھال پانچ تولہ' اندرائن کی جڑ پانچ تولہ' راسنا پانچ تولہ' چب پانچ تولہ' زیرہ سفید دو تولہ' زیرہ سیاہ

دو تولہ دار چینی دو تولہ پوست ہلیلہ زرد بارہ تولہ آنولہ آٹھ تولہ بہیڑہ چار تولہ سونف چار تولہ صندل سفید دو تولہ ہلدی دو تولہ دارہلدی دو تولہ بال چھڑ دو تولہ کاکڑاسنگی دو تولہ کٹ شری دو تولہ کونگی دو تولہ باؤبڑنگ دو تولہ اسگندھ دو تولہ تگر دو تولہ اندر جو دو تولہ آمیں دو تولہ گج پیپل دو تولہ۔

ان سب ادویات کو سولہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

بادی بواسیر' اپھارہ' پتھری

فوائد: عرق مین پھل جو بائے کی کل بیماریوں اور ادواورت یعنی ریاح کا الٹا ہونا اور باؤگولہ بادی بواسیر' تلی' پرمیہ' گٹھیا' اپھارہ اور پتھری وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: مین پھل دس تولہ کوٹ شیریں دس تولہ سونف دس تولہ بید کی جڑ دس تولہ چب پانچ تولہ ہاروبیر پانچ تولہ ملٹھی پانچ تولہ بھارنگی پانچ تولہ دیودار پانچ تولہ سونٹھ پانچ تولہ کائفل پانچ تولہ پوکھرمول پانچ تولہ میدہ لکڑی پانچ تولہ چب پانچ تولہ چیتا پانچ تولہ کپورکچری پانچ تولہ باؤبڑنگ پانچ تولہ آمیں پانچ تولہ کالانسوت پانچ تولہ سنبھالو کے بیج پانچ تولہ نیل کی جڑ پانچ تولہ شالپرنی پانچ تولہ جمال گوٹہ کی جڑ پانچ تولہ راسنا پانچ تولہ۔

ان سب ادویات کو سولہ سیر پانی میں بھگو کر چوبیس گھنٹے کے بعد عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک ہے۔

پیاس' استفراغ اور متلی

فوائد: عرق شیتانشو جو پیاس اور استفراغ اور متلی وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: برادہ صندل بیس تولہ گل نیلوفر دس تولہ الائچی خورد دس تولہ خس پانچ تولہ ملٹھی پانچ تولہ بڑ کی داڑھی پانچ تولہ کنول گٹے پانچ تولہ پدماک پانچ تولہ فالسہ پانچ تولہ کھجور پانچ تولہ منقیٰ چالیس تولہ کھیل چالیس تولہ۔

ان سب ادویات کو بارہ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے پانچ تولہ تک ہے۔

امراض چشم، گھبراہٹ اور نکسیر

فوائد: عرق چندربالا جو گھمیر، پیاس، غشی اور امراض چشم و گھبراہٹ، نکسیر وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: الائچی خورد چالیس تولہ، سرخ کمل کے پھول بیس تولہ، گل سیوتی دس تولہ، کوڑے کی چھال دس تولہ، اندرجو دس تولہ، گل انار دس تولہ، سونف دس تولہ، مغز کدو دس تولہ، زیرہ سفید پانچ تولہ۔

ان سب ادویہ کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

پیشاب میں جلن اور خون

فوائد: عرق پی پکھا جو چنک (جلن) سے پیشاب آنے اور پیشاب میں خون آنے یا منی کے خارج ہونے اور دل کے دھڑکنے اور گھمیرے اور آنکھ کے آگے اندھیرا آنے وغیرہ مرضوں کو مفید ہے۔

نسخہ: گلو دس تولہ، گوکھرو بیس تولہ، جوانسا بیس تولہ، الائچی خورد بیس تولہ، مغز تربوز بیس تولہ، مغز کدو بیس تولہ، دھنیا دس تولہ، سیمل کی چھال دس تولہ، ستاور دس تولہ۔

ان سب ادویہ کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

آنکھوں کے آگے اندھیرا، بہراپن، کان کا درد

فوائد: عرق جیوک جو صفراوی اور سوداوی سر کے درد کو رفع کرتا ہے اور بہراپن و کان کے درد، آنکھ کے آگے اندھیرا آنے اور گل سونڈی یعنی وہ پھوڑا جو گلے میں ہوتا ہے، ان امراض کے لئے اکسیر کا فائدہ رکھتا ہے۔

نسخہ: جیوک بیس تولہ، ترش بھک بیس تولہ، منقیٰ بیس تولہ، ملہٹی بیس تولہ، گل نیلوفر دس تولہ، برادہ صندل دس تولہ، بداری کند چالیس تولہ، مصری دو سیر، بکرے کا گوشت تین سیر۔

اوّل خشک ادویہ کو مصری کے ساتھ بارہ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو دیں اور سولہ

سیر پانی میں گوشت کو پکائیں جب چار سیر پانی باقی رہ جائے تو اتار لیں اور یخنی کو چھان کر سب ادویات کے ساتھ ملا کر عرق کشید کریں۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

حیض سے متعلقہ امراض

فوائد: عرق انشومتی جو پرور یعنی حیض کا بہت دن تک کثرت سے آنا اور اسی مرض کے متعلق جملہ بیماریوں کو فائدہ بخشتا ہے۔

نسخہ: کھریٹی خورد چالیس تولہ' کانس کی جڑ دس تولہ' ملٹھی دس تولہ' گل نیلوفر دس تولہ' منقیٰ دس تولہ' لاکھ دس تولہ' کونکی دس تولہ' ساریوا دس تولہ' پٹھانی لودھ دس تولہ' برادہ صندل دس تولہ۔

ان سب ادویات کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

مصفا منی اور خون

فوائد: عرق چندرودیے جو منی کو صاف کرتا ہے اور بڑھاتا ہے اور مصفا خون بھی ہے اور دل وجگر' دماغ کو قوت بخشتا ہے۔

نسخہ: گلو دو سیر' منقیٰ دو سیر' ستاور دو سیر' کرنڈ چالیس تولہ' آنولہ ساٹھ تولہ' شاہترہ دس تولہ' عناب ساٹھ تولہ' چرائتہ پانچ تولہ' الائچی کلاں پانچ تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' دارچینی پانچ تولہ' ناگ کیسر پانچ تولہ' تیج پات دو تولہ' بنسلوچن دو تولہ' موصلی سفید دس تولہ' موصلی سیاہ پانچ تولہ' ثعلب مصری دو تولہ' شقاقل مصری دو تولہ' تودری دو تولہ' کوٹ شیریں دو تولہ' جائفل دو تولہ' لونگ دو تولہ' برادہ صندل دو تولہ' تال مکھانہ دو تولہ' بیج بند دو تولہ' جاوتری دو تولہ' سیمل کا گوند دو تولہ' سیمل کا موصلہ دس تولہ' گوکھرو دس تولہ' مشک چھ ماشہ' عنبر تین ماشہ۔

ان سب ادویہ کو علاوہ مشک اور عنبر کے سات روز بھگو کر بعد عنبر اور مشک کی پوٹلی ڈال کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

قوت باہ اور دماغی امراض

فوائد: عرق پورن چندر جو قوت باہ کو بڑھاتا ہے بھوک لگاتا ہے اور دماغی کل امراض کو مفید ہے۔

نسخہ: سیمل کا موصلہ ایک سیر' تر پھلا ساٹھ تولہ' اسپغول پانچ تولہ' موچرس پانچ تولہ' پیل مگ پانچ تولہ' ست سلاجیت پانچ تولہ' مولسری کے پھول پانچ تولہ' مولسری کی گری پانچ تولہ' جامن کی گری پانچ تولہ' آم کے پھول پانچ تولہ' آم کا گوند پانچ تولہ' کمل گٹے کی گری پانچ تولہ' ستاور پانچ تولہ' بھنگ کے بیج پانچ تولہ' جائفل پانچ تولہ' اجمود پانچ تولہ' اجوائن خراسانی پانچ تولہ' عقرقرحا پانچ تولہ' برادہ صندل پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' اونٹگن کے بیج پانچ تولہ' گورکھ منڈی پانچ تولہ' چلغوزہ پانچ تولہ' چرونجی پانچ تولہ' مغز تربوز پانچ تولہ' مغز خیارین پانچ تولہ' مغز کدو پانچ تولہ' مغز بادام پانچ تولہ' منقٰی دو سیر' مصری دو سیر۔

ان سب ادویہ کو چوبیس سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

ممسک و اضافہ باہ

فوائد: عرق مدن دیپن جو ممسک ہے اور باہ کو بڑھاتا ہے۔

نسخہ: پوست کی جڑ چالیس تولہ' بھنگ کے بیج دس تولہ' خراسانی اجوائن پانچ تولہ' چھوہارے چالیس تولہ' بیج بند پانچ تولہ' تال مکھانہ پانچ تولہ' ستاور پانچ تولہ' موصلی سفید پانچ تولہ' موصلی سیاہ پانچ تولہ' سیمل کا گوند پانچ تولہ' مہوے کے پھول پانچ تولہ' عقرقرحا ایک تولہ' جائفل ایک تولہ' جاوتری ایک تولہ' اونٹگن کے بیج چالیس تولہ' منقٰی چالیس تولہ' کلیر چالیس تولہ' دودھ بھینس کا چار سیر' مرغ کی یخنی چار سیر۔

خشک ادویات کو صاف کر کے بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر بعد اس کے یخنی اور دودھ ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

بواسیر' بدن کی جھریاں

فوائد: عرق نرسنگھ کلاں جو ضعیفی کے ہر ایک مرض یعنی بدن کی جھریاں اور بالوں کا گرنا' پرمیہ' یرقان' نزلہ ہر قسم کے کوڑہ وتلی' ورم جگر' جلندر' بھگندر' پیشاب کی چنگ اور ہر طرح کی بواسیر' کھانسی وغیرہ مرضوں کو رفع کرتا ہے۔

یہ نسخہ بدن کی رنگت بھی نکھار دیتا ہے اور دل و دماغ' معدہ' جگر' مثانہ کو قوت دیتا ہے' باہ کو بڑھاتا ہے' اولاد کو طاقتور پیدا کرتا ہے۔

نسخہ: ستاور ایک سیر' گوکھرو ایک سیر' براہی کند ڈیڑھ سیر' گلو ڈیڑھ سیر' بہلاوہ کی گری ایک سیر' چیتا دس تولہ' تل ایک سیر' سونٹھ دو تولہ' مرچ سیاہ ایک تولہ' پیپل ایک تولہ' مصری دو سیر' منقیٰ دو سیر۔ ان سب ادویات کو چالیس سیر پانی میں سات دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

بخار پرانا' پیاس

فوائد: عرق انار جو ہر قسم کی پیاس اور تپ کہنہ (پرانے بخار) کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: اناردانہ دو سیر' منقیٰ ایک سیر' بیر کی گری دس تولہ' پدماک دس تولہ' بنسلو چن پانچ تولہ' پیپل خورد پانچ تولہ' دارچینی پانچ تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' مصری دو تولہ۔

ان سب ادویات کو سولہ سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

صفراوی بخار

فوائد: عرق شیترس جو صفراوی بخار اور ہر قسم کی پیاس وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: پدماک دس تولہ' ناگرموتھا پانچ تولہ' خس پانچ تولہ' کپورکچری پانچ تولہ' لال صندل پانچ تولہ' شاہترہ پانچ تولہ' منقیٰ چالیس تولہ۔

ان سب ادویہ کو آٹھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

مرگی، خفقان، فالج، ہکلا پن

فوائد: عرق راج پرسارنی جو ہر ایک بائے کی بیماری اور زیادہ تر مرگی و خفقان و فالج، قبض اور کان کی ہر قسم کی بیماری اور امراض سر اور درد پسلی و کبڑے پن، بدن کے ابھارہ، اکڑاؤ، ہکلا پن اور جملہ اقسام بواسیر وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔

یہ نسخہ امراض دماغی کو بھی رفع کرتا ہے اور قوت دماغ بڑھاتا ہے۔

نسخہ: کھیپ تین سیر، پیلی کٹ سریا ایک سیر، اسگندھ دس تولہ، ارنڈ کی جڑ پانچ تولہ کھریٹی پانچ تولہ، ستاور پانچ تولہ، راسنا پانچ تولہ، سانٹھی کی جڑ پانچ تولہ، کیتکی کے پھول پانچ تولہ، شالپرنی پانچ تولہ، پرشپرنی دو تولہ، کٹیلی خورد دو تولہ، کٹیلی کلاں دو تولہ، گوکھرو دو تولہ، بیل کی جڑ دو تولہ، ارنی دو تولہ، سوناپاڑھا دو تولہ، کلیر دو تولہ، پاڑھل دو تولہ، بکائن دو تولہ دیودار دو تولہ، سرس کی جڑ پانچ تولہ، پیپل کی لاکھ پانچ تولہ، پٹھانی لودھ دو تولہ، مجیٹ دو تولہ پیپل دو تولہ، سیاہ مرچ دو تولہ، سونٹھ دو تولہ، پوست ہلیلہ زرد دو تولہ، بہیڑہ دو تولہ، آنولہ دو تولہ چیڑھ دو تولہ، سونف دو تولہ، کاکوڑے کی جڑ دو تولہ، چب دو تولہ، کپور کچری دو تولہ، موتھا دو تولہ، میتھی دو تولہ، گل نیلوفر دو تولہ، پیپلا مول دو تولہ، رسوت دو تولہ، ہلدی دو تولہ، کاکولی دو تولہ شیر کاکولی دو تولہ، بول دو تولہ، پرینگو دو تولہ، خس دو تولہ، مینڈھا سینگی دو تولہ، الائچی خورد دو تولہ کندرو دو تولہ، دارچینی دو تولہ، لونگ دو تولہ، زعفران ایک تولہ، مشک چھ ماشہ، مصری چھ سیر، دودھ بیس سیر۔

سب خشک ادویہ کو صاف کر کے اور کچل کے چالیس سیر پانی میں سات دن بھگو کر پھر دودھ ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

پیچش، جلن، خون کے دست

فوائد: عرق کوٹ جو آنوں، خون کے دست اور پیچش، جلن، پیاس وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: کوڑے کی چھال بیس تولہ، آمیں دس تولہ، پاڑھل دس تولہ، دھو کے پھول دس تولہ، پٹھانی لودھ دس تولہ، ناگرموتھا دس تولہ، ہاروبیر تولہ، انار کی کلی دس تولہ، موچرس دس تولہ، بکری کا دودھ چار سیر۔

ان سب ادویہ کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر بعد اس کے دودھ ملا کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

بخار، تلی اور باؤ گولہ

فوائد: عرق جواہری جو ہر قسم کے بخار، تلی اور باؤ گولہ کو رفع کرتا ہے اور بھوک بہت بڑھاتا ہے۔
نسخہ: سرد پھوکہ بیس تولہ، چیتا دس تولہ، مکو دس تولہ، کوٹ کی دس تولہ، سونٹھ پانچ تولہ، دھنیا پانچ تولہ، ناگرموتھا پانچ تولہ، کپور کچری پانچ تولہ، لال صندل پانچ تولہ، شاہترہ پانچ تولہ، چرائتہ پانچ تولہ، نیب کی چھال پانچ تولہ، کرنجوے کی پتی پانچ تولہ، منقیٰ چالیس تولہ۔
ان سب ادویہ کو بارہ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ۔

یرقان، کھانسی و بلغمی امراض

فوائد: عرق چندر شیکھر جو ہر قسم کے بخار، یرقان، کھانسی و بلغمی امراض کو بہت مفید ہے۔
نسخہ: آنولہ بارہ تولہ، بہیڑہ آٹھ تولہ، پوست بلیلہ زرد چھ تولہ، برادہ فولاد صاف کیا ہوا بیس تولہ، بھنگرہ بیس تولہ، ارجن کے پتے بیس تولہ، ناگ کیسر تین تولہ، تج پات تین تولہ، الائچی خورد دس تولہ، دارچینی تین تولہ، سلاجیت دس تولہ، سونٹھ تین تولہ، مرچ سیاہ تین تولہ، پیپل تین تولہ۔
ان سب ادویہ کو بارہ سیر پانی میں 48 گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

بخار، کھانسی اور سانس کے امراض

فوائد: عرق چاتر بھدر جو بخار، کھانسی اور سانس کے امراض اور ہر ایک بلغمی بیماری کو رفع کرتا ہے۔
نسخہ: کائفل دس تولہ، پوکھر مول دس تولہ، کاکڑا سینگی دس تولہ، پیپل خورد دس تولہ، گلو

چالیس تولہ، منقیٰ چالیس تولہ، مصری دو سیر۔
ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

پتھری، بخار، کھانسی

فوائد: عرق پانی یکمار جو کھانسی، سانس، سنی پات کا بخار، پرمیہ، ہچکی اور پتھری وغیرہ کو رفع کرنے میں بے مثال ہے۔

نسخہ: ارنی دس تولہ، آکھ کی جڑ پانچ تولہ، بن تلسی کی جڑ پانچ تولہ، سنبھالو پانچ تولہ، برگ بانسہ پانچ تولہ، کھریٹی خورد پانچ تولہ، کرنجوا پانچ تولہ، سورج مکھی کی جڑ پانچ تولہ، چیتا پانچ تولہ، برہمی پانچ تولہ، سرسوں کی جڑ پانچ تولہ، بھنگرہ سیاہ بیس تولہ، جمالگوٹہ کی جڑ پانچ تولہ، نسوت پانچ تولہ، برگ املتاس دس تولہ، سہدیئی کی جڑ دس تولہ، سیمل کی چھال پانچ تولہ، سفید پھول کی کٹ سریا دس تولہ، بھنگ صاف کی ہوئی دس تولہ، منقیٰ چالیس تولہ، مصری دو سیر۔

ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

آنوں کے دست

فوائد: عرق کستوری بھیرو جو ایکنترا، دوتہیہ اور چوتہیہ اور باری کے ہر قسم کے بخار کو دور کرتا ہے اور آنوں کے دست، سنگرہنی کو مفید ہے۔
یہ نسخہ بھوک بھی بہت لگاتا ہے۔

نسخہ: ہل بل کی جڑ چالیس تولہ، سنکھی بوٹی کی جڑ چالیس تولہ، مور سیکھا دس تولہ، سفید پھول کی کٹیلی دس تولہ، اونگا دس تولہ، گوما کی جڑ دس تولہ، ہنس راج دس تولہ، کچنال کی چھال دس تولہ، جامن کی چھال دس تولہ، شہتوت کی چھال دس تولہ، لال چندن پانچ تولہ، ناگرموتھا پانچ تولہ، ہاروبیر پانچ تولہ، دارچینی پانچ تولہ، تیج پات پانچ تولہ، الائچی خورد پانچ تولہ، ناگ کیسر پانچ تولہ۔

ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں سات دن بھگو کر بعد مشک چھ ماشہ ملا کے عرق

کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

باری کے بخار' ورم جگر اور ضعف معدہ

فوائد: عرق کلونجی جو باری کے بخار' ورم جگر اور ضعف معدہ کو آرام دیتا ہے اور بھوک بڑھاتا ہے۔

نسخہ: کلونجی بیس تولہ' چیتا بیس تولہ' دیودار دس تولہ' سونٹھ دس تولہ' سانٹھی کی جڑ دس تولہ' باؤبڑنگ دو تولہ' سہاگہ بریاں دو تولہ' اندرائن کی جڑ دس تولہ' نسوت پانچ تولہ' پرانا گڑ دو سیر۔

ان سب کو سولہ سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

بواسیر' سنگرہنی' درد شکم

فوائد: عرق تن تزک جو بواسیر' سنگرہنی' درد شکم' اپھارہ کو رفع کرتا ہے اور ہاضم بہت ہے۔

نسخہ: تن تزک چالیس تولہ' ریشہ خطمی دس تولہ' سونف دس تولہ' زیرہ سفید دو تولہ' زیرہ سیاہ دو تولہ' پیپلا مول دو تولہ' اجوائن دو تولہ' باؤبڑنگ دو تولہ' پوکھر مول دو تولہ' کلونجی دو تولہ' سونٹھ دو تولہ' مرچ سیاہ دو تولہ' پیپل خورد دو تولہ' الائچی کلاں دو تولہ' لونگ دو تولہ' پاڑھل دو تولہ' بیل کی جڑ دو تولہ' چیب دو تولہ' ہار و بیر دو تولہ۔

ان ادویات کو آٹھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک ہے۔

درد پسلی' درد سر' تپ دق' کھانسی

فوائد: عرق کھٹ پل جو تپ کہنہ' تپ دق' کھانسی' درد سر و درد پسلی' اروچ وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: اندرجو دس تولہ' بھوئیاں ولی دس تولہ' پیپل پانچ تولہ' برادہ صندل پانچ تولہ' ناگرموتھا پانچ تولہ' خس پانچ تولہ' کوٹکی پانچ تولہ' ساریوا پانچ تولہ' آمیں پانچ تولہ' شالپرنی

پانچ تولہ منقیٰ بیس تولہ آنولے پانچ تولہ بیل کی جڑ پانچ تولہ ترایمان پانچ تولہ کٹّی کلاں پانچ تولہ بکری کا دودھ چار سیر بکرے کے گوشت کی یخنی دو سیر۔
سب خشک ادویہ کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرتے وقت دودھ اور یخنی ملا کر کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک ہے۔

دمہ کھانسی، سوجن، سنگرہنی

فوائد: عرق نیل کنٹھ جو تپ دق، تپ کہنہ دمہ کھانسی، سوجن اور سنگرہنی وغیرہ کو دور کرتا ہے۔
نسخہ: ہلدی دس تولہ گوکھرو دس تولہ کٹیلی خورد دس تولہ خس دس تولہ کوڑے کی چھال چالیس تولہ کنول کی جڑ دس تولہ بنسلوچن دو تولہ دارچینی دو تولہ تیج پات دس تولہ الائچی خورد پانچ تولہ ستاور پانچ تولہ اندرجو پانچ تولہ موچرس پانچ تولہ کیکر کے پتے دس تولہ منقیٰ دس تولہ مصری ایک سیر۔
سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

زکام بگڑا ہوا، تپ دق

فوائد: عرق کنک سندر جو پرانے بگڑے ہوئے زکام کو رفع کرتا ہے اور تپ دق، پرانی کھانسی، تمک سانس یعنی ایک قسم کا دمہ وغیرہ کے لئے بہت مفید ہے۔
نسخہ: اگست کے پھول ایک سیر، چیتا دس تولہ پاڑھل دس تولہ کیکر کی پھلی دس تولہ کیکر کا گوند پانچ تولہ زوفا پانچ تولہ ملہٹی پانچ تولہ گاؤزبان پانچ تولہ گل گاؤزبان پانچ تولہ پیپل پانچ تولہ الائچی خورد پانچ تولہ بنسلوچن پانچ تولہ دارچینی پانچ تولہ پوکھرمول پانچ تولہ کوٹ شیریں پانچ تولہ کاکڑاسینگی پانچ تولہ منقیٰ ایک سیر مصری تین سیر دودھ گائے کا چار سیر۔
سب ادویہ کو علاوہ دودھ کے سولہ سیر پانی میں 48 گھنٹے بھگو کر بعد دودھ ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

بواسیر' جلندر' سنگرہنی اور تپ دق

فوائد: عرق پران تران جو ہر قسم کی بواسیر و باؤ گولہ' تلی' جلندر' سنگرہنی اور تپ دق کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: بھنگرہ سیاہ ایک سیر' ستاور ایک سیر' منقیٰ ایک سیر' کاکولی دس تولہ' وددھی دس تولہ' گھیکوار ایک سیر' بھلانواں کی گری دس تولہ' برگ بارتنگ دس تولہ' سونف دس تولہ' سہدیئی کی جڑ دس تولہ' اندرجو دس تولہ' دھو کے پھول دس تولہ' دارہلدی پانچ تولہ' گولر کے پھل چالیس تولہ' نیب کی بنولی پانچ تولہ' امل بید پانچ تولہ' بکری کا دودھ چار سیر۔

ان سب ادویہ کو چالیس سیر پانی میں سات دن بھگو کر بعد دودھ ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک ہے۔

رنگ صاف' طاقت میں اضافہ

فوائد: عرق چندر امرت جو طاقت کو بڑھاتا ہے اور رنگ صاف کرتا ہے۔ بھوک بھی بڑھاتا ہے۔

اس عرق کے چند روز استعمال کرنے سے بالوں کی سفیدی' بدن کی جھریاں رفع ہوتی ہیں اور ہر قسم کی کہنہ کھانسی' بواسیر' سنگرہنی' دمہ' ہچکی اور ہر قسم کے باری کے بخار کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: کونچ کے بیج چالیس تولہ' سنکھاہولی چالیس تولہ' کلیر دس تولہ' گوکھرو دس تولہ' شالپرنی پانچ تولہ' پیرشپ ٹرنی پانچ تولہ' کٹیلی خورد پانچ تولہ' کٹیلی کلاں پانچ تولہ' بیل کی جڑ پانچ تولہ' ارنی پانچ تولہ' پاڑھل پانچ تولہ' کلیر پانچ تولہ' کیورکچری پانچ تولہ' بچ دو تولہ' کھریٹی خورد دو تولہ' گج پیپل دو تولہ' اونگہ کی جڑ دو تولہ' پیپلامول دو تولہ' چیتا دو تولہ' بھارنگی دو تولہ' بداری کند دس تولہ' چوب چینی پانچ تولہ' عشبہ پانچ تولہ' تگر دو تولہ' پوست ہلیلہ زرد دس تولہ' آنولے دس تولہ' بہیڑہ دس تولہ' پیل مگ پانچ تولہ' برگ بانسا پانچ تولہ' جھاؤ کی جڑ پانچ تولہ' انار کی چھال پانچ تولہ' کاکڑاسنگی دو تولہ' عناب دس تولہ' تیج پات دو تولہ' بنسلوچن

دو تولہ دارچینی دو تولہ ناگ کیسر دو تولہ زعفران ایک تولہ الائچی خورد دو تولہ الائچی کلاں دو تولہ لونگ ایک تولہ اجمود ایک تولہ چرائتہ پانچ تولہ شاہترہ پانچ تولہ منقیٰ ساٹھ تولہ مصری ایک سیر دودھ گائے کا چھ سیر کافور ایک تولہ مشک چار ماشہ۔

ان سب ادویات کو چالیس سیر پانی میں تین دن بھگو کر بعد اس کے دودھ وغیرہ ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

دمہ کھانسی اور بلغمی بیماریاں

فوائد: عرق کنٹھا کاری جو ہر قسم کی کھانسی اور دمہ کو رفع کرتا ہے اور ہر ایک بلغمی بیماری کو مفید ہے۔

نسخہ: کٹیلی کی جڑ بیس تولہ کٹیلی کے پھل دس تولہ کٹیلی کے پھول پانچ تولہ کٹیلی کے پتے اور ٹہنی دس تولہ کھریٹی خورد دس تولہ سونٹھ دو تولہ مرچ سیاہ دو تولہ پیپل خورد دو تولہ باؤبڑنگ دو تولہ کپور کچری دو تولہ چیتا دو تولہ سونچل نمک دو تولہ جواکھار دو تولہ بیل کی جڑ دو تولہ آنولے دو تولہ پوکھرمول دو تولہ سانٹھی کی جڑ دو تولہ پوست ہلیلہ زرد دو تولہ اجوائن دو تولہ اناردانہ دو تولہ منقیٰ دو تولہ لال پھول کی سانٹھی کی جڑ دو تولہ چب دو تولہ جوانسا دو تولہ امل بید دو تولہ کاکڑاسنگی دو تولہ بہیاتولی دو تولہ بھارنگی دو تولہ راسنا دو تولہ گوکھرو دس تولہ۔

ان سب ادویات کو دس سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

سل دمہ تپ دق اور نزلہ

فوائد: عرق کلاں کنٹھا کاری جو ہر قسم کا دمہ اور کھانسی سل تپ دق اور نزلہ اور آواز کے بیٹھ جانے کو رفع کرتا ہے۔

کچھ دن اس کا استعمال کرنے سے بدن کی جھائیاں اور بالوں کی سفیدی بھی رفع ہو جاتی ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد چالیس تولہ کٹیلی خورد مع پھل پھول جڑ کے چالیس تولہ کاکولی

دس تولہ' کلیر دس تولہ' ستاور دس تولہ' بھارنگی دس تولہ' پدماک پانچ تولہ' گاؤزبان پانچ تولہ' ملٹھی پانچ تولہ' لسوڑہ پانچ تولہ' برگ بانسہ پانچ تولہ' پیپل دو تولہ' بنسلوچن دو تولہ' الائچی خورد دو تولہ' دارچینی دو تولہ' بانسہ کے پھول پانچ تولہ' منقیٰ ایک سیر' بھنگرہ دس تولہ' بکری کا دودھ چار سیر' بکرے کی یخنی چار سیر' مصری دو سیر۔

ان سب ادویہ کو علاوہ دودھ اور یخنی کے چالیس سیر پانی میں بھگو کر بعد سات دن کے یخنی اور دودھ ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

یرقان' کھانسی' دمہ' ضعف معدہ' ضعف مثانہ

فوائد: عرق ادوے بھاسکر جو پرسوت کی بیماری' یرقان' کھانسی' دمہ' ضعف معدہ' ضعف مثانہ' تپ کہنہ' پرمیہ کو رفع کرتا ہے۔

یہ نسخہ مصفا خون بھی ہے اور دبلے آدمیوں کو طاقت دیتا اور فربہ کرتا ہے۔

نسخہ: موصلی سفید چالیس تولہ' بھارنگی دس تولہ' عناب دس تولہ' دشمول بیس تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' اسگندھ پانچ تولہ' زیرہ سفید پانچ تولہ' سونف پانچ تولہ' میتھی دو تولہ' سوئے کے بیج دو تولہ' بڑی الائچی دو تولہ' ستاور دو تولہ' کنول گٹے کی گری پانچ تولہ' مغز خربزہ پانچ تولہ' پکھان بید دو تولہ' مروڑپھلی دو تولہ' کنکول مرچ دو تولہ' کلونجی دو تولہ' اجوائن دو تولہ' اجمود دو تولہ' پیپل دو تولہ' پیپلامول دو تولہ' دھو کے پھول دو تولہ' اندرجو دو تولہ' کھریٹی خورد دو تولہ' کھریٹی کلاں دو تولہ' کنگھی بوٹی دو تولہ' زعفران چھ ماشہ' مشک تین ماشہ' لونگ ایک تولہ' تیج پات ایک تولہ۔

ان سب ادویہ کو 16 سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

پرانا جذام' کوڑھ' داد' کھجلی

فوائد: عرق کام کلا جو بہت دن کے پرانے جذام کو دو ہفتے کے استعمال سے رفع کرتا ہے اور ہر قسم کے کوڑھ' داد' کھجلی اور بچر چکا یعنی ایک قسم کا پھنسیاں جو ٹانگوں پر ہوتی ہیں ور بواسیر خونی و بادی وکنٹھ مالا' بھگندر' آتشک' زہرباد' فیل پا' سوجن' سانس' کھانسی اور

درج دلی باؤ گولہ تپ کہنہ اپھارہ یرقان سنگرہنی سب مرضوں کے لئے اکسیر ہے۔
یہ عرق بھوک بھی بڑھاتا ہے۔
نسخہ: پینگوٹ کی جڑ بیس تولہ پوست ہلیلہ کابلی بارہ تولہ آنولے آٹھ تولہ بہیڑہ آٹھ تولہ گلو دس تولہ مرچ سیاہ پانچ تولہ ہلدی پانچ تولہ چھتون کی جڑ دس تولہ کپور کچری دو تولہ کوٹ شیریں دس تولہ باؤ بڑنگ پانچ تولہ ناگرموتھا پانچ تولہ سہاگہ دو تولہ نسوت دس تولہ۔
ان سب ادویہ کو صاف کر کے اور کچل کے بارہ سیر پانی میں 48 گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

آنکھوں کے امراض

فوائد: عرق جل پیپل جو آنکھ کے ہر ایک مرض کو رفع کرتا ہے اور دل اور دماغ کو قوت بخشتا ہے۔ منی کو صاف کرتا ہے اور بڑھاتا ہے معدہ کو قوت دیتا ہے۔
یہ نسخہ مصفا خون بھی ہے۔
نسخہ: جل پیپل چالیس تولہ بداری کند چالیس تولہ ترپھلا اٹھارہ تولہ گلو بیس تولہ گورکھ منڈی بیس تولہ بھنگرہ بیس تولہ سونف بیس تولہ مغز کدو دس تولہ مغز بادام دس تولہ انگور کا رس ایک سیر منقیٰ ایک سیر مصری دو سیر۔
ان سب ادویہ کو 16 سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر اور بعد انگور کا رس ملا کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک ہے۔

خرابی خون

فوائد: عرق برہمی جو برمیہ کو دور کرتا ہے اور دل کو طاقت دیتا ہے حافظے کو بڑھاتا ہے اور خون کے بگڑنے سے جو مرض پیدا ہوتے ہیں ان کو رفع کرتا ہے۔ آواز کو صاف کرتا ہے اور سمیت کو رفع کرتا ہے اور بخار کو ہٹاتا ہے۔
نسخہ: برہمی چالیس تولہ بیل کی جڑ بیس تولہ عناب بیس تولہ مسی بیس تولہ سونف دس تولہ مکو دس تولہ لونگ پانچ تولہ بھارنگی پانچ تولہ۔

ان سب ادویات کو بارہ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

صفراء کے امراض

فوائد: عرق تر ورت جو صفراء کے مرض میں بہت مفید اور دست آور ہے۔

نسخہ: نسوت ایک سیر' منقیٰ ایک سیر' سونف بیس تولہ' املتاس بیس تولہ' پوست ہلیلہ زرد بیس تولہ' ترنجبین بیس تولہ' گل بنفشہ بیس تولہ' سناء مکی بیس تولہ' شکر سرخ دو سیر۔

ان سب ادویات کو بیس سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: پانچ تولہ سے دس تولہ تک مقرر ہے۔

بلغمی امراض' قبض

فوائد: عرق تر پھلا جو بلغم کی ہر ایک بیماری کو رفع کرتا ہے اور قبض کو بھی رفع کرتا ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد ایک سیر' بدہاری بیس تولہ' سونٹھ دس تولہ' سیاہ مرچ دس تولہ' پیپل دس تولہ' اندرائن کی جڑ پانچ تولہ' جمالگوٹہ کی جڑ پانچ تولہ' منقیٰ ایک سیر' آنولے بیس تولہ' بہیڑہ دس تولہ۔

ان سب ادویہ کو بارہ سیر پانی میں 48 گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک ہے۔

سوداوی امراض

فوائد: عرق گندھر وھستک جو سوداوی امراض کو نافع اور قبض کی بیماریوں کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: ارنڈ کی جڑ ایک سیر' ارنڈ کے پھل چالیس تولہ' بدہاری دس تولہ' عناب چالیس تولہ' منقیٰ چالیس تولہ' مغز بادام چالیس تولہ' پوست ہلیلہ زرد بیس تولہ' آنولے پندرہ تولہ' بہیڑہ دس تولہ' گائے کا دودھ چار سیر' یخنی چار سیر' شہد ایک سیر۔

ان ادویہ کو سولہ سیر پانی میں دو دن بھگو کر بعد اُس کے یخنی اور دودھ کو ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: پانچ تولہ سے دس تولہ تک۔

موسم برسات کے دست

فوائد: عرق کونج جو برکھا (برسات) کے موسم میں دستوں کے مرض کو فائدہ دیتا ہے۔

نسخہ: اندرجو چالیس تولہ' نسوت چالیس تولہ' پیپل پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' منقیٰ ایک سیر' شہد چالیس تولہ۔

ان سب ادویہ کو آٹھ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چارتولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

موسم سرما کے دست

فوائد: عرق ڈرالبھا جو شرد رُت یعنی موسم سرما میں دستوں کے مرض کو آرام دیتا ہے اور صفراء کے ہر مرض کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: کٹیلی خورد چالیس تولہ' جوانسہ بیس تولہ' نسوت چالیس تولہ' ناگرموتھا دس تولہ' خس پانچ تولہ' برادہ صندل پانچ تولہ' ملٹھی پانچ تولہ' منقیٰ ایک سیر۔

ان سب ادویہ کو دس سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: پانچ تولہ سے دس تولہ تک مقرر ہے۔

آخر موسم سرما اور بسنت کے دست

فوائد: عرق شیاما جو ششر درت یعنی موسم سرما آخر اور بسنت یعنی پھاگن اور چیت میں دستوں کے واسطے دیا جاتا ہے۔

یہ نسخہ بلغمی امراض کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔

نسخہ: کالا نسوت چالیس تولہ' نسوت بیس تولہ' سونٹھ دس تولہ' پیپل پانچ تولہ' ناگ کیسر پانچ تولہ' سہاگہ بریاں پانچ تولہ' سیندھا نمک پانچ تولہ۔

ان سب ادویہ کو آٹھ سیر پانی میں آٹھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چارتولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

ایک خوراک عرق کے ساتھ دو تولہ شہد ملا کر استعمال کرنا چاہیے۔

بیساکھ اور جیٹھ کے دست

فوائد: عرق بھنڈی جو گرمیکھم رُت یعنی بیساکھ اور جیٹھ میں جلاب (دست) کے واسطے دیا جاتا ہے۔

نسخہ: گلاب کے پھول بیس تولہ' سونف بیس تولہ' ترنجبین بیس تولہ' گل بنفشہ بیس تولہ' نسوت چالیس تولہ' منقیٰ چالیس تولہ' مصری دو سیر۔

ان سب ادویہ کو بارہ سیر پانی میں چھ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: پانچ تولہ سے دس تولہ تک مقرر ہے۔

باری اور بگڑے ہوئے بخار' یرقان' پیٹھ کے درد

فوائد: عرق ابھیار ساین جو باری کے اور بگڑے ہوئے بخار' ضعف معدہ' یرقان' کھانسی' بھگندر اور درد پسلی اور پیٹھ کے درد' درد زانو اور درد شکم وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔

اس عرق کو جس دن میں استعمال کرے اُس دن تیل وغیرہ کی مالش اور غصہ نہ کرے کیونکہ یہ عرق دست آور ہے اور اس کو برابر استعمال کرنے سے بالوں کی سفیدی دور ہو جاتی ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد چالیس تولہ' سیاہ مرچ چار تولہ' سونٹھ چار تولہ' باؤبڑنگ چار تولہ' آنولے دس تولہ' پیپل چار تولہ' پیپلاموں چار تولہ' دارچینی دو تولہ' تیج پات دو تولہ' ناگرموتھا چار تولہ' جمال گوٹہ کی جڑ بیس تولہ' نسوت ساٹھ تولہ' منقیٰ چالیس تولہ' شکر ایک سیر' شہد ساٹھ تولہ۔

ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں اڑتالیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے آٹھ تولہ تک مقرر ہے۔

چھاتی کا درد اور گلے کی بیماری

فوائد: عرق اجمود جو ہر ایک قسم کی بائے کی بیماری اور باؤگولہ ہر قسم کے پرمیہ اور چھاتی کے درد' کوڑہ' گلے کی بیماری' سنگرہنی' دمہ اُروچ وغیرہ مرضوں کو رفع کرتا ہے۔

یہ نسخہ بھوک بہت بڑھاتا ہے۔

نسخہ: اجمود بیس تولہ' کوٹ شیریں دس تولہ' بچ پانچ تولہ' باؤبڑنگ پانچ تولہ' کلونجی دس تولہ' گج پیپل دس تولہ' سیاہ مرچ پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' پیپل پانچ تولہ' پوست ہلیلہ زرد بیس تولہ' چیتا بیس تولہ' سیندھا نمک پانچ تولہ' لونگ دو تولہ' زیرہ سیاہ دو تولہ' زیرہ سفید دو تولہ' ہینگ تین ماشہ' گڑ ایک سیر۔

ان سب ادویہ کو بارہ سیر پانی میں دو دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

بچوں کی بیماری

فوائد: عرق پربھاوتی جو ہر ایک طرح کی بچوں کی بیماری کو دور کرتا ہے اور باری کے ہر طرح کے بخار و آسیب وغیرہ کی بیماری کو رفع کرتا ہے۔

اس نسخہ کی نسبت لکھا ہے کہ دیوالی کی رات کو یہ عرق بنائے تو خاطرخواہ فائدہ حاصل ہوگا۔

نسخہ: ہلدی دو تولہ' دار ہلدی دو تولہ' نیب کے پتے دس تولہ' سیاہ مرچ دو تولہ' ناگرموتھا دو تولہ' باؤبڑنگ دس تولہ' سونٹھ دس تولہ' سیندھا نمک پانچ تولہ' چیتا پانچ تولہ' باپچی بیس تولہ' پت پاپڑا بیس تولہ' پاڑھل دس تولہ' پوست ہلیلہ زرد سد تولہ' چپ پانچ تولہ' کوٹ شیریں پانچ تولہ' چنبیلی کے پھول ایک سیر' بکری کا دودھ چار سیر۔

ان سب ادویہ کو دس سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

قوت باہ میں اضافہ

فوائد: عرق کندرپ سندر جو قوت باہ بڑھاتا ہے اور کثرت جماع سے بھی منی کم نہیں ہوتی۔

نسخہ: کاکولی بیس تولہ' اسگندھ دس تولہ' کونچ کے بیج بیس تولہ' سفید موصلی بیس تولہ' تال مکھانہ دس تولہ' ستاور بیس تولہ' سیمل کا موصلہ دس تولہ' بیج بند پانچ تولہ' کنول کی جڑ پانچ تولہ' کیسرو پانچ تولہ' کانس کی جڑ پانچ تولہ' مہوا پانچ تولہ' کھریٹی خورد پانچ تولہ' کنگھی بوٹی پانچ تولہ' گل شکری پانچ تولہ' مولسری کے پھول پانچ تولہ' مولسری کے پھل پانچ تولہ' پیپل کی

داڑھی پانچ تولہ' بجے سار دو تولہ' بھلانواں کی گری پانچ تولہ' بادام کی گری بیس تولہ' مغز کدو پانچ تولہ' جامن کی گری پانچ تولہ' اخروٹ کی گری پانچ تولہ' پستہ پانچ تولہ' پستہ کے پھول پانچ تولہ' چلغوزہ پانچ کٹ سریا پانچ تولہ' بن مونگا پانچ تولہ' بن اوڑد پانچ تولہ' فالسہ پانچ تولہ' کنکول مرچ دو تولہ' تیج پات دو تولہ' لونگ دو تولہ' الائچی خورد دو تولہ' برادہ صندل دو تولہ' دارچینی دو تولہ' سونٹھ ایک تولہ' پیپل ایک تولہ' مرچ سیاہ ایک تولہ' کافور بھیم سینی ایک تولہ' زعفران ایک تولہ' کستوری چھ ماشہ' عنبر تین ماشہ' منقیٰ دو سیر' بھینس کا دودھ چار سیر۔

ان سب ادویہ کو چالیس سیر پانی میں سات دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے چھ تولہ تک مقرر ہے۔

نکسیر' یرقان' بواسیر اور پیٹ کی سوجن

فوائد: عرق خس جو رکت پت یعنی مقام صدر سے خون کا آنا اور نکسیر و یرقان' کوڑھ پرمیہ ہر قسم کی بیماری اور بواسیر اور پیٹ کی سوجن وغیرہ کو رفع کرنے میں اکسیر ہے۔

نسخہ: خس بیس تولہ' بال چھڑ دس تولہ' پدماک دس تولہ' کلیر دس تولہ' گل نیلوفر دس تولہ' پرنیگو دس تولہ' سرخ کمل دس تولہ' پٹھانی لودھ پانچ تولہ' مجیٹھ پانچ تولہ' جوانسا پانچ تولہ' پاڑھل پانچ تولہ' چرائتہ پانچ تولہ' پت پاپڑا پانچ تولہ' بڑ کی داڑھی پانچ تولہ' کچے گولر پانچ تولہ' کپور کچری دو تولہ' سفید کمل پانچ تولہ' پھول چتر پانچ تولہ' کچنال کی چھال پانچ تولہ' جامن کا گوند پانچ تولہ' سیمل کا گوند پانچ تولہ' منقیٰ ایک سیر' دھو کے پھول چالیس تولہ' شکر پانچ سیر' شہد ایک سیر۔

ان سب ادویات کو 32 سیر پانی میں سات دن بھگو کر عرق کشید کرے

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

جلندر' دبلا پن' یرقان' بواسیر

فوائد: عرق پیپل جو چھی دق' باؤ گولہ اور پیٹ کے درد' جلندر اور دبلا پن' سنگرہنی و یرقان' بواسیر' تلی وغیرہ سب مرضوں کو فائدہ بخشتا ہے۔

یہ نسخہ بھوک بھی بڑھاتا ہے۔

نسخہ: پیپل بیس تولہ' مرچ سیاہ پانچ تولہ' چب پانچ تولہ' ہلدی پانچ تولہ' چیتا پانچ تولہ

ناگرموتھا پانچ تولہ باؤبڑنگ پانچ تولہ گل نیلوفر پانچ تولہ پٹھانی لودھ پانچ تولہ پاڑھل پانچ تولہ آنولے پانچ تولہ ایلوا دو تولہ خس دس تولہ برادہ صندل دو تولہ کوٹ شیریں دو تولہ لونگ دو تولہ تگر دو تولہ جٹاماسی دو تولہ دارچینی دو تولہ الائچی خورد دو تولہ تیج پات دو تولہ پرینگو دو تولہ ناگ کیسر دو تولہ دھو کے پھول بیس تولہ منقیٰ دو سیر گڑ تین سیر۔

ان سب ادویات کو 32 سیر پانی میں سات دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

یرقان' سوجن' باؤگولہ' امراض شکم

فوائد: عرق فولاد جو بھوک بہت بڑھاتا ہے اور یرقان' سوجن' باؤگولہ' امراض شکم' تلی' جلندر' بواسیر' کوڑھ' کھجلی' کھانسی' دمہ' بھگندر' اروچ' سنگرہنی' چھاتی کی بیماری ان سب کو بہت فائدہ کرتا ہے۔

نسخہ: صاف کیا ہوا عمدہ کانتی سار لوہے کا برادہ بیس تولہ' سونٹھ دس تولہ' پیپل خورد دس تولہ' مرچ سیاہ پانچ تولہ' پوست ہلیلہ زرد بارہ تولہ' آنولے آٹھ تولہ' بہیڑہ چار تولہ' اجوائن چار تولہ' باؤبڑنگ چار تولہ' چیتا دس تولہ' ناگرموتھا چار تولہ' گڑ پرانا تین سیر' شہد ایک سیر۔

ان سب ادویات کو سولہ سیر پانی میں سات دن بھگو کے عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

بخار ہر قسم

فوائد: عرق کوٹ جو ہر قسم کے بخار کو دور کرتا ہے اور بھوک بہت لگاتا ہے۔

نسخہ: کوڑے کی چھال تین سیر' منقیٰ ایک سیر آٹھ چھٹانک' مہوے کے پھول چالیس تولہ' کلیر بیس تولہ' دھو کے پھول بیس تولہ' گڑ چھ سیر۔

ان سب ادویات کو چالیس سیر پانی میں سات دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

زہرباد' گٹھیا' پتھری' مثانہ کی بیماری

فوائد: عرق باؤبڑنگ جو زہرباد' گٹھیا' پتھری' پرمیہ اور مثانہ کی بیماری اور بھگندر و گنڈ مالا

اور جبڑے کا بند ہو جانا' ان سب مرضوں کو بہت جلد رفع کرتا ہے۔

نسخہ: باؤبڑنگ بیس تولہ' پیپلامول دس تولہ' راسنا دس تولہ' کوڑے کی چھال دس تولہ' اندر جو دس تولہ' پاڑھل پانچ تولہ' ایلوا پانچ تولہ' دھو کے پھول پانچ تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' تج پات پانچ تولہ' دارچینی پانچ تولہ' پرنگو پانچ تولہ' کچنال کے پھول پانچ تولہ' پٹھانی لودھ پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' سیاہ مرچ پانچ تولہ' پیپل پانچ تولہ' شہد دو سیر۔

ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں سات دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

سنگرہنی' بواسیر' پیشاب کی تکلیف

فوائد: عرق دیوترو جو بہت دن کے پرانے پرمیہ اور بائے کی ہر قسم کی بیماری اور سنگرہنی' بواسیر' موتر کرچھ یعنی چنک سے پیشاب آنے کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: دیودار ایک سیر' بانسا بیس تولہ' مجیٹ دس تولہ' اندر جو دس تولہ' جمال گوٹہ کی جڑ دس تولہ' تگر دس تولہ' ہلدی دس تولہ' دار ہلدی دس تولہ' راسنا دس تولہ' باؤبڑنگ دس تولہ' ناگرموتھا دس تولہ' شریس کی جڑ دس تولہ' کھیر سار دس تولہ' ارجن کی چھال دس تولہ' اجوائن پانچ تولہ' کوڑے کی چھال پانچ تولہ' برادہ صندل پانچ تولہ' گلو دس تولہ' کوٹکی پانچ تولہ' چیتا دس تولہ' دھو کے پھول دس تولہ' شہد تین سیر' سونٹھ دو تولہ' پیپل دو تولہ' سیاہ مرچ دو تولہ' الائچی خورد دو تولہ' تج پات دو تولہ' دارچینی دو تولہ' ناگ کیسر دو تولہ' پرنگو چار تولہ۔

ان سب ادویہ کو 32 سیر پانی میں سات دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

سل دق' لاغری' یرقان و جذام

فوائد: عرق کام دیو جو رکت پت یعنی مقام صدر سے خون کے آنے کو اور مرض سل و دق' لاغری اور یرقان و جذام اور بلیمک یعنی وہ قسم یرقان کی جس میں آواز بیٹھ جاتی ہے اور چنک و چھاتی کی جلن' پسلی کا درد: ان سب مرضوں کے لئے اکسیر ہے اور منی کو بڑھاتا ہے اور صاف کرتا ہے۔ شوقینوں کے لئے خاطر خواہ کارآمد ہے۔

کثرت ازواج والے کو لازم ہے کہ ہمیشہ استعمال کرتا رہے یا جس کی انتڑیاں

بہت کمزور ہوں ان کے لئے اکسیر ہے اور بدن کو عمدہ صاف رنگ کرتا ہے۔

نسخہ: اسگندھ ناگوری ساٹھ تولہ گوکھرو تیس تولہ ستاور دس تولہ بداری کند دس تولہ شالپرنی دس تولہ کھریٹی دس تولہ بڑ کی داڑھی دس تولہ کمل گٹے کی گری دس تولہ سانٹھی کی جڑ دس تولہ کلیر دس تولہ منقیٰ ایک سیر پدماک دس تولہ پیپل 22 تولہ چندن دو تولہ تج دو تولہ ناگ کیسر دو تولہ کونچ کے بیج دس تولہ گل نیلوفر دو تولہ ساریوا سفید پھول کا دو تولہ ساریوا کالے پھول کا دو تولہ کاکولی دو تولہ شقاقل مصری دو تولہ ثعلب مصری دو تولہ موصلی سفید دو تولہ موصلی سیاہ دو تولہ تال مکھانہ دو تولہ بیج بند دو تولہ ملہٹی دو تولہ آم کا گوند دو تولہ سیمل کا گوند دو تولہ پستہ کے پھول دو تولہ مولسری کے پھول دو تولہ دارچینی دو تولہ الائچی خورد دو تولہ چلغوزہ دو تولہ پستہ دو تولہ چھوہارے دو تولہ گنے کا رس دو سیر بہی کا رس چالیس تولہ سیب کا پانی چالیس تولہ دودھ بھینس کا چار سیر زعفران ایک تولہ مشک چار ماشہ مصری سات سیر۔

ان سب ادویہ کو چالیس سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرنے کے وقت دودھ اور رسوں کو شامل کر کے عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک۔

اسقاط حمل اور حیض کے امراض

فوائد: عرق کنک کندرپ جو عورتوں کے حیض اور منی کو صاف کرتا ہے اور جس کے لڑکے ہو کے مر جاتے ہوں یا اسقاط ہو جاتے ہوں اس کے استعمال سے اچھا طاقتور اور صحیح سلامت اولاد پیدا ہوتی ہے نیز تپ کہنہ جذام کھانسی اور چوتھیا بخار کھجلی اور ہر قسم کی پھنسیوں اور پرمیہ کی بیماری کو رفع کر دیتا ہے۔

اس نسخہ کی نسبت لکھا ہے کہ آسیب وغیرہ کی بیماری بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

نسخہ: ترپھلا چالیس تولہ ہلدی دس تولہ دارہلدی دس تولہ رینوکا بوٹی کے بیج دس تولہ ساریوا سفید پھول کا دس تولہ ساریوا کالے پھول کا دس تولہ پرینگو دس تولہ شالپرنی دس تولہ پیرشپ ٹرنی دس تولہ دیودار دس تولہ ایلوا دو تولہ تگر پانچ تولہ اندرائن کی جڑ پانچ تولہ جمالگوٹہ کی جڑ پانچ تولہ ناگ کیسر پانچ تولہ گل نیلوفر پانچ تولہ الائچی خورد پانچ تولہ مجیٹ

پانچ تولہ' باؤبڑنگ پانچ تولہ' پدماک پانچ تولہ' چنبیلی کے پھول بیس تولہ' برادہ صندل پانچ تولہ' تالیس پتر پانچ تولہ' کٹیلی کلاں پانچ تولہ' دودھ بکری کا چار سیر۔

ان سب ادویات کو سولہ سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

نکسیر و خونی بواسیر' یرقان اور چھاتی کے امراض

فوائد: عرق مہاتیک جو ہر قسم کے جذام' کوڑھ اور نکسیر و خونی بواسیر' یرقان اور چھاتی کے ہر ایک مرض و باؤ گولہ پردر یعنی مستورات کے پیرے کی بیماری' کنٹھ مالا وغیرہ جملہ امراض کو رفع کرتا ہے اور بدن کا رنگ عمدہ اور صاف کرتا ہے۔

نسخہ: چھتون کی چھال بیس تولہ' چھتون کی جڑ بیس تولہ' چھتون کے پھول دس تولہ' چوب چینی دس تولہ' آمیں دس تولہ' الماس دس تولہ' کوٹکی پانچ تولہ' پاڑھل پانچ تولہ' ناگرموتھا پانچ تولہ' خس پانچ تولہ' ترپھلا بارہ تولہ' شاہترہ پانچ تولہ' پھول پتر پانچ تولہ' نیب کی چھال پانچ تولہ' بجیٹ پانچ تولہ' پیپل چھوٹی پانچ تولہ' پدماک پانچ تولہ' کپور کچری پانچ تولہ' برادہ صندل پانچ تولہ' جوانسا پانچ تولہ' اندرائن چھوٹی دس تولہ' اندرائن بڑی دس تولہ' دار ہلدی پانچ تولہ' ہلدی پانچ تولہ' گلو چالیس تولہ' ساریوا سفید دس تولہ' ساریوا کالا دس تولہ' مروڑپھلی پانچ تولہ' برگ بانسا پانچ تولہ' ستاور پانچ تولہ' ترایمان پانچ تولہ' ملہٹی پانچ تولہ' چرائتہ پانچ تولہ' عناب چالیس تولہ' منقیٰ ایک سیر۔

ان سب ادویات کو 32 سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

فالج' لنگڑا لولا' کبڑا اور ہکلا

فوائد: عرق کلاں نارائن جو فالج کو تین ہفتہ میں رفع کرتا ہے اور لنگڑا لولا' کبڑا' ہکلا یہ سب تھوڑے دن کے استعمال سے اچھے ہوتے ہیں۔

نسخہ: کھیپ ایک سیر' ارنی دس تولہ' گوکھرو پانچ تولہ' اسگندھ پانچ تولہ' کونچ کے بیج پانچ تولہ' بیل کی جڑ دس تولہ' میدا بوٹی دس تولہ' کاکولی دس تولہ' مہوا دس تولہ' مال کنگنی کی جڑ دس تولہ' کائفل پانچ تولہ' موصلی سفید پانچ تولہ' سونف پانچ تولہ' دارچینی پانچ تولہ' تیج پات

دو تولہ تمر دو تولہ اگر دو تولہ اجوائن دو تولہ اجمود دو تولہ چیتا دو تولہ کرنجوا دو تولہ سہانجنا کے بیج دو تولہ کپال دو تولہ کرنڈ دس تولہ ڈھو کے پھول تین تولہ پیپل تین تولہ پیپلا مول تین تولہ ڈاسرا تین تولہ چب تین تولہ جاوتری دو تولہ جائفل دو تولہ سونٹھ دو تولہ زعفران ایک تولہ مغز بادام بیس تولہ منقیٰ دو سیر مصری دو سیر مشک تین ماشہ۔

ان سب ادویہ کو 32 سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

درد گردہ، درد مثانہ اور پتھری

فوائد: عرق کانکائن جو درد گردہ اور درد مثانہ کو رفع کرتا ہے نیز پتھری، باؤ گولہ، بواسیر، بائے کا سول، سنگرہنی وغیرہ کو بہت مفید ہے۔

نسخہ: ہاروبیر چالیس تولہ چیتا بیس تولہ چب دس تولہ کالی زیری پانچ تولہ سیاہ مرچ پانچ تولہ سونٹھ پانچ تولہ پیپل پانچ تولہ اجمود پانچ تولہ ترتڑک پانچ تولہ امل بید پانچ تولہ الائچی خورد پانچ تولہ گوکھرو پانچ تولہ کھیر کے بیج پانچ تولہ جھڑبیری کی جڑ بیس تولہ جواکھار پانچ تولہ سیندھا نمک پانچ تولہ۔

ان سب ادویہ کو بارہ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

کم خوابی، لاغری، سل و کھانسی

فوائد: عرق امرت پراش جو کم خوابی اور لاغری کو دور کرتا ہے، منی بڑھاتا ہے اور مرض سل و کھانسی وغیرہ کو جڑ سے اکھاڑتا ہے۔

نسخہ: بہیان ولی چالیس تولہ دودھی چالیس تولہ کھجور چالیس تولہ منقیٰ چالیس تولہ بداری کند بیس تولہ گوکھرو دس تولہ موصلی دس تولہ موصلی سیاہ پانچ تولہ فالسہ پانچ تولہ کرشنی بوٹی پانچ تولہ بھارنگی پانچ تولہ کٹیلی پانچ تولہ سنگھاڑے پانچ تولہ پیپل خورد پانچ تولہ کھریٹی پانچ تولہ بیر کی گری پانچ تولہ اخروٹ کی گری پانچ تولہ بادام کی گری بیس تولہ پستے دس تولہ پستے کے پھول پانچ تولہ مہوے کے پھول پانچ تولہ آم کے پھول پانچ تولہ مولسری کے پھول پانچ تولہ ثعلب مصری پانچ تولہ شقاقل مصری پانچ تولہ کونچ کے بیج

پانچ تولہ' ستاور پانچ تولہ' سانٹھی کی جڑ پانچ پانچ تولہ' الائچی خورد دو تولہ' جاوتری دو تولہ' جائفل دو تولہ' زعفران دو تولہ' مصری چار سیر' گائے کا دودھ چار سیر۔

ان سب ادویہ کو چالیس سیر پانی میں سات دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

پھوڑے پھنسیاں

فوائد: عرق میگھا بندہ جو بہت دن کے پرانے پرمیہ کو دور کرتا ہے اور پرمیہ پیٹریکا یعنی ایک قسم کی پھنسیاں جو پرمیہ کے بعد بدن پر نکل آیا کرتی ہیں' ان کو بھی دور کرتا ہے۔

نسخہ: کیوڑے کی جڑ چالیس تولہ' بکائن کے پھول بیس تولہ' پوست ہلیلہ زرد دس تولہ' بیل کی جڑ بیس تولہ' سونف پانچ تولہ' گل انار پانچ تولہ' کیتھا کے پھول پانچ تولہ' گورکھ منڈی پانچ تولہ' سلاجیت پانچ تولہ' پاڑھل پانچ تولہ' آنولے پانچ تولہ' کلیر پانچ تولہ' ارجن کے پھول پانچ تولہ' ارجن کی چھال بیس تولہ' باؤبڑنگ دو تولہ' سیمل کی جڑ پانچ تولہ' گلر کے پھول بیس تولہ' دیودار پانچ تولہ' چب پانچ تولہ' چرائتہ پانچ تولہ' گج پیپل پانچ تولہ' آمیں دو تولہ' پیپلا مول دو تولہ' کپورکچری دو تولہ' بنسلوچن دو تولہ' نسوت دو تولہ' جمال گوٹہ کی جڑ دو تولہ' تیج پات دو تولہ' دارچینی دو تولہ' الائچی خورد دو تولہ' ناگ کیسر دو تولہ' ترپھلا تین تولہ' شہد تین سیر۔

ان سب ادویہ کو چوبیس سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

کھجلی' پھوڑے پھنسی اور جلدی امراض

فوائد: عرق روغنی جو کھجلی اور پتی سیتلا کے پھوڑے پھنسی اور جلد کی ہر قسم کی بیماری اور صفراوی و بلغمی امراض کو ایک ہفتہ میں دور کر دیتا ہے۔

نسخہ: جوانسہ بیس تولہ' کونکی دس تولہ' مروڑ پھلی پانچ تولہ' پاڑھل دس تولہ' گلو دس تولہ' ناگرموتھا پانچ تولہ' برادہ صندل پانچ تولہ' ہلدی پانچ تولہ' کٹیلی خورد پانچ تولہ' پٹول پتر پانچ تولہ' ترپھلا پندرہ تولہ' شاہترہ دس تولہ' عناب چالیس تولہ۔

ان سب ادویہ کو بارہ سیر پانی میں دو دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

کھانے کے بعد ترش قے

فوائد: عرق وشانگ جو امل پت یعنی کھانے کے بعد ترش قے کو رفع کر دیتا ہے۔

نسخہ: برگ بانسا دس تولہ' گلو دس تولہ' شاہترہ دس تولہ' نیب کی چھال دس تولہ' چرائتہ دس تولہ' بھنگرہ دس تولہ' پوست ہلیلہ دس تولہ' آنولے دس تولہ' بہیڑہ دس تولہ' پھول پتر دس تولہ' منقیٰ ایک سیر' مصری ایک سیر۔

ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

فربہ بدن اور بھوک کی زیادتی

فوائد: عرق ناگرجن جو ہر ایک بیماری کو رفع کرتا ہے۔ اس سے بدن فربہ ہوتا ہے اور بھوک زیادہ ہوتی ہے۔ نیز بدہضمی اور ہر طرح کا بخار اور امل پت' بواسیر' سنگرہنی وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔

اس عرق کا پورے طور پر فائدہ چالیس دن کے استعمال سے معلوم ہوتا ہے۔ اس کے استعمال کرنے والے کو کانجی' اڑد' مولی و ہر قسم کی کھٹائی اور پرندوں کا گوشت' بکرے کا گوشت' مچھلی وغیرہ کا کھانا جائز ہے لیکن املی' سویا کا ساگ' دودھ ان سے پرہیز کرے۔

نسخہ: سونٹھ پانچ تولہ' پیپل پانچ تولہ' مرچ سیاہ پانچ تولہ' پوست ہلیلہ زرد دس تولہ' آنولہ دس تولہ' بہیڑہ دس تولہ' ناگرموتھا دو تولہ' باؤبڑنگ دو تولہ' چیتا دو تولہ' اجوائن دو تولہ' ہاروبیر دو تولہ' تمبر د دو تولہ' بھلانواں کی گری دو تولہ' سونف دو تولہ' دھنیا دو تولہ' زیرہ سفید دو تولہ' زیرہ سیاہ دو تولہ' اجمود دو تولہ' چیب دو تولہ' کاکڑاسینگی دو تولہ' پیلی خس دو تولہ' کٹیلی کلاں دو تولہ' کٹیلی خورد دو تولہ' کٹ سریا دو تولہ' منڈی دو تولہ' گورکھ منڈی دو تولہ' سہانجنا کے بیج دو سیر' سورج مکھی کی جڑ دو تولہ' تسوت دو تولہ' جمالگوٹہ کی جڑ دو تولہ' سانٹھی کی جڑ دو تولہ' بھارنگی دو تولہ' جمیری لیمو کی جڑ دو تولہ' برہمی دو تولہ' بھنگ دو تولہ' کپور کچری دو تولہ' مال کنگنی کی جڑ دو تولہ' اندرائن دو تولہ' نیل کے بیج دو تولہ' سرپھوکا دو تولہ' ڈھاک کی جڑ دو تولہ' نکھا دو تولہ' ستاور دو تولہ' بچھے چھی بوٹی دو تولہ' پیلاموال دو تولہ' بھنگرا دو تولہ' بدھاری دو تولہ'

املتاس دو تولہ' کھریٹی دو تولہ' منقیٰ ایک سیر۔
ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔
خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

ممسک' اضافہ قوت باہ' سل وتپ دق

فوائد: عرق راج مرگانک جو قوت باہ کو بڑھاتا ہے اور ممسک ہے نیز امراض سل' تپ دق' دردسر وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔ بصارت کو زیادہ کرتا ہے اور قوت سامع کو ترقی دیتا ہے۔
نسخہ: سیمل کی چھال ایک سیر' سیمل کا موصلہ چالیس تولہ' موصلی سفید دس تولہ' موصلی سیاہ دس تولہ' گوکھرو پانچ تولہ' اسگندھ پانچ تولہ' بداری کند پانچ تولہ' بیج بند پانچ تولہ' تال مکھانہ پانچ تولہ' آم کا گوند دو تولہ' سیمل کا گوند دو تولہ' کاکولی دو تولہ' شیر کاکولی دو تولہ' ملٹھی دو تولہ' کونچ کے بیج دو تولہ' مولسری کے پھول دو تولہ' دارچینی دو تولہ' الائچی خورد دو تولہ' الائچی کلاں دو تولہ' لونگ ایک تولہ' تیج پات ایک تولہ' سپاری کے پھول دو تولہ' بہمن سفید دو تولہ' بہمن سرخ دو تولہ' جائفل دو تولہ' جاوتری دو تولہ' ستاور دو تولہ' بنسلوچن دو تولہ' چھوہارے دس تولہ' چلغوزہ پانچ تولہ' پستہ پانچ تولہ' مغز کدو پانچ تولہ' مغز خیارین پانچ تولہ' مغز بادام دس تولہ' انجیر دس تولہ' منقیٰ دو سیر' زعفران ایک تولہ' مشک چھ ماشہ' مصری دو سیر' دودھ گائے کا چار سیر۔
ان سب ادویات کو 32 سیر پانی میں تین دن بھگو کر بعد دودھ وغیرہ ملا کر عرق کشید کرے۔
خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔

مسور کی طرح پھنسیاں

فوائد: عرق مسوری ہر جو مسوریکا کی بیماری یعنی ایک قسم کی سیتلا جس کا دانہ مسور کی طرح پھنسیاں ہوتی ہے' اس کو آرام دیتا ہے۔
یہ عرق آنکھوں کی بھی ہر قسم کی بیماری کو دور کرتا ہے نیز منہ کے چھالوں اور گلے کی سوجن کو بھی مفید ہے۔
نسخہ: چنبیلی کے پتے بیس تولہ' مجیٹ بیس تولہ' دارہلدی دس تولہ' سپاری پانچ تولہ' شامی

کی جڑ پانچ تولہ' دار ہلدی دس تولہ' سپاری پانچ تولہ' شامی کی جڑ پانچ تولہ' آنولے پانچ تولہ' ملیٹھی پانچ تولہ' کوٹ شیریں پانچ تولہ' پوست ہلیلہ زرد پانچ تولہ' مروڑ پھلی پانچ تولہ' خس پانچ تولہ' پٹھانی لودھ پانچ تولہ' سفید پھول کی کٹ سریا پانچ تولہ' سونف پانچ تولہ' نرلی کی جڑ پانچ تولہ' منقیٰ چالیس تولہ' شہتوت کی چھال بیس تولہ' رودراچھا کی جڑ دس تولہ' شہد ساٹھ تولہ۔

ان سب دواؤں کو بارہ سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

جلدی امراض

فوائد: عرق کھدی جو ہر قسم کے کوڑھ و بسرپ و مسوریکا ستیلا اور کھجلی وغیرہ مرضوں کو بہت جلد رفع کر دیتا ہے اور بدن کی رنگت عمدہ اور صاف بنا دیتا ہے۔

نسخہ: کھیرسار ایک سیر' نیب کی چھال بیس تولہ' آنولے بارہ تولہ' پوست ہلیلہ زرد آٹھ تولہ' بہیڑہ چار تولہ' ارنی چار تولہ' پھول پتر دس تولہ' چوب چینی پانچ تولہ' تگر چار تولہ' چرائتہ چار تولہ' شاہترہ چار تولہ' گورکھ منڈی چار تولہ' سہدیئی بوٹی چار تولہ' گلو بیس تولہ' برگ بانسا چار تولہ' بانس کے جو چار تولہ' اناردانہ چار تولہ' عناب چالیس تولہ' برہمی بیس تولہ' نگند دس تولہ' کلیر چار تولہ' پاڑھل چار تولہ' شالپرنی چار تولہ' پیرشپ ٹرنی چار تولہ' گوکھرو چار تولہ' کٹیلی کلاں چار تولہ' منقیٰ ایک سیر' شہد ایک سیر۔

ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

مرگی' تپ دق اور دماغی امراض

فوائد: عرق بجے بھیرو جو مرگی' تپ دق' تپ کہنہ' سل اور ہر طرح کی دماغی بیماری کو مفید ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے اور قوت باہ پیدا کرتا ہے۔

نسخہ: سینڈھا سینگی بیس تولہ' بھارنگی بیس تولہ' برگ بانسہ دس تولہ' بانسہ کے پھول دس تولہ' مہوے کے پھول دس تولہ' راسنا دس تولہ' بداری کند دس تولہ' جل نیب دس تولہ' بھنگرہ دس تولہ' سنکھاہولی دس تولہ' ستاور دس تولہ' موصلی سفید پانچ تولہ' موصلی سیاہ دو تولہ' گوکھرو دو

تولہ' تال مکھانہ دو تولہ' بیج بند دو تولہ' سیمل کا موصلہ پانچ تولہ' سیمل کا گوند دو تولہ' گل گئے کی گری دو تولہ' گل نیلوفر دو تولہ' ثعلب مصری دو تولہ' شقاقل مصری دو تولہ' گاؤزبان دو تولہ' گل گاؤزبان دو تولہ' الائچی خورد دو تولہ' تیج پات دو تولہ' بنسلوچن دو تولہ' منقیٰ ایک سیر' شہد ایک سیر' بکری کا دودھ چار سیر۔

ان سب ادویات کو چوبیس سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

کف کا شول

فوائد: عرق شوق سنگھ جو کف کے شول کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: میٹھا تیلیا صاف کیا ہوا پانچ تولہ' بچ پانچ تولہ' سونٹھ دس تولہ' مرچ سیاہ دس تولہ' پیپل دس تولہ' ہلیلہ زرد بارہ تولہ' آنولے آٹھ تولہ' بہیڑہ چار تولہ' بھارنگی دس تولہ' ناگرموتھا دس تولہ' باؤبڑنگ دس تولہ' گڑ پرانا ایک سیر۔

ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: ایک تولہ سے دو تولہ تک مقرر ہے۔

کوڑھ اور جذام

فوائد: عرق چیتامرت جو ہر قسم کے کوڑھ اور جذام کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: باوچی کے بیج بیس تولہ' بھارنگی بیس تولہ' نکند بیس تولہ' گلو بیس تولہ' آنولے بیس تولہ' کھیر سار بیس تولہ' ستاور بیس تولہ۔

ان سب ادویات کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: خوراک دو تولہ سے تین تولہ تک مقرر ہے۔

بھگندر' ناسور' فالج' فیل پا

فوائد: عرق امرت کلا جو اٹھارہ قسم کے کوڑھ' بھگندر' ناسور وستیلا کے پھوڑے موتی جھرا' فالج' فیل پا' جذام' کنٹھ مالا' امراض دماغی' ہر قسم پرمیہ و پردر سب کو دور کرتا ہے۔

یہ عرق ہر قسم کے زہر کے بگاڑ کو بھی آرام کرتا ہے۔

نسخہ: نیب کے پھول بیس تولہ' بنولی بیس تولہ' نیب کی چھال بیس تولہ' نیب کی جڑ بیس تولہ' نیب کے پتے بیس تولہ' ترپھلا تیس تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' پیپل پانچ تولہ' مرچ سیاہ پانچ تولہ' برہمی بیس تولہ' گوکھرو بیس تولہ' بھلانواں کی گری دس تولہ' چیتا پانچ تولہ' باؤبڑنگ پانچ تولہ' کھیر سار دس تولہ' براہی کند دس تولہ' لوہے کا برادہ صاف کیا ہوا پانچ تولہ' املتاس پانچ تولہ' کوٹ شیریں پانچ تولہ' اندرجو پانچ تولہ' پاڑھل پانچ تولہ' بجے سار پانچ تولہ' ناگرموتھا پانچ تولہ' بھنگرا بیس تولہ۔

ان سب ادویہ کو چالیس سیر پانی میں سات دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

ضعف معدہ' کھانسی ہر قسم

فوائد: عرق اگن مکھ جو ضعف معدہ کے واسطے اکسیر کا فائدہ رکھتا ہے اور ہر قسم کی کھانسی اور زہر کے بگاڑ' سل' دمہ' بخار' پیاس' جلن' دوران سر اور خیال فاسد پیدا ہونے' اپھارہ' پیٹ کی کرم' یرقان' تپ کہنہ' جلندر وغیرہ امراض کو رفع کرتا ہے۔

یہ عرق بھوک لگاتا ہے اور طاقت بڑھاتا ہے۔

نسخہ: چیتا بیس تولہ' سہانجنا کی چھال بیس تولہ' سنبھالو دس تولہ' سہدیٔی دس تولہ' سونف دس تولہ' دارچینی پانچ تولہ' بکو پانچ تولہ' اجود پانچ تولہ' پیپل پانچ تولہ' سونٹھ پانچ تولہ' الائچی خورد پانچ تولہ' لونگ پانچ تولہ' بانسے کے پھول پانچ تولہ' شاہترہ پانچ تولہ' بنسلوچن پانچ تولہ' کتھیلی کلاں پانچ تولہ' جاوتری پانچ تولہ' ستاور پانچ تولہ' موصلی سفید پانچ تولہ' موصلی سیاہ دو تولہ' منقیٰ ایک سیر' گڑ پرانا دو سیر۔

ان ادویات کو 32 سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک مقرر ہے۔

آتشک' بھگندر اور سانس و کھانسی

فوائد: عرق تمرو جو بھگندر' آتشک اور سانس کھانسی کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: تمرو بیس تولہ' بھارنگی دس تولہ' برگ بانسا پانچ تولہ' باؤبڑنگ پانچ تولہ' ترپھلا پانچ تولہ' سونٹھ دو تولہ' مرچ سیاہ دو تولہ' پیپل دو تولہ' ناگرموتھا دو تولہ' گاؤزبان دو تولہ' ہنس راج

دوتولہ کاکڑا سینگی دوتولہ الائچی خورد دوتولہ شاہترہ دوتولہ کچور کچری دوتولہ ہاروبیر دوتولہ پوکھر مول دوتولہ اندرائن دوتولہ ہلدی دوتولہ بیج پیپل دوتولہ گڑ پرانا ایک سیر۔

ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں تین دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک ہے۔

آتشک' فرنگ باؤ

فوائد: عرق شنشیا جو آتشک اور فرنگ باؤ کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: بدہارا چالیس تولہ چوب چینی دس تولہ پوست ہلیلہ زرد دس تولہ پوست ہلیلہ کابلی دس تولہ برادہ شیشم پانچ تولہ برادہ صندل پانچ تولہ عشبہ پانچ تولہ پت پاپڑا پانچ تولہ چرائتہ پانچ تولہ گڑ پرانا دوسیر۔

ان سب ادویات کو بارہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک

آتشک' گٹھیا' فیل پا اور جذام

فوائد: عرق چکردھر جو آتشک' گٹھیا' فیل پا اور جذام وغیرہ امراض کو دور کرتا ہے۔

نسخہ: ارلو کی چھال دس تولہ گلو دس تولہ ارنڈ کی جڑ پانچ تولہ باپچی پانچ تولہ کرنجوا پانچ تولہ نسوت پانچ تولہ جمال گوٹہ کی جڑ بیس تولہ ناگ کیسر پانچ تولہ سونف پانچ تولہ کالی زیری پانچ تولہ اسگندھ پانچ تولہ منقیٰ ایک سیر' گڑ پرانا دوسیر۔

ان سب ادویہ کو 32 سیر پانی میں سات دن بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

بیٹھی ہوئی آواز

فوائد: عرق میگھنا د جوسر بھنگ یعنی بیٹھی ہوئی آواز کو کھولتا ہے اور طاقت بھی بڑھاتا ہے۔

یہ عرق بھوک بہت بڑھاتا ہے۔

نسخہ: برہمی کی بیج بیس تولہ ڈھاک کے بیج بیس تولہ ہلدی دوتولہ کلنجن دوتولہ لونگ دو

تولہ کوٹ شیریں دو تولہ نسوت دو تولہ الائچی خورد دو تولہ الائچی کلاں دو تولہ مرچ سیاہ دو چج دو تولہ ستاور دس تولہ بداری کند پانچ تولہ اسگند ناگوری دو تولہ اجمود دو تولہ پاڑھل دو تولہ کاکولی دو تولہ شیر کاکولی دو تولہ ملہٹی دس تولہ ناگوری دو تولہ اجمود دو تولہ پاڑھل دو تولہ کاکولی دو تولہ شیر کاکولی دو تولہ ملہٹی دس تولہ منقیٰ دو سیر مصری دو سیر دودھ بکری کا چار سیر انار کا پانی چالیس سیر سیب کا پانی چالیس تولہ بہی کا پانی چالیس تولہ۔

ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ۔

امراض مثانہ

فوائد: عرق جتاجوٹ جو مثانہ کے ہر ایک مرض کو دفع کرتا ہے اور منی کو صاف کرتا ہے۔

نسخہ: ارجن کی چھال ایک سیر ڈابھ کی جڑ پانچ تولہ جوانسا پانچ تولہ گورکھ منڈی پانچ تولہ برادہ صندل پانچ تولہ کٹیلی خورد پانچ تولہ کٹیلی کلاں پانچ تولہ دھنیا پانچ تولہ الائچی خورد پانچ تولہ کھیرے کے بیج پانچ تولہ گل نیلوفر پانچ تولہ ایکھا کی جڑ پانچ تولہ ستاور پانچ تولہ کھریٹی کلاں پانچ تولہ کھریٹی خورد پانچ تولہ کنول گٹے کی گری چار تولہ موصلی سیاہ چار تولہ موصلی سفید چار تولہ ملہٹی چار تولہ گوکھرو چار تولہ تال مکھانہ کی جڑ چار تولہ موچرس دو تولہ کیسرو کی جڑ دو تولہ جٹاماسی دو تولہ ساریوا دو تولہ پاڑھل دو تولہ شالپرنی دو تولہ پیرشپ ٹرنی دو تولہ بن مونگا دو تولہ بن اوڑد دو تولہ کاکولی دو تولہ شیر کاکولی دو تولہ جیوک دو تولہ کرش بھک دو تولہ بنسلوچن دو تولہ مولسری کے پھول دو تولہ منقیٰ ایک سیر مصری ایک سیر۔

ان سب ادویات کو سولہ سیر پانی میں بھگو کر چوبیس گھنٹے بعد عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک ہے۔

قوت باہ

فوائد: عرق کلاں پورن چند جو قوت باہ کو بڑھاتا ہے اور ہر ایک اعضاء کو قوت پہنچاتا ہے۔

نسخہ: سفید پھول کی سانٹھی کی جڑ بیس تولہ' سیمل کا موصلہ بیس تولہ' ستاور دس تولہ' موچرس پانچ تولہ' تال مکھانہ پانچ تولہ' بیج بند پانچ تولہ' موصلی سفید پانچ تولہ' موصلی سیاہ پانچ تولہ' آم کے پھول پانچ تولہ' آم کا گوند پانچ تولہ' ثعلب مصری پانچ تولہ' اونٹگن کے بیج پانچ تولہ' کونچ کے بیج پانچ تولہ' بداری کند پانچ تولہ' چکنی سپاری پانچ تولہ' شقاقل مصری پانچ تولہ' آنولے پانچ تولہ' الائچی خورد دو تولہ' لونگ دو تولہ' دارچینی دو تولہ' سونف دو تولہ' بادام کی گری دس تولہ' پستہ پانچ تولہ' اخروٹ کی گری پانچ تولہ' مغز کدو پانچ تولہ' مغز خیارین چار تولہ' مغز تربوز چار تولہ' جائفل دو تولہ' جاوتری دو تولہ' چڑیوں کے انڈے چالیس عدد' مرغ کے انڈے بیس عدد' کچھوے کے انڈے بیس عددے' کپورے بیس تولہ' گوشت بکرے کا پانچ سیر' گوشت مرغ کا ایک سیر' گوشت بٹیر ایک سیر' زعفران ایک تولہ' مشک چھ ماشہ' بھینس کا دودھ سات سیر' مصری تین سیر۔

خشک ادویات کو سولہ سیر پانی میں 48 گھنٹے بھگوئے اور چڑیا کے انڈوں اور گوشت وغیرہ کو چالیس سیر پانی میں جوش کرے۔ جب دس سیر پانی باقی رہ جائے اس کو چھان کر یخنی نکالے اور بعد اس کے دودھ و مشک وغیرہ ملا کر عرق کشید کرے۔

خوراک: تین تولہ سے چار تولہ تک۔

ممسک و نافع قوت باہ

فوائد: عرق کام دوت جو قوت باہ کو پیدا کرتا ہے اور ممسک بھی ہے۔

نسخہ: آنولہ دس تولہ' بھنگ کے بیج پانچ تولہ' بداری ایک سیر' موصلی سفید دس تولہ' پستہ دس تولہ' منقیٰ ایک سیر' دودھ گائے کا چار سیر' مصری ایک سیر۔

ان سب ادویہ کو سولہ سیر پانی میں بھگو کر عرق کشید کرے۔

خوراک: چار تولہ سے پانچ تولہ تک مقرر ہے۔



عرقیات

